BANARAS

دنیا بھر میں تمام جنتریوں کی سرتاج

1967

# مارتنڈ عالم

## جنتری

نادرونایاب سالیانہ پیشنگوئیوں کا لب لباب. منبع علم و نجوم کا بے نظیر ذخیرہ نایاب

مصنف و مرتب

دیوگیہ رتن راج جیوتشی بھگات سنسٹیٹ پنڈت مکند بلبھ جیوتش آچاریہ کوراہی

مولف

مصنف

جنتری مارتنڈ پنچانگ وبھگ پنچانگ ودشدو متی تقویم کا





ملنے کا پتہ

موتی لال بنارسی داس

بکسیلرز پوسٹ بکس ۷۵

# دیباچہ

مرتب عالم جنتری شروع کرنے سے پیشتر ہم اس مالک المخلوقات پروردگار کو یاد کرتے ہیں جس کی نعمتیں زبان و قلم کی زد میں نہیں آسکتیں۔ پھر ان ۱۴ خزانہ علوم (۱۔ رگ وید ۲۔ یجروید ۳۔ سام وید ۴۔ اتھروید ان کے چھ انگ ۵۔ شکشا ۶۔ کلپ ۷۔ ویاکرن ۸۔ نرکت ۹۔ چھند ۱۰۔ جیوتش اور ۱۱۔ پران ۱۲۔ نیائے ۱۳۔ میمانسہ ۱۴۔ سمرتی) کے بنانے والے جن رشیوں کے قدموں میں شردھا پریم سے پھول ارپن کرتے ہیں۔ جنہوں نے بذریعہ علم اشرف المخلوقات انسان کے فرض منصبی (پروردگار سے ملاپ) کو کامیاب بنایا۔ پھر ان رشیوں کی بار بار یاد کر کے دل عقیدت سے لبالب اٹھتا ہے۔ جنہوں نے کُل برہمانڈ کی رفتار گردش کا حساب اپنے اپنے وقتوں میں درست بٹھا کر سدھانت گرنتھوں (۱۔ برہم سدھانت ۲۔ سوریہ سدھانت ۳۔ نارد سدھانت ۴۔ کشیپ سدھانت ۵۔ سورج سدھانت ۶۔ سوم سدھانت ۷۔ منو سدھانت ۸۔ انگرہ سدھانت ۹۔ برہسپتی سدھانت ۱۰۔ اتری سدھانت ۱۱۔ سوم سدھانت ۱۲۔ پلستیہ سدھانت ۱۳۔ وشسٹ سدھانت ۱۴۔ پراشر سدھانت ۱۵۔ ویاس سدھانت ۱۶۔ برگو سدھانت ۱۷۔ جیون سدھانت ۱۸۔ انگرگ سدھانت ۱۹۔ اپش سدھانت ۲۰۔ یاوش سدھانت ۲۱۔ یون سدھانت) میں بنیادی اصول برائے جیوتر گنت و تقویم سیارگان وغیرہ) قائم کر دیئے۔ چنانچہ یہ سدھانت شروت سُوتر ۱۔ آپستنب شروت سُوتر ۲۔ کاتیائن شروت سُوتر ۳۔ میتری اپنشد ۴۔ ویدانگ جیوتش ۵۔ ہیتاسہ سدھانت ۶۔ پاسکر گرہیہ سُوتر ۷۔ کاتیائن سُوتر ۸۔ گلا سنگنا ۹۔ ۱۰۔ دیک سدھانت بھی مختلف پراچین وقتوں میں سیارگان کو بذریعہ آبزرویشن دیکھ دیکھ کر پرانے سدھانتوں سے آئے فرق کو دور کر کے بعد بڑے بنانے لگے پھر آریہ بھٹ ۲۔ بھوج ۳۔ منتہ ۴۔ باورائیں ۵۔ برہم دت ۶۔ برہسپت ۷۔ سدھ ۸۔ ساروت ۹۔ وشنوگپت ۱۰۔ سنگھ اچاریہ ۱۱۔ لاٹاچاریہ ۱۲۔ چدمن ۱۳۔ جیاندت نے اپنے اپنے وقتوں میں اپنے سے سابقہ گرنتھوں کی گنت سے سیارگان کی پوزیشن آسمان پر بذریعہ آبزرویشن (ظاہرہ) نہ مل سکتی دیکھ کر درشیہ دسوکشم گنت کے گرنتھ بنائے۔ پھر ورا ہمراچاریہ نے پنچ سدھانت کا ۲۔ سنگھ راج نے دیوگیہ کام دھینو ۳۔ آریہ بھٹ نے آریہ بھٹ سدھانت ۴۔ برہم گپت نے برہم سپھٹ سدھانت ۵۔ آریہ بھٹ نمبر ۲ نے مہا سدھانت ۶۔ بھاسکر آچاریہ نے سدھانت شرومنی ۷۔ منیشور نے سار بھوم سدھانت ۸۔ کملاکر بھٹ نے تتو وویک ۹۔ کیشو نے گرہ کوتک وغیرہ گرنتھ اپنے اپنے وقتوں میں آسمان پر سیارگان کی ظاہرہ پوزیشن دیکھ کر لکھے۔ دیوگیہ کیشو سے ساٹھ سال بعد ہی سمت ۱۵ بکرمی میں اس کے فرزند گنیش دیوگیہ نے اپنے والد و سابقہ سب گرنتھوں کی گنت متعلقہ تقویم سیارگان بار بار آبزرویشن میں آسمان پر درست نہ اترتی دیکھ کر گرہ لاگھو نام کا گرنتھ نہایت آسان گنت کے قاعدوں سے سوکشم گنت آبزرویشن میں آسمان پر درست بیٹھنے والی) کا بنایا۔ جس سے اس وقت آج سے چار صد برس پیشتر) سیارگان کی پوزیشن آسمان پر درست دکھائی دیتی تھی۔ گنیش سے ایک صد گیارہ برس بعد شوناتھ جیوتشی نے گرہ لاگھو کی گنت میں فرق آتے جانچ کر بذریعہ بیج سنسکار سیارگان کی پوزیشن درست بتلائی۔ لیکن آج آبزرویشن نہ تو گرہ لاگھو کی گنت سے نہ شوناتھ کے دیئے گئے بیج سنسکار سے ہی سیارگان کی پوزیشن آسمان میں درست دکھائی دیتی ہے۔ برہسپتی شکر کا طلوع و غروب سورج چاند گرہن بھی درست نہیں اترتے مکرند نامی ایک جیوتشی نے سورج سدھانت کی گنت کے فن بھگ سیارگان کی پوزیشن کو بتلانے کے لئے مکرند سارنی نام کی کتاب بنائی۔ اس سے گنت بہت جلد ہو جاتی ہے۔ چنانچہ آج کل عام جنتریاں اس کی گنت سے ہی چھپ رہی ہیں۔ لیکن اس کو آبزرویشن سے کوئی واسطہ نہیں۔ اس سے تو گرہ لاگھو کی گنت سے بنی جنتریوں کے سیارگان کی پوزیشن زیادہ سوکشم نکلتی ہے۔ تقویم سیارگان پر ہی سارے پھلت جیوتش کا انحصار ہے جب جنتری میں دی گئی سیارہ کی پوزیشن پر وہ سیارہ دکھتا نہیں۔ تو پھل وغیرہ پیشنگوئی بابت دنیا پر اثر) کیا خاک ملیگا؟ یہی بڑی وجہ ہندوستانی جیوتشیوں کے بار بار پھلادیش (پیشنگوئیاں) غلط ہو نے اور پشیمانی اٹھانے کی ہے۔ اسی وجہ سے لوگوں کی شردھا وید کے اس پوتر انگ جیوتش سے اٹھتی دکھائی دیتی ہے۔ اہل مغرب نے چند صدیوں میں ہی جیوتش میں حیرت انگیز ترقی کی ہے چنانچہ سیارگان کی پوزیشن ان کی جنتریوں کے مطابق آسمان پر بالکل درست نظر آتی ہے۔ پیشنگوئیاں کرنے میں ان کے تجربوں کی رفتار آج نہایت تیز ہے۔ جہاں کبھی ہندوستان نے اس علم میں ترقی پا کر دنیا کی نظروں میں وہ اعلیٰ پوزیشن پائی تھی۔ کہ جس کی مثال آج تک کوئی دوسرا ملک پیش نہ کر سکا یہاں کا آٹھ سال کا بچہ دیگر ممالک میں گورو (Teacher) کی حیثیت سے پوجا جاتا تھا۔ بعض بزرگ اسی علم کے بل پر جو منہ سے کہتے تھے وہی درست ثابت ہو جاتا تھا۔ وہاں آج وہ سب کرشمہ اہل یورپ لئے جا رہے ہیں۔ زبردست گورنمنٹیں ان کی مدد پر ہیں۔ ہندوستانی طریقہ گنت دپھلت سے ہی نئی معلومات کر کے اسے اپنی ایجاد کردہ سائنس کا نام دے کر دنیا کو حیرت میں ڈال کر لاانتہا فائدہ اٹھا رہے ہیں۔ پھلت (پیشنگوئیاں وغیرہ) کو درست بتلانے سے پیشتر اس کی بنیادی گنت (تقویم سیارگان) کو پختہ کرنا (آسمان میں سیارہ کی درست پوزیشن لانا) از بس ضروری ہے۔ انہیں سیارگان کا اثر ٹھیک وقت پر دنیا پر درست ملیگا۔ جو ہمیں آسمان میں درست پوزیشن میں دکھائی دے رہے ہیں ان سب باتوں کو مدنظر رکھ کر ہمارے گورو پوجیہ پرنسپل گووند سدا شو آپٹے ایم۔ اے۔ بی۔ ایس۔ سی (مرحوم) سابقہ پرنسپل وکٹوریہ کالج اجین میں سپرنٹنڈنٹ کی حیثیت سے کئی برسوں لگاتار آبزرویشن کر کے آسمان میں درست بیٹھنے والی سیارگان کی پوزیشن کو پراچین سدھانتوں کے اصولوں میں ہی ترمیم کر کے "سروآنند کرن" نام کا ایک گرنتھ بنایا ہے اہل مغرب کے مقابلہ میں ہندوستان آج اس گرنتھ پر فخر کر سکتا ہے۔ تقویم طلوع و غروب سیارگان و گرہن وغیرہ کئی بار کے آزمائے ہوئے ہیں۔ ایک منٹ کا بھی فرق نہیں پڑتا چنانچہ ناظرین عالم جنتری کی تقویم سیارگان اسی گرنتھ سے بنائی گئی ہے۔ معزز جیوتشی صاحبان ان کا اثر جنم پتری ورشن پھل برشن وغیرہ میں اور شکر و برہسپتی کے طلوع و غروب کا اثر شادی وغیرہ کاموں میں آزمائیں۔ اور تجربہ کریں۔ امید ہے۔ آپ جنتری ہذا کو سمجھ کر اپنے عزیز دوستوں کو سمجھا کر اس کے خریدار بڑھانے کا نیک کام اپنے ذمے لیتے ہوئے ہمیں مشکور فرمائینگے۔ تاکہ آئندہ سال بڑھیا سے بڑھیا کام پیش کر سکیں۔

آپ کا شبھ چنتک


علم دیکھو کا بھرا اس میں کمال ہے۔
بڑھتا ہے شوق سے ہر ایک بھارت کا لال ہے

جو پاریوں کو کر دیا اس نے نہال ہے۔
یہ اچھی جنتری ہی سب کا خیال ہے


راج جیوتشی پنڈت مکند لال جیوتش آچاریہ کورالی (پنجاب)

# آسمانی کونسل کا وچار بابت سمت ۲۰۲۴ بکرمی

آزاد بھارت کی چلت کنڈلی




آزاد بھارت کی جنم کنڈلی




بھارت کے علاقوں کی اچھائی برائی جاننے کے لئے کورم چکر


| | | |
|---|---|---|
| ریوتی۔ اشونی۔ بھرنی<br>دہلی۔ ہردوار۔ کروکشیتر | آردرا۔ پنروسو۔ پکھ<br>پنجاب۔ گوڑ۔ مگدھ | اسلیکھا۔ مگھا۔ آسام۔ بنگال۔ بہار<br>پوربا پھالگنی۔ کلنگ |
| شت بھکھا۔ پوربا بھادر پتا۔ اترا بھادر پدا<br>نیپال۔ کشمیر۔ کیدار کھنڈ | کرتکا۔ روہنی۔ مرگشرا<br>ساکیت۔ پنچالا۔ کوشمبی | اترا پھالگنی۔ ہست۔ چترا<br>کشکندھ۔ مہندر۔ دردر |
| اترا۔ کھاڑا۔ شرون<br>دھنیشٹا۔<br>گجرات۔ ریگستان۔ سرحدی علاقے | جیشٹھا۔ مولا۔ پوربا کھاڑھ<br>مالوہ۔ اجین۔ سندھ۔ سوراشٹر | سواتی۔ وشاکھا۔ انورادھا۔<br>کچھ۔ ناسک۔ کونکن۔ مہاراشٹر |

جس طرح جمہوری ملکوں میں چنا ہوئے وزیر اعظم وغیرہ ہیں اور ان کی کی گئی اچھائی برائی پر ملک کی ترقی منحصر ہے۔ اسی طرح آسمانی کونسل میں ہر سال راجہ۔ وزیر وغیرہ گرہوں کی اچھائی۔ برائی پر سنسار میں الٹ پھیر منحصر ہے۔ جیوتش شاستر کے حساب سے مستقبل کے حالات کافی پہلے ہی جانے جا سکتے ہیں۔

**سنسار کا مستقبل** ہندوستان اور دوسرے ملکوں کی اس سال کی ورش پرویش کنڈلیوں کو دیکھ کر معلوم ہوتا ہے کہ یہ سال مشرق جنوبی ایشیاء کے لئے مصیبتوں سے بھرا ہوا ہے۔ سنیچر۔ راہو۔ اور منگل کی پوزیشن کی وجہ سے رعایا میں جھگڑے بڑھیں گے۔ بڑے ملکوں میں آپسی ان بن بڑھنے اور ایک دوسرے پر بھروسہ کم ہونے کا خطرہ ہے خفیہ طور پر خطرناک استر۔ شستر بنتے رہیں گے۔ سنیکت راشٹر سنگھ بھی الجھنوں کو سلجھا نہ سکے گا۔ بڑے ملکوں کی آپسی ٹکر سے سنسار میں کافی الٹ پھیر ہو۔ سال کے درمیان میں کسی مغربی ملک میں سرکار بدلنے اور جانی نقصان ہونے کا خطرہ ہے ۱۴؍ اگست سے ۱۵؍ ستمبر کے اندر کسی بڑے آدمی کی موت سے شوک پیدا ہو۔ ۱۹۶۸ء تک کافی بدامنی اور جانی مالی نقصان کے بعد سنسار میں پوری شانتی ہو جائیگی۔ سبھی ملکوں کی سیاست میں خاص الٹ پھیر ہوں گے۔

**بھارت** اس سال کی آزاد بھارت کی ورش پرویش کنڈلی اور سیارگان کی پوزیشن کے مطابق معلوم ہوتا ہے کہ بھارت کے مالی حالات کمزور ہی رہیں گے۔ شنی کی پوزیشن کے مطابق پتہ چلتا ہے کہ کھادیہ سمسیہ حل نہیں ہو سکے گی۔ سال کے پہلے آدھے حصے اور دوسرے حصے کے شروع میں بھارت کی مشرقی اور مغربی سرحدوں سے خطرہ اور بدامنی کے یوگ بنتے ہیں۔ سال کے دوسرے حصے میں بنگال اور بہار میں روگوں سے جانی نقصان ہو۔ پھاگن کے بعد جنوبی بھارت میں بھی رعایا میں ڈر پیدا ہو۔ اور کسی بڑے آدمی کا انتقال ہو۔ ۱۹۶۸ء میں شنی اور راہو میں ہیں اس لئے ان دنوں رعایا میں خطرہ بڑھے۔ بھارت کی آزادی کے اندرونی و بیرونی دشمن سمت ۲۰۲۳ کے ماہ پوہ سے سمت ۲۰۲۶ تک

## آزاد بھارت کے اکیسویں برس پرویش کی کنڈلی




خفیہ طور پر نقصان پہنچانے کی کوششیں کرتے رہینگے۔ ان دو تین سالوں کے درمیان بھارت سرکار کو ان دشمنوں سے کافی پریشانی رہیگی۔ سمت ۲۰۲۶ کے بعد ان کی چالیں نہ چل سکیں گی۔ بھارت سرکار مشکلات کو پار کر کے آزادی کو قائم کرنے میں سپھل رہیگی۔

### بھارت سرکار

اس سال بھارت سرکار کو کافی کٹھنائیوں اور نئی نئی الجھنوں کا سامنا کرنا پڑیگا۔ کئی خلاف پارٹیاں سرکار کے برخلاف چلیں۔ پارٹیوں سے آپسی سمجھوتے بھی ختم ہوں۔ کیندریہ سرکار کو تینوں صوبوں کے منتری منڈلوں کی حرکتوں سے کافی کٹھنائیوں کا مقابلہ کرنا پڑے۔ سال کے شروع میں ہی کشمیر کی بابت نیتی میں اچانک تبدیلی کرنی پڑیگی۔ کسی بڑے آدمی کو اپنا عہدہ چھوڑنا پڑیگا۔ کہیں اچانک راشٹرپتی کا شاسن لاگو کرنا پڑے۔ بھادوں سے لیکر پوہ تک دشمن ملک اور ان کے خفیہ ایجنٹوں سے نقصان ہونے کے یوگ ہیں۔ اس لئے اس سمے سرکار کو ساودھان رہنا چاہیئے۔ ۲۴ اگست سے ۱۵ اکتوبر تک کسی بڑے آدمی کی موت سے شوک پھیلے۔ ۹ فروری ۱۹۶۸ء (ماگھ شدی نومی) سے شنی۔ منگل۔ راہو۔ تینوں ایک راسی میں ہیں جو راجہ پرجا کو خطرہ دینے ہیں۔

### بھارت کی بارش اور آب وہوا

اس سال بہت جگہ اکثر کھنڈ برشٹی ہونے کے یوگ ہیں۔ بجلی اور ہوا کا زور زیادہ رہے۔ بہت جگہ ۵ جولائی سے ۲ اگست کے درمیان ورشا شروع ہو جاوے اور کسان اپنے کام میں لگ جائیں۔ کئی جگہ ان دنوں بارش کی کمی ہی رہے گی۔ ۲ اگست کے بعد اکثر جگہ بارش ہونے سے اناج اچھی ہو۔ کئی استھانوں میں باڑھوں سے مکانوں کو نقصان پہنچے۔ سمندر کے کنارے کے علاقوں میں طوفانوں سے کافی نقصان ہو۔

## آکاشی کونسل کا دوسرے ملکوں پر اثر

### امریکہ

تجارتی دھندوں میں مندی کا ماحول بنے۔ پردھان نیتا کی صحت کے لئے اور دوسری الجھنوں کے خیال سے سال اچھا نہیں رہے گا۔ خاص وجوہات کے باعث عہدہ چھوڑنے تک کی نوبت آئے۔

### روس

یہاں کے شاسن میں کچھ تبدیلی آنے کے یوگ ہیں۔ اس دیس کی سیاست کی بابت دوسرے ملکوں کے سیاست دان طرح طرح کے اندازے لگائیں گے۔ لیکن اس دیس کی سیاست خفیہ ہی رہیگی کوئی نیا آدمی سیاست میں آوے گا۔ چین سے تعلقات پہلے جیسے ہی رہیں گے۔

### چین

اس سال میں اس دیس میں کسی بڑے عہدے کے بڑے آدمی کی بے عزتی ہو یا اسے اپنے عہدے سے الگ ہونا پڑے۔ یہاں کے سیاست دانوں کو کئی کٹھنائیوں کا سامنا کرنا پڑے۔ کہیں اندرونی بدامنی ہو۔ جاپان سے سمبندھ خراب ہوں۔

### پاکستان

یہاں کی رعایا سرکار کی سیاست کی وجہ سے خوش نہ رہے۔ اور شاسکوں کو رعایا کے اوپر دباؤ بھی ڈالنا پڑے۔ مشرقی پاکستان کے لئے کچھ نئی نیتی اپنانی پڑے۔ سال کے پہلے آدھے میں اس دیس کے رہنے والے دوسرے مذہب کے لوگوں کو خطرہ ہے۔ بھارت سے ان بن جاری رہے۔ ۱۹۷۰ء کے لگ بھگ اس دیش کو خطرہ ہے۔

### افریقہ

اس سال مغربی افریقہ میں آپسی جھگڑوں سے جانی و مالی نقصان ہوں۔ یہاں کے جھگڑوں کا اثر پر کافی اثر پڑے۔ یہاں کے بڑے نیتا پر گھات، یوگ بنتا ہے۔

### کشمیر

اس سال رعایا کو [illegible] بدھ گراہ ریکھا کے ساتھ جگہ تبدیلی کے یوگ بنتے ہیں۔ سال کے شروع میں اندرونی گڑبڑوں سے بدامنی رہے۔ اس لئے سرکار کو خاص طور سے چوکس رہنا چاہیئے۔ سرکار کے خلاف اندرونی و بیرونی طور سے سازشیں چلتی رہیں۔ اور سرکار کو ان سازشوں پر قابو پانے کے لئے کئی جگہ پر زبردستی بھی کرنی پڑے۔ ۱۹ اپریل کے بعد یہاں کی رعایا میں پھوٹ ڈالنے اور اپدروں کا خطرہ ہے۔

## آسمانی کونسل کا تجارت پر اثر

اس سال کے کھیہ ادھکاری اور تجارت کے سوامی بدھ کی چال کو دیکھتے ہوئے معلوم ہوتا ہے کہ یہ سال اناج کے لئے تیزی کا ہی رہے گا۔ فصل کے نکلتے ہی خرید کرنے پر گرہستی لوگ بے فکر ہوں اور بیوپاریوں کو آگے فائدہ رہے۔ اناج کا جو بھاؤ سال کے شروع میں ہوگا۔ آگے پھر نہیں ملے گا۔ بادھ شدی میں بدھ کا اودے ہونا اور ساون میں شکر کا است ہونا اناج میں کافی تیزی بتلاتا ہے۔ اس سال بھارت اور یورپ کے بازاروں میں تجارتی چیزوں کے بھاؤ کے اتار چڑھاؤ بہت رہینگے تیل۔ ارنڈ۔ کالی مرچ اور کھانڈ وغیرہ میں پچھلے سال کی نسبت کافی تیزی رہیگی۔ کئی چیزیں باہر سے بھی منگوانی پڑیں گی۔ اسوج سے پہن میں دھیرے دھیرے مندی آئیگی۔ ہاڑ شدی سنمتی سے گھی اور تیل میں تیزی آسے۔ اس کے بعد ساون شدی ترودشی سے یہ چیزیں مندی ہوں۔ ریشمی کپڑوں میں بھی ان دنوں مندی آسے۔ بھادوں میں چاول۔ ارد۔ گھی اور تیل تیز ہوں۔ ساون بدی چودھ میں شیئروں میں تیزی چلے گی۔ بھادوں شدی میں ناریل اور ریشم تیز ہوں۔ ۲۳ مئی سے روئی میں تیزی آئیگی۔ پھر جولائی کے درمیان سے اکتوبر تک روئی میں مندی چلے لیکن بیچ میں ۵ ستمبر سے ۱۵ دن کے اندر روئی میں کچھ سے تیزی بھی آئیگی۔

اس سال سونے کا بھاؤ اکثر تیز ہی رہے گا۔ بھادروں بدی کے بعد سونے میں مندی کا جھٹکا آئے۔ پوہ مہینے میں بھاری گھٹا بڑھی چل کر آخر میں تیزی رہے۔ تانبہ۔ چاندی۔ لوہا کے بھاؤ کافی بڑھیں گے۔

۱۴ ستمبر کے بعد السی۔ اور ارنڈ مندے ہوں۔ ۲۱ دسمبر کے لگ بھگ برتنوں کا سٹاک کرنے سے ۹ ماہ بعد فائدہ ہو۔

اس سال مونگ پھلی اور سرسوں کی جیسی فصل ہوگی ویسا مال نہیں نکلے گا۔

**صاحبان** دنیا کے اس سال ہونے والے راشٹریہ اور انتر راشٹریہ معاملوں میں جیوتش شاستر کے خیال سے اور پرماتما کی کرپا سے جو نیک و بد حالات نظر آئے وہ حاضر خدمت ہیں۔ لیکن کرنہار اور کراونہار خود بھگوان ہیں۔ اس کی قدرت اور مایا کے سامنے حقیر کیا پیشگوئی کر سکتا ہے۔

**شبھ چنتک۔ راج جیوتشی پنڈت مکند بلبھ شرما کوالی**

## آگے مہان یدھ کا خطرہ کب؟

بہت سے سجن ہم سے پوچھتے ہیں کہ آئندہ مہان یدھ ہوگا کہ نہیں۔ اس سوال کا جواب جوتش شاستر کے مطابق سیارگان کی پوزیشن کے خیال سے لکھتے ہیں۔ خیال رہے ہم نے پچھلے مہان یدھ کے پہلے سمت ۱۹۹۶ کے سری مارتنڈ پنچک پیج ۲۸ پہ آسمانی کونسل کے وچار میں صاف لکھا تھا۔ لکھے کے مطابق ہی یہ مہان یدھ ہوا تھا۔ اب آئندہ ایسا ہی یوگ سمت ۲۰۲۶ اسوج شدی میں شروع ہوتا ہے۔ اس سے ایک دوسرے کی راشیاں (مکر اور میکھ) میں ہوں گے اور وے ایک دوسرے کو بری نگاہ سے دیکھیں گے بھی۔ یہ دونوں ناس گرہ ہیں اس لیے سنسار میں سمجھوتے ٹوٹیں اور لڑائی کی آگ بھڑکے۔ اس لڑائی میں طاقتور ملکوں کے گھمنڈ چکنا چور ہو جائیں گے۔ اس لڑائی میں دوستی والے ملکوں میں بھی اچانک دشمنی آجانے کا خطرہ ہے۔ بکرم سمت ۲۰۲۶-۲۷ کا وقت سنسار کی تاریخ میں یادگار رہے گا۔ اس یوگ کے بعد سنسار میں شانتی کا ماحول ہے۔ جوتش شاستر کی سہایتا سے جو کچھ معلوم ہوا ہے وہ صاف لکھ دیا ہے۔ سب کچھ جاننے والے تو بھگوان ہی ہیں۔

## سنیچر کی ساڑھ ستی اور ڈھیا

سمت ۲۰۲۴ بکرم میں سارے سال شنی مین میں رہے گا۔ سمت ۲۰۲۳ مگھر شدی سپتمی سوموار (۱۹ دسمبر سنہ ۱۹۶۶ء) کو شنی مین میں آرہا ہے۔ اس وقت چندرما مین راشی میں ہے۔ اس لئے کس راشی کو کس پائے پر ساڑھ ستی ڈھیا ہوویگی یہ نیچے لکھا جاتا ہے۔

میکھ۔ ساڑھ ستی سر پر لوہے کے پائے محنت کرواتی ہے۔ نقصان دیہہ ہے۔

سنگھ۔ ڈھیا لوہے کے پائے محنت کرواتی ہے۔ نقصان دیہہ ہے۔

دھن - ڈھیا لوہے کے پائے محنت کرواتی ہے۔ نقصان دیہہ ہے۔
کنبھ - ساڑھ ستی پیرول پراتری - چاندی کے پائے کچھ فائدے مند ہے
مین - ساڑھ ستی دل پر سونے کے پائے نقصان مند ہے۔

سال میں راہو کا اچھا برا پھل ـــ اس سال راہو پوہ شدی اکادشی سے میکھ میں رہے گا۔ جو کہ میکھ برکھ۔ کنیا مکر۔ مین راشی والوں کے لئے نقصان دائیک ہے۔ اس کے بعد راہو مین میں آئیگا جو کہ۔ مین۔ میکھ۔ سنگھ۔ دھن اور کنبھ راشی والوں کے لئے دکھ دینے والا ہے۔ اگر راہو خراب ہو تو ہر ایک مہینے کے پہلے بدھوار کی رات کو تیل سے پکی چیزیں دان کریں۔

## گرہن سنہ ۱۹۶۷ء

**سورج گرہن** (۱) ۹ر مئی ۱۹۶۷ء (۲) ۲ر نومبر سنہ ۱۹۶۷ء یہ دونوں گرہن ہندوستان میں دکھائی نہیں دینگے۔

**چاند گرہن** (۱) چوڑامنی کھگراس چندر گرہن ۲۴ر اپریل سنہ ۱۹۶۷ء (چیت شدی پورنماشی سوموار) اس گرہن کے شروع اور ختم ہونے کے ٹائم نیچے دیئے گئے ہیں۔

گرہن شروع دن کے ۳ بجکر ۵۵ منٹ (انڈین سٹینڈرڈ ٹائم)
کھگراس شروع دن کے ۴ بجکر ۵۷ منٹ (انڈین سٹینڈرڈ ٹائم)
گرہن کا درمیان شام ۵ بجکر ۳۶ منٹ (انڈین سٹینڈرڈ ٹائم)
کھگراس ختم شام ۶ بجکر ۱۶ منٹ (انڈین سٹینڈرڈ ٹائم)
گرہن ختم رات ۷ بجکر ۱۸ منٹ (انڈین سٹینڈرڈ ٹائم)

یہ گرہن ہندوستان میں گرستودت ہوگا۔ یعنی چاند کے طلوع کے وقت گرہن لگا ہوا ہوگا۔ اس گرہن کا ویورا جاننے کے لئے نیچے دیئے گئے نقشے میں نوٹ ع۱ پڑھیں۔

اس گرہن کا سوتک ۲۴ر اپریل کے آفتاب کے طلوع ہونے سے پہلے ہی شروع ہو جائیگا۔

**راشی پھل** یہ گرہن سنگھ۔ برکھ۔ مکر اور دھن راشی والوں کے لئے اچھا اور کنیا۔ میکھ۔ کنبھ اور متھن راشی والوں کے لئے درمیانہ ہے۔ تلا۔ کرک۔ مین اور برشچک راشی والوں کے لئے اشبھ ہے۔ جن کا جنم چھتر سواتی ہے۔ ان کے لئے یہ گرہن خاص نقصان دیہہ ہے۔ شانتی کے لئے بھجن کریں۔ سونا۔ وستر دان کریں۔

**اور پھل** کچھ دیش میں رعایا کو تکلیف بارش میں کمی ہو۔ کسی اونچے عہدے کی عورت کے آفت میں آنیکا خطرہ ہے۔

(۲) چندر گرہن ۱۸ر اکتوبر سنہ ۱۹۶۷ء (اسوج شدی پورنماشی بدھوار) اس گرہن کے شروع اور ختم ہونیکے ٹائم نیچے دیئے گئے ہیں


گرہن شروع دوپہر ایک بجکر ۵۵ منٹ (انڈین سٹینڈرڈ ٹائم)
کھگراس شروع دن میں ۳ بجکر ۱۵ منٹ ( " " " )
گرہن درمیان دن میں ۳ بجکر ۴۵ منٹ ( " " " )
کھگراس ختم دن میں ۴ بجکر ۱۵ منٹ ( " " " )
گرہن ختم شام ۵ بجکر ۳۵ منٹ ( " " " )

یہ گرہن پنجاب۔ ہماچل پردیش اور دہلی وغیرہ میں نہیں دکھائی دیگا۔ اس لئے ان علاقوں میں اس گرہن کا پرب نہیں منایا جائیگا۔ ہندوستان کے کئی علاقوں میں طلوع کے وقت چاند کو گرہن لگا ہوا ہوگا۔ زیادہ جانکاری کے لئے نیچے دیئے نقشہ میں نوٹ ع۲ دیکھیں۔

اس گرہن کا سوتک ۱۸ر اکتوبر کو سورج طلوع ہونے سے پہلے ہی شروع ہو جائیگا۔

**راشی پھل** یہ گرہن ۔کنبھ ۔ برشچک ۔ کرک اور متھن راشی والوں کے لئے فائیدہ مند ہے ۔ مین ۔ تلا ۔ سنگھ اور دھن راشی والوں کے لئے درمیانہ اور میکھ ۔ مکر ۔ کنیہ ۔ برکھ راشی والوں کے لئے نقصان دیہہ ہے ۔ اشونی جنم نچھتر والوں کے لئے خاص نقصان دیہہ ہے ۔

اور پھل ۔ کپاس ۔ سوت اور روئی تیز ہو ۔ رعایا میں چوروں اور آگ کا ڈر ہے ۔ سینما پتیوں کو آفتوں کا سامنا کرنا پڑے ۔




نوٹ (نمبر ۱) ۲۴ اپریل والا چاند گرہن A اور B لائین کے دائیں طرف کھگراس کی شکل میں A B اور D C لائینوں کے درمیان کھنڈ گراس کی شکل میں دکھائی دیگا یہ گرہن C D لائن کے بائیں طرف کے علاقوں میں دکھائی نہیں دیگا ۔

نوٹ (نمبر ۲) ۱۸ اکتوبر والا چاند گرہن صرف K H لائن کے دائیں طرف والے علاقوں میں کھنڈ گراس کی شکل میں دکھائی دے گا ۔

گنت کرتا :-

پریہ ورت شرما M.A

ـکشی دھر شرما M.SC.

# سال میں تیزی مندی اور بھلا بُرا جاننے کا طریقہ

ہاڑ ماہ کی پورن ماشی کے دن وایو پریکشا کرنے کے لئے شام کے وقت کسی مندر میں پوتر آسن پر مشرق کی جانب منہ کر کے بیٹھیں اور شکونی ترازو کی دھوپ دیپ سے پوجا کر کے نیچے لکھے منتر سے سات دفعہ چھو کر ابھی منترت کریں۔ منتر یہ ہے۔

स्तोतव्या मन्त्र-योगेन सत्या देवी सरस्वती ।
दर्शयिष्यसि यत्सत्यं सत्ये सत्य व्रता ह्यसि ॥
येन-सत्येन चन्द्रार्कौ ग्रहाः ज्योति र्गणास्तथा ।
उत्तिष्ठन्तीह पूर्वेण पश्चादस्तं व्रजन्ति च ॥
यत्सत्यं सर्व-वेदेषु यत्सत्यं ब्रह्मवादिषु ।
यत्सत्यं त्रिषु लोकेषु तत्सत्यमिह दृश्यताम् ।
ब्रह्मणो दुहिताऽसि त्वमादित्येति प्रकीर्तिता ।
काश्यपी गोत्रतश्चैव नामतो विश्रुता तुला ॥

اس کے بعد ترازو کے دائیں پلڑے میں سونے کی مہر یا ایک تولہ بھر چاندی کا بٹہ رکھیں اور شمال کی طرف کے پلڑے میں گندم مکی۔ اڑد مونگ۔ باجرہ۔ جو۔ چاول وغیرہ اناج اور بنولے۔ سرسوں۔ تل۔ سندھا نمک۔ کپاس۔ توری وغیرہ سبھی تجارتی چیزوں کو اطاعت کے ساتھ تول کر الگ الگ رکھیں پھر انہیں کپڑے کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑوں میں علیحدہ علیحدہ باندھ لیں۔ اسی طرح کوئیں کا پانی۔ جھرنے کا پانی اور تالاب کا پانی تین شیشی میں نشان لگا کر تول لیں۔ گائے۔ بھینس۔ گھوڑا۔ بکری وغیرہ کی قیمتوں میں سال کے اندر آنے والے اتار چڑھاؤ جاننے کے لئے ان کے بال اور ہاتھی کے لئے ہاتھی کے دانت تول کر رکھیں۔ براہمن وغیرہ ہمانیوں۔ روس۔ امریکہ وغیرہ دیشوں اور مشرق وغیرہ دشاؤں۔ چیت وغیرہ مہینوں کے لئے خالص موم پر الگ الگ نشان لگا کر تول کر رکھیں۔ ایسے ہی اپنے دیش کے مکھیہ سیاست دانوں اور ملک کی تمام رعایا کے لئے پیلی مٹی پر نشان لگا کر تولیں۔ اسی طرح کالی مٹی پر چوہا۔ ٹڈی اور پرندوں کے فرضی نشان لگا کر تولیں۔ اس کے بعد ان سب چیزوں کو صاف کورے گھڑے میں رکھ کر اوپر سے ڈھک دیویں شام کی پوجا کے بعد اس گھڑے کو مندر میں بھگوان کے چرنوں میں رکھ دیں دوسرے دن صبح ان سبھی چیزوں کو وایو رہت جگہ پر بڑے دھیان سے نکال کر الگ الگ پھر تول لیں تو منتر کے اثر سے کوئی چیز کم اور کوئی چیز زیادہ اور کوئی پہلے جیسی ہی رہیگی اس کمی بیشی کا حساب جوار کے دانوں سے کرنا چاہیئے۔ اس وقت تولنے میں جو چیز کم ہو جاتی ہے اس میں اس سال تیزی رہے اور جس چیز کا تول نہ بڑھے اور نہ گھٹے تو وہ چیز کے بھاؤ میں خاص اتار چڑھاؤ نہیں ہوگا۔ اس طرح کوئیں کا پانی بڑھے تو برسات کم ہو اور اگر جھرنے کا پانی بڑھے تو فصلوں کے لائق درمیانہ بارش ہو اور اگر تالاب کا پانی بڑھے تو اس سال اس دیش میں زیادہ بارش ہو اور اگر تینوں کا پانی کم ہو جاتے تو بارش نہ ہو اور قحط پڑے جس سیاست داں کے لئے جوار کے دانے بڑھیں اس کی ترقی ہو۔ لیکن اس کے برخلاف اگر یہ دانے کم ہوں تو نقصان رہے۔ رعایا کی پیلی مٹی کا کن بڑھے تو امن چین رہے۔ اور اگر کن کم ہوں تو رعایا میں روگ یا لڑائی وغیرہ سے نقصان ہو۔

نوٹ:- جوتشی اور بیوپاری لوگ اوپر لکھے طریقہ سے اچھا فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔ جس چیز کا اتار چڑھاؤ جاننے کی خواہش نہ ہو تو اس کے نشان کو نہ تولیں۔

## شکونی ترازو بنانے کا طریقہ

دھان وغیرہ تولنے کے لئے ترازو کی ڈنڈی خالص چاندی یا کھیرا کی لکڑی سے بارہ انگل لمبی بنائیں۔ اس کے دونوں پلڑے چاندی کے چھ چھ انگل چوڑے اور چاروں کونوں میں دس دس انگل کی چار ڈوریاں لگا دیں اور ڈنڈی کے درمیان میں پکڑنے کے لئے چھ انگل کی ریشمی ڈوری ڈالیں۔ ایسے ترازو نہ بنا سکنے پر صحیح کانٹے پر تولیں۔ دھیان رہے کہ اوپر لکھے منتروں کا اپاسک ہو۔ اگر عام آدمی بھی اوپر لکھے طریقے کو برتے تو بھی پھل کافی صحیح اترتا ہے۔ یہ تجربہ شدہ چیز ہے

# زیادہ سے زیادہ کتنی کنڈلیاں بن سکتی ہیں؟

لیکھک: شکتی دھر شرما ایم اے سی شاستری جیوتش آچاریہ

یہاں ہم ستیارگان کی پوزیشن کے مطابق کتنی کنڈلیاں بن سکتی ہیں اس سوال کو سنیوگ کرم سنچیہ (PERMUTATION AND COMINATION) کے حساب سے حل کر کے دکھاتے ہیں۔

حساب شروع کرنے سے پہلے فرض کیجیے کہ کنڈلی میں میکھ لگن ہے۔ پہلے ہم اس طرح کی سبھی کنڈلیوں کی تعداد دیکھتے ہیں۔ سورج کا پوزیشن کے مطابق اس (میکھ لگن والی) کنڈلی کی بارہ شکلیں بنیں گی ان بارہ کنڈلیوں میں سے ہر ایک کنڈلی کی منگل کی پوزیشن کے لحاظ سے بارہ بارہ شکلیں بنیں گی۔ یعنی سورج اور منگل دونوں گرہوں کی پوزیشن کے خیال سے ۱۲×۱۲ = ۱۴۴ قسمیں ہوں گی۔ ان ۱۴۴ کنڈلیوں سے ہر ایک کنڈلی کی برہسپت کی پوزیشن کے خیال سے پھر بارہ بارہ قسمیں بنیں گی۔ اس طرح سورج منگل اور برہسپت کے خیال سے ۱۲×۱۲×۱۲ = ۱۷۲۸ قسمیں ہوں گی اس طرح یہ صاف ظاہر ہے کہ سورج، منگل، چاند، برہسپت، سنیچر اور راہو کی پوزیشن کے خیال سے میکھ لگن والی کنڈلیوں کی ۱۲^۶ قسمیں ہوں گی۔ کیتو راہو سے ہمیشہ ۱۸۰ درجہ پر رہتا ہے۔ یعنی راہو کی پوزیشن سے کیتو کی پوزیشن اپنے آپ ہی معلوم ہو جاتی ہے اس لئے کیتو کی پوزیشن کے خیال سے اوپر کی کنڈلیوں کی تعداد میں کوئی فرق نہیں پڑے گا۔ اس لئے ہم یہ کہہ سکتے ہیں کہ سورج، چاند، منگل، برہسپت، سنیچر، راہو اور کیتو کی پوزیشن کے خیال سے میکھ لگن والی کنڈلیوں کی تعداد = ۱۲^۶ ہوگی۔

بدھ کا سورج سے زیادہ سے زیادہ فاصلہ (GREATEST ELONGATION) ۲۸ ہوتا ہے اس لئے یا تو بدھ سورج کے خانے میں ہو سکتا ہے یا ایک خانہ آگے پیچھے یعنی ہر ایک سورج کی پوزیشن کے لئے بدھ کی تین پوزیشن ہوں گی۔ اس لئے اوپر دیئے گئے پوزیشن میں سورج، چاند، منگل، برہسپت، بدھ، سنیچر، راہو اور کیتو کی پوزیشن کے خیال سے میکھ لگن والی کنڈلیوں کی تعداد ۱۲^۶×۳ ہوں گی۔

شکر کا سورج سے زیادہ سے زیادہ فاصلہ ۴۸ (یعنی ۲ راشی سے کم) ہوتا ہے اس لئے شکر یا تو سورج کے ساتھ ہو سکتا ہے یا دو خانے آگے یا پیچھے۔ اس لئے ہر ایک سورج کی پوزیشن کے لئے شکر کی پانچ پوزیشن ہوں گی۔ اس لئے سورج، چاند، منگل، بدھ، برہسپتی، شکر، سنیچر، راہو اور کیتو کی پوزیشن کے خیال سے میکھ لگن والی کنڈلیوں کی تعداد = ۱۲^۶×۳×۵ ہوگی یہی تعداد برکھ لگن اور دوسرے لگن والی کنڈلیوں کی ہوگی۔ اس لئے نو گرہوں کی پوزیشن اور لگن کے خیال سے کنڈلیوں کی کل تعداد = ۱۲×۱۲^۶×۳×۵ = ۱۵×۱۲^۷ = ۵۳۷۴۷۷۱۲۰ ہوگی۔

یعنی اندر سنیچر ہیں۔ ستیارگان کی پوزیشنوں کی تعداد ۴۴۷۸۹۷۶۰ ہی ہے۔ ہر ایک ستیارگان کی پوزیشن کے لئے لگن کے خیال سے بارہ کنڈلیاں بن سکتی ہیں۔ اس لئے کنڈلیوں کی تعداد وہی ہے جو کہ اوپر پیرے میں حساب سے نکالی گئی ہے۔

شری سودھاکر دویدی جی نے ستیارگان کی پوزیشنوں کی تعداد ۷۴۶۴۹۶۰۰ = ۱۲^۶×۵×۵ دی ہے۔ اسی کے جگفرز (FACTORS) کو غور سے دیکھنے سے صاف ظاہر ہے کہ شری سودھاکر دویدی جی نے بدھ کا سورج سے زیادہ فاصلہ ایک راشی سے زیادہ مان لیا تھا۔ (MAXIMA_MINIMA) کے حساب سے یہ دیکھا جا سکتا ہے کہ بدھ کبھی بھی سورج سے تیسرے خانے میں نہیں ہو سکتا۔ اس لئے شری سودھاکر دویدی جی کا حل ٹھیک نہیں مانا جا سکتا۔

اگر جگفرزوں کے مطابق ۲۸ خانوں والی کنڈلی فرض کی جائے نو گرہوں اور نو لگن کے خیال سے ایسی کنڈلیوں کی تعداد ۷۸۴۶۲۳۰۰۹۷۵۷ ہوگی۔ اس بارے میں (GENERAL FORMULA) شری مارتنڈ پنچانگ سمت ۲۰۲۲ کے صفحہ نمبر ۶۷ پر دیکھیں۔


# آپ کے لئے یہ سال کیسا رہیگا؟

عمر کے چالو سال کا نمبر جنم راشی کا نمبر اور جنم نچھتر کا نمبر ان تینوں کو جوڑ کر الگ الگ تین جگہ لکھ کر بالترتیب ۲، ۴ اور ۲ سے ضرب کرکے ۷، ۸ اور ۶ سے تقسیم کریں اور اگر پہلی اور تیسری جگہ پر۔ بچے تو سال خراب گذرے۔ دوسری جگہ پر اگر۔ باقی رہے تو اس سال نقصان ہو۔ اور اگر تینوں ہی جگہ پر۔ بچے تو موت یا موت جیسی تکلیف ہو اگر تینوں جگہ پر۔ کے علاوہ اور کوئی ہندسہ بچے تو وہ سال کامیابی والا ہو۔

**مثال:-** مان لیجیے کہ آپ کی عمر کا چالو سال ۵۲ واں جنم راشی کرک (نمبر ۴) اور جنم نچھتر پکھ (نمبر ۶) ہے ان تینوں ہندسوں کا جوڑ ۶۲ ہوا انھیں الگ الگ ۲، ۴ و ۳ سے ضرب کرنے سے پہلی جگہ پر ۹۴۔ دوسری جگہ ۱۸۸ اور تیسری جگہ ۱۴۱ آیا۔ اب انھیں بالترتیب ۷، ۸ اور ۶ سے تقسیم کرنے پر پہلی جگہ پر تین دوسری جگہ پر چھ اور تیسری جگہ پر ایک بچا کیونکہ تینوں جگہوں پر۔ نہیں بچا اس لئے یہ سال آپ کو سبھی کاموں میں فتح دینے والا ثابت ہوگا۔

# آج کا دن کیسا گذرے گا؟

صبح اٹھ کر جنتری سے معلوم کرو کہ اس وقت کون سا نچھتر ہے پھر نیچے دیئے گئے چکر کے برابر ایک چکر بناؤ۔ اس چکر میں جہاں ایک لکھا ہے وہاں اس دن کے صبح کے نچھتر کو لکھ کر اس سے آگے کے نچھتروں کو ۲، ۳، ۴ وغیرہ کی جگہ لکھتے ہوئے ابھجت کے ساتھ ۲۸ نچھتروں کو چکر میں لکھ ڈالو۔ اب دیکھو کہ آپ کا نام کا نچھتر کہاں پڑا ہے اور اگر وہ سرکل (circles) کے اندر ہے تو وہ دن سکھ شانتی سے گذرے گا۔ اس دن کوئی اچھی خبر ملے۔ اگر نام کا نچھتر سرکل (circle) کے باہر پڑا ہو تو اس دن کا آدھا حصہ خوشی سے گذرے اور باقی حصہ میں دکھ، فکر ہو اگر نام کا نچھتر ترشول پر پڑے تو وہ پورا دن جھگڑے۔ نقصان حادثے وغیرہ سے دل کو بے چینی کی وجہ بنے۔



# دُنیا پر ہرشل نیپچون اور پلوٹو کا اثر!

یہ تینوں گرہ عام طور پر کوری آنکھ سے دکھائی نہیں دیتے۔ انہیں دیکھنے کے لئے دوربینوں کا ضرور ہونا پڑتا ہے کیونکہ یہ گرہ چلنے میں بہت دھیرے ہیں اس لئے ان کا دنیا کے حالات پر خاص اثر ہوتا ہے۔ پلوٹو ۲۴۷ سال ۱۷ دن میں۔ نیپچون ۱۶۴ سال میں اور ہرشل ۸۴ سال ۲ دن میں ایک چکر کاٹتا ہے۔ سنسار کے حالات کا مطالعہ کرنے سے چار خاص نتائج ملے ہیں جو کہ نئے جیوتشیوں کی محنت کا پھل ہے۔ یہ نتائج مندرجہ ذیل ہیں۔ خیال رہے نیچے لکھے پھلادیش ایل گرہوں کی سائین پوزیشن لی گئی ہے۔

نمبر ۱۔ اگر پلوٹو کسی ملک کی راشی سے چوتھے خانہ میں چل رہا ہو تو ان دنوں اس ملک میں انتہا درجہ خرابی کے بعد حکومت کسی دوسری طاقت کے ہاتھ آ جاتی ہے۔

نمبر ۲۔ جس وقت پلوٹو کسی ملک شہر یا گاؤں کے دسویں گھر میں ہو تو وہاں ڈھائی سو سال کے وقفہ میں زیادہ سے زیادہ ظالم کمینے کو کسی حکومت کا عروج ہو۔

نمبر ۳۔ نیپچون پلوٹو یا ہرشل اگر کسی ملک کے چھٹے خانہ میں ہوں تو لڑائی دشمنوں سے خطرہ اور ان سے شکست ہو۔

نمبر ۴۔ اگر لڑائی کے موقعہ پر ان تینوں گرہوں میں سے کوئی بھی چھٹے یا آٹھویں خانہ میں آ جائے تو لڑائی میں اس ملک کی بری طرح شکست ہوتی ہے اگر اسی وقت باقی دو گرہوں میں سے کوئی ایک چوتھے خانہ میں آ جائے تو انجام اور بھی زیادہ خراب ہوتا ہے۔

اوپر لکھے نتائج ہندوستان اور دوسرے ملکوں کے پرانے تاریخی واقعات پر اچھی روشنی ڈالتے ہیں۔ مثال کے طور پر مہارانی وکٹوریہ نے ۱۸۳۷ء سے ۱۹۰۱ء تک ۶۴ سال کے لئے برطانوی حکومت ہاتھ میں رکھی۔ برطانیہ حکومت کے ڈھائی سو سالوں میں یہ حکومت سب سے زیادہ دیر رہی۔ برطانیہ کی راشی کرک ہے۔ وکٹوریہ کی حکومت کے وقت پلوٹو برطانیہ کے ۱۰ گھر (سیکھ) میں تھا اس سے پہلے ڈھائی سو سالوں سے الزبتھ نمبر I نے ۱۵۵۸ء سے ۱۶۰۳ء تک ۴۵ سال کے لئے حکومت کی۔ ان دنوں بھی پلوٹو کے میکھ راشی کے آنے کے وقت الزبتھ نمبر I نے حکومت شروع کی۔ یہ حکومت بھی ڈھائی سو سالوں میں سب سے زیادہ دیر رہی۔ اسی طرح سب ہی ملکوں کی تاریخی واقعات اوپر لکھے چار اصولوں کے مطابق ٹھیک ثابت ہوئے۔

## مکر راشی میں آنے کا اثر

ان ستیاگان کا مکر راشی میں آنا ہندوستان کے لئے برا ہے (۱) ہندوی ۱۷۶۱ء میں جس وقت پلوٹو مکر راشی میں آ رہا تھا احمد شاہ ابدالی اور مرہٹوں میں پانی پت کی تیسری تاریخی لڑائی ہوئی جس میں مرہٹوں کی حکومت جاتی رہی۔

(۲) ۱۸۲۶ء میں ہرشل اور نیپچون مکر راشی میں تھے اس وقت عملی میں انگریزوں کی حکومت شروع ہوئی ۱۸۲۶ء سے ۱۸۳۲ء تک انگریزوں کی بہت ترقی رہی ۱۸۲۱ء میں نیپچون اور ہرشل مکر راشی میں اکٹھے ہوئے تھے۔

(۳) جب وقت ان ستاروں میں سے کوئی بھی ہندوستان کے چھٹے خانے میں آ جائے تو ہندوستان میں پلیگ وغیرہ بڑھے ۱۸۹۵ء میں جس وقت پلوٹو برکھ میں تھا ہندوستان میں پلیگ سے بہت نقصانات ہوا۔

(۴) ۱۹۰۸ء میں ہرشل اور پلوٹو مکر راشی میں اکٹھے ہوئے اس وقت حکومت کی باگ ڈور ہندوستانیوں کے ہاتھ میں آئی۔

(۵) ۱۹۶۵ء سے ۱۹۸۲ء کے وقفہ میں پلوٹو اور ہرشل کنیا راشی میں اکٹھے ہونگے اس وقت ہندوستان کے حکمرانوں میں خاص تغیر و تبدیلی آنے کے آثار ہیں۔

### نوٹ

نیپچون کس راشی پر کس انش میں ہے۔ یہ جاننے کے لئے سن عیسوی میں سے ۱۸۵۰ گھٹا کر ۱۳ سے تقسیم کریں اگر پانچ بچے تو برکھ، ۶ بچے تو میکھ، ۷ بچے تو برکھ اس طرح سائین راشی کا پتہ چلتا ہے۔ جو باقی ہے اس کو دوگنا کرنے پر طے کئے ہوئے انش ہوں گے۔ اگر سائین ہرشل جاننا ہو تو اوپر لکھے طریقہ سے آئے راشی انشوں میں انش گھٹا دیں ہرشل اور پلوٹو کو جاننے کے لئے اترنٹرہ پنچانگ دیکھیں۔

### ہرشل اور نیپچون کا ذاتی اثر

| جنم کنڈلی کا خانہ | پھل ہرشل | پھل نیپچون |
|---|---|---|
| پہلا | ضدی۔ بدچلن جھگڑالو۔ | اچھے ہنر اور اچھے کاموں کی طرف جھکاؤ۔ |
| دوسرا | اچانک دھن ملنے کا یوگ ہے بصیغہ پلیگ سے موت ہو۔ | غلط طریقوں سے تجارت میں نقصان۔ |
| تیسرا | بھائی بہنوں سے خطرہ۔ خیالی بنتا ہوا خفیہ علم کا شوق۔ | دھوکہ باز خیالات۔ شاستر پڑھنے میں رچی۔ |
| چوتھا | بڑھاپے میں پیسہ کی تکلیف۔ کسی کی اچانک موت۔ | ماں کا نقصان زمین جائیداد سے۔ |
| پنجم | اولاد نہ ہو۔ اگر عورت ہو تو وہ بدچلن ہو | لڑکا اور اولاد کے ذریعہ نقصان ہر لڑکے زیادہ ہوں۔ |
| ششم | چری پڑھنے سے روگ ہو | نوکروں سے نقصان۔ ترقی میں رکاوٹ۔ |
| ساتویں | عورت سے جدائی جھگڑا عورت دوگری کی بیماری کا خطرہ۔ | دکاندار کا پیار عورت کو طلاق تک کی نوبت آئے۔ |
| آٹھویں | اچانک اور حیران کن موت۔ | سمادھی یا فقیرہ یا عجیب وغریب طریقہ سے موت ہو |
| نوم | جیوتش اور خفیہ علموں پر خاص دلچسپی ہو۔ | دھرم کی طرف جھکاؤ۔ مہربان۔ |
| دسم | پہلی عمر میں یکدم اٹھے اور بعد میں زوال ہو | کام دھندے میں اکثر پھیر بدل۔ |
| گیارھویں | اچانک دشمن ہے | دوستوں سے نقصان۔ |
| بارھویں | خفیہ کاموں میں فائدہ ڈر خطرہ جھگڑا ہے۔ | خفیہ دشمنی سے نقصان۔ |

# سرکاری چھٹیاں سنہ ۱۹۶۷ء

| نمبر شمار | چھٹی | تاریخ انگریزی | دن | نمبر شمار | چھٹی | تاریخ انگریزی | دن |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱ | نیا سال شروع | ۱ جنوری سنہ ۱۹۶۷ء | اتوار | ۱۶ | عید میلاد | ۲۱ جون سنہ ۱۹۶۷ء | بدھ وار |
| ۲ | جمعۃ الوداع | ۶ " " | شکروار | ۱۷ | یوم آزادی | ۱۵ اگست " | منگل وار |
| ۳ | عید الفطر | ۱۳ " " | شکروار | ۱۸ | رکھڑی | ۲۰ " " | اتوار |
| ۴ | جنم دن شری گورو گوبند سنگھ جی | ۱۸ " " | بدھ وار | ۱۹ | شری کرشن جنم اشٹمی | ۲۸ " " | سوموار |
| ۵ | ری پبلک ڈے | ۲۶ " " | ویروار | ۲۰ | جنم دن شری مہاتما گاندھی | ۲ اکتوبر " | سوموار |
| ۶ | جنم دن شری گورو روی داس جی | ۲۴ فروری " | شکروار | ۲۱ | شری درگا اشٹمی | ۱۰ " " | منگل وار |
| ۷ | شری مہا شوراتری | ۹ مارچ " | ویروار | ۲۲ | مہا نومی | ۱۱ " " | بدھ وار |
| ۸ | عید الضحیٰ | ۲۲ " " | بدھ وار | ۲۳ | دسہرہ | ۱۲ " " | ویروار |
| ۹ | گڈ فرائی ڈے | ۲۴ " " | شکروار | ۲۴ | دیوالی | ۱-۲ نومبر " | بدھ وار - ویروار |
| ۱۰ | ہولی | ۲۵-۲۶ مارچ " | سنیچروار - اتوار | ۲۵ | بھائی دوج | ۳ " " | شکروار |
| ۱۱ | بیساکھی | ۱۳ اپریل " | ویروار | ۲۶ | شری گورو نانک جینتی | ۱۷ " " | شکروار |
| ۱۲ | رام نومی | ۱۹ " " | بدھ وار | ۲۷ | شہیدی دن شری گورو تیغ بہادر جی | ۱۳ دسمبر " | بدھ وار |
| ۱۳ | محرم | ۲۱ " " | شکروار | ۲۸ | کرسمس ڈے | ۲۵ " " | سوموار |
| ۱۴ | شری مہاویر جینتی | ۲۲ " " | سنیچروار | ۲۹ | جمعۃ الوداع | ۲۹ " " | شکروار |
| ۱۵ | بدھ جینتی | ۲۳ مئی " | منگل وار | | | | |

# میلہ جات سنہ ۱۹۶۷ء

| نمبر شمار | میلہ | تاریخ انگریزی | دن | نمبر شمار | میلہ | تاریخ انگریزی | دن |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱ | جینتی دیوی (میلہ) | ۲۳ فروری سنہ ۱۹۶۷ء | ویروار | ۱۲ | میلہ باون دوادشی، انبالہ | ۱۵ ستمبر سنہ ۱۹۶۷ء | شکروار |
| ۲ | میلہ شیوراتری منڈی (H.P.) | ۹ مارچ " | ویروار | ۱۳ | میلہ چھپار | ۱۷ " " | اتوار |
| ۳ | ہولا میلہ شری آنند پور صاحب | ۲۶ مارچ " | اتوار | ۱۴ | میلہ جوالا مکھی تارا دیوی | ۱۰ اکتوبر " | منگل وار |
| ۴ | (بیساکھی میلہ) | ۸ اپریل " | سنیچروار | ۱۵ | دسہرہ | ۱۲ " " | ویروار |
| ۵ | بیساکھی | ۱۳ " " | ویروار | ۱۶ | دیوالی | ۱ نومبر " | بدھ وار |
| ۶ | میلہ مائی سرخانہ | ۱۶ " " | اتوار | ۱۷ | کپال موچن | ۱۶ " " | ویروار |
| ۷ | شری منشا دیوی | ۱۸ " " | منگل وار | ۱۸ | میلہ پشکر (اجمیر) رام تیرتھ | ۱۷ " " | شکروار |
| ۸ | میلہ پنجور | ۹ مئی " | منگل وار | ۱۹ | میلہ پور منڈل | ۳۰ " " | ویروار |
| ۹ | شری نینا دیوی اور چنت پورنی میلہ | ۱۳ اگست " | اتوار | ۲۰ | جوڑ میلہ فتح گڑھ صاحب | ۲۷ " " | بدھ وار |
| ۱۰ | امرناتھ یاترا (کشمیر) | ۲۰ اگست " | اتوار | ۲۱ | میلہ بابا سربھجو ربابا بندھ) | ۲۷ " " | بدھوار |
| ۱۱ | میلہ گوسائیں دا اکھاڑا | ۶ ستمبر " | بدھ وار | | | | |

# فہرست قومی تیوہارات ۱۹۶۷ء

| تعداد | تاریخ ہندی | تاریخ انگریزی | نام تیوہارات |
|---|---|---|---|
| ۱ | ۳۱ ر ساون | ۱۵ ر اگست | یوم آزادی |
| ۷ | ۲۵ چیت سے یکم بیساکھ | ۶ ر تا ۱۳ ر اپریل | قومی ہفتہ |
| ۱ | یکم بیساکھ | ۱۳ ر اپریل | جلیانوالہ باغ |
| ۱ | ۱۷ ر ساون | یکم اگست | جنم دن لوکمانیہ تلک |
| ۱ | ۱۷ ر اسوج | ۲ ر اکتوبر | جنم دن مہاتما گاندھی |
| ۱ | ۲ ر مگھر | ۱۷ ر نومبر | لالہ لاجپت رائے |

## فہرست گورپرب ۱۹۶۷ء

| نمبر | نام پُربھ | تتھی | تاریخ انگریزی |
|---|---|---|---|
| ۱ | گورو گوبند سنگھ جی کا جنم دن | پوہ شدی سپتمی | ۱۸ ر جنوری |
| ۲ | گورو ہر رائے جی کا جنم دن | ماگھ شدی ترودشی | ۲۲ ر فروری |
| ۳ | گورو ہر رائے جی کو گورگدی ملی | چیت بدی ترودشی | ۷ ر اپریل |
| ۴ | گورو امرداس جی کو گورگدی ملی | چیت شدی ایکم | ۱۰ ر اپریل |
| ۵ | گورو انگد دیو جی راسے سماتش ہوئے | چیت شدی چوتھ | ۱۴ ر اپریل |
| ۶ | خالصہ پنتھ سجا | یکم بیساکھ | ۱۳ ر اپریل |
| ۷ | گورو ہرگوبند صاحب جی کی جوت سمائے | چیت شدی پنچمی | ۱۵ ر اپریل |
| ۸ | گورو تیغ بہادر جی کو گورگدی ملی | چیت شدی چودس | ۲۳ ر اپریل |
| ۹ | گورو ہرکرشن جی جی جوت سمائے | " " " | " " |
| ۱۰ | گورو تیغ بہادر جی کا جنم دن | بیساکھ شدی پنچمی | ۱۴ ر مئی |
| ۱۱ | گورو ارجن دیو جی کا جنم دن | " " سپتمی | ۱۶ ر " |
| ۱۲ | گورو انگد دیو جی کا جنم دن | بیساکھ شدی ایکم | ۱۰ ر " |
| ۱۳ | گورو امرداس جی کا جنم دن | " " چودس | ۲۲ ر " |
| ۱۴ | گورو ہرگوبند جی کو گورگدی ملی | جیٹھ شدی اشٹمی | ۱۵ ر جون |
| ۱۵ | گورو ارجن دیو جی جوتی جوت سمائے | " " چوتھ | ۲ ر " |
| ۱۶ | گورو ہرگوبند جی کا جنم دن | اساڑھ بدی ایکم | ۲۳ ر " |
| ۱۷ | گورو ہرکرشن جی کا جنم دن | ساون بدی نومی | ۳۱ ر جولائی |
| ۱۸ | گورو گرنتھ صاحب جی کا پرکاش | بھادوں شدی ایکم | ۵ ر ستمبر |
| ۱۹ | گورو ارجن دیو جی کو گورگدی ملی | " " دوج | ۶ ر " |
| ۲۰ | گورو رام داس جی کو گورگدی ملی | " " دوج | ۶ ر " |
| ۲۱ | گورو امرداس جی کو گورگدی ملی | " " پورنماشی | ۱۶ ر " |
| ۲۲ | گورو امرداس جی جوتی جوت سمائے | " " پورنماشی | ۱۸ ر " |
| ۲۳ | گورو انگد دیو جی کو گورگدی ملی | اسوج بدی پنچمی | ۲۴ ر " |
| ۲۴ | گورو نانک دیو جی جوتی جوت سمائے | " " دشمی | ۲۹ ر " |
| ۲۵ | گورو رام داس جی کا جنم دن | کارتک بدی دوج | ۲۰ ر اکتوبر |
| ۲۶ | گورو ہرکرشن صاحب کو گورگدی ملی | " " اشٹمی | ۲۶ ر " |
| ۲۷ | گورو ہر رائے جی جوتی جوت سمائے | " " نومی | ۲۷ ر " |
| ۲۸ | گورو گرنتھ صاحب کو گورگدی ملی | " شدی دوج | ۳ ر نومبر |
| ۲۹ | گورو گوبند سنگھ جی جوتی جوت سمائے | " " پنچمی | ۶ ر " |
| ۳۰ | گورو نانک دیو جی کا جنم دن | " " پورنماشی | ۱۷ ر " |
| ۳۱ | گورو گوبند سنگھ جی کو گورگدی ملی | مگھر شدی پنچمی | ۴ ر دسمبر |
| ۳۲ | گورو تیغ بہادر جی جوتی جوت سمائے | " " پنچمی | ۶ ر " |

## ہندوستان کے مشہور مقامی میلہ جات اہل ہنود بابت ۱۹۶۷ء

دیوالی۔ دسہرہ۔ رام نومی۔ شورا تری اور ہولی کا میلہ ہر شہر میں لگتا ہے۔ بیساکھی کا میلہ ہر ضلع میں لگتا ہے۔

| نام تیوہار | نام مقام | ہندی تتھ | نام تیوہار | نام مقام | ہندی تتھ |
|---|---|---|---|---|---|
| بابا جن رائے | دیپالپور منٹگمری | ماگھ کے سب اتوار | میلہ جنتا پورنی | علاقہ ہوشیارپور | ساون [illegible] |
| مہلہ پنج ناتھ | رام نگر | بھاگن بدی پورنماشی | میلہ امرناتھ جی | امرناتھ کشمیر | " پورنماشی |
| ککی گورکھ ناتھ | تیاری بھوٹ | " | میلہ ہر بلبھ جی | جالندھر | ۲، ۲۶، ۲۷ دسمبر |
| شو جی دشمی | پرمنڈل جموں | " | کرشن جنم اشٹمی | تمام ہندوستان | بھادوں بدی اشٹمی |
| ہولی | انند پور | بھاگن پورنماشی | جوالا جی کا میلہ | جوالا مکھی | اسوج شدی اشٹمی |
| مہند کا میلہ | بندرابن | " | سورج گرہن | کوروکشیتر | اماوس |
| رام رائے | کھانڈی والا لاہور | چیت بدی چودس | چاند گرہن | بنارس | پورنماشی |
| بڈ بھیرو | گوردوارہ [illegible] | [illegible] | [illegible] | [illegible] | [illegible] |
| [illegible] | اجودھیا | جیٹھ [illegible] | باواسود ولی | [illegible] | " |
| بابا رام تھمن | جبل نہال | اساڑھ شدی پورن | | | |

## فہرست عرس ہائے اہل اسلام و رسال ۱۹۶۷ء

| نام بزرگ | مقام | تاریخ چاند |
|---|---|---|
| حضرت داتا گنج بخش صاحب | لاہور | ۲۰ ر صفر |
| مولانا سید احمد شاہ صاحب نقشبندی رح | " | ۲۴ ر رمضان شریف |
| خلیفہ محمد رمضان صاحب نقشبندی رح | " | ۲۲ ذی الحجہ |
| حضرت شاہ محمد غوث صاحب رح | " | ۱۴ ر ربیع الاول |
| حضرت شاہ ابوالمعالی صاحب رح | " | ۱۷ ر " |
| مادھولال حسین صاحب رح | " | ۱۳ شوال |
| بابا فرید شکر گنج رح | پاک پٹن | ۱۸ ر محرم الحرام |
| حضرت امام صاحب رح | سیالکوٹ | ۱۷ ر جمادی الثانی |
| شاہ دولہ دریائی صاحب رح | گجرات | ۱۹ ر ربیع الاول |
| بوعلی شاہ قلندر صاحب رح | پانی پت | ۱۳ ر رمضان شریف |
| حضرت شاہ میاں میر صاحب رح | میاں میر | ۷ ر ربیع الاول |
| خواجہ شاہ جنید صاحب رح | لاڈی پور | ۲۲ ر رمضان شریف |
| حضرت عبدالخالق صاحب رح | بہاولپور | ۲۸ ر ذیقعد |
| مخدوم جہانیاں صاحب رح | اوچ | ۱۰ ر " |
| سخی سرور سلطان صاحب رح | دھونکل | ۱۳ ر صفر |
| جناب کھجورے میاں صاحب رح | رام پور | ۲ ر محرم الحرام |
| شاہ انور علی صاحب رح | لکھوری | ۲۱ ر " |
| جناب عبدالقدوس صاحب رح | گنگوہ | ۲۳ ر جمادی الثانی |
| خواجہ شمس الدین صاحب رح | سیال | ۱۳ تا ۱۵ ر صفر |
| پیر حیدر شاہ صاحب رح | جلال پور | ۵ تا ۷ ر جمادی الثانی |
| [illegible] حبیب اللہ شاہ صاحب نقشبندی رح | فیروزپور چھاؤنی | ۲۹، ۳۰ ر ذیقعد |
| حاجی وارث علی شاہ صاحب رح | دیوہ | یکم صفر |
| حضرت میاں شیر محمد صاحب رح | شرقپور | ۲ ر ربیع الاول |
| خواجہ معین الدین صاحب رح | اجمیر | ۱ تا ۶ ر رجب |
| خواجہ قطب الدین بختیار کاکی رح | دہلی | ۱۴ ر ربیع الاول |
| خواجہ نظام الدین اولیاء رح | " | ۱۷ ر ربیع الثانی |
| حضرت خواجہ نصیرالدین چراغ رح | " | ۱۸ ر رمضان شریف |
| خواجہ امیر خسرو صاحب رح | " | ۱۸ ر شوال |
| شاہ جمال اللہ صاحب رح | رام پور | ۲ ر صفر |
| مخدوم علاؤالدین صاحب رح | کلیر | ۷ تا ۱۳ ر ربیع الاول |
| حضرت شیخ مجدد الف ثانی رح | سرہند | ۲۸ ر صفر |
| شاہ کمال صاحب رح | مراد آباد | ۲۷ ر " |
| سید محمد گیسو دراز رح | گلبرگہ | ۵ ر ذیقعد |
| حضرت شیخ عبداللہ صاحب رح | گوالیار | ۱۰ ر محرم الحرام |
| حضرت سید احمد صاحب رح | کرمانی | ۶ تا [illegible] ربیع الثانی |
| حضرت غوث الاعظم قدس سرہ العزیز رح | بغداد | ۱۱ ر ربیع الثانی |
| مخدوم شاہ مینا صاحب رح | لکھنؤ | ۱۲ ر محرم |
| [illegible] | [illegible] مراد آباد | ۲۲ ر ربیع الاول |
| پیر محمد خان صاحب رح | نوشہرہ | " |

# یُگ ویوستھا

## ۱۔ ست یگ

کارتک شدی نومی کے پہلے پہر میں شروع پکشتر بروھی یوگ میں ست یگ کا آغاز ہوا۔ کل ۱۷۲۸۰۰۰ برس رہا۔ اس میں بدھ۔ وارہ۔ سنگھ چار اوتار ہوئے۔ انھوں نے ویدوں کا ادھار کیا۔ پانی میں ڈوبی ہوئی زمین کو نکالا اور ہرن کشپ کو مارا۔ اس زمانہ میں پُن اور آدمی کی زیادہ سے زیادہ عمر صد ہزار برس جسم ۲۱ ہاتھ لمبا۔ برتن سونے کے اور دولت رتن تیرتھ پشکر راج پران برہمانڈ پیدا ہوتے تھے۔ ہرن کشپ۔ پرہلاد۔ ویروچن کی اولاد راج کرتی تھی تینوں لوکوں میں جانے کی طاقت تھی۔ برہمن چاروں وید پڑھتے تھے۔ سچ بولتے تھے۔ ایشور کا بھجن کرتے تھے۔ دوسرے کی عورت و دھن کو چرایا نہیں جاتا تھا۔ بددعا دینے کی طاقت رکھتے تھے۔ پدمنی عورتیں پتی ورتا ہوتی تھیں۔ گائیں مرضی پر دودھ دیتی تھیں۔ دریا پانی سے بھرے رہتے تھے۔ ہرا جاس درختوں سے زمین لہلہاتی تھی۔ اس یگ میں تعداد سورج گرہن ۱۹۰۰ تعداد چاند گرہن ۱۰۰۰۰

## ۲۔ تریتا یگ

بیساکھ شدی تیج سوموار۔ روہنی نکشتر شوبھن یوگ دوسرے پہر میں شروع ہوا۔ ۱۲۹۶۰۰۰ برس رہا۔ اس میں وامن۔ پرسرام۔ رام چندر تین اوتار ہوئے۔ پاپ پُن تھا۔ راکھشسوں کو مارنا ان کے کرم تھے۔ انسان کی زیادہ سے زیادہ عمر دس ہزار برس ہوتی۔ چودہ ہاتھ لمبا جسم تھا۔ چاندی کے برتن اور دولت سونا تھا۔ نیمشارینہ تیرتھ تھا۔ مٹی لوہن پران تھے۔ ہرشچندر، دت، دلیپ وغیرہ سورج بنسی راج کرتے تھے۔ اندر لوک جا سکتے تھے۔ برہمن تین وید پڑھتے تھے۔ تپ اور سچائی ست یگ سے کم ہو گئی تھی۔ لوگ خوش بخت تھے۔ اور دوسرے کی عورت و دولت کی طرف آنکھ اٹھا کر نہ دیکھتے تھے۔ بددعا اثر رکھتی تھی۔ چترنی عورتیں پتی ورتا تھیں۔ گائیں تین بار دودھ دیتی تھیں۔ دریاؤں میں پانی کچھ کم۔ سب اجناس و سونے سے زمین لہلہاتی تھی۔ اس یگ میں تعداد سورج گرہن ۱۰۰۰۰ اور چاند گرہن ۱۰۰۰۰

## ۳۔ دواپر یگ

اگھن بدی اماوس شکروار تیسرے پہر دھنشٹا نکشتر وریان یوگ میں شروع ہوا۔ ۸۶۴۰۰۰ برس رہا۔ کرشن اور بلدیو اوتار ہوئے۔ کنس وغیرہ راکھشسوں کو مارنا اور اپنا دھرم کا پرچار کرنا ان کے کام تھے۔ اس زمانہ میں پاپ پُن انسان کی زیادہ سے زیادہ عمر ایک ہزار برس جسم سات ہاتھ لمبا۔ تانبے کے برتن دولت چاندی تھی۔ کورکھیتر تیرتھ تھا۔ جسم کی کھال میں پران تھے۔ اگنی بانس وغیرہ چندر بنسی راجہ راج کرتے تھے۔ سمیرو پربت پر جانے کی طاقت تھی۔ برہمن دو وید پڑھتے تھے۔ سچ، جھوٹ، تپ، لالچ دونوں تھے۔ بددعا اثر رکھتی تھی۔ ایشور کا بھجن کرتے تھے۔ سنکھنی عورتیں تھیں۔ گائیں دو بار دودھ دیتی تھیں۔ دریاؤں میں آدھا پانی تھا۔ سب اناج و چاندی زمین پر بہت گھٹی۔ اس یگ میں تعداد سورج گرہن ۳۶۰۰ اور چاند گرہن ۴۰۰۰

## ۴۔ کلی یگ

بھادوں بدی تیرودشی اتوار اشلیکھا نکشتر میں وتی پات یوگ میں آدھی رات کے وقت شروع ہوا کل ۴۳۲۰۰۰ برس رہے گا۔ کلی یگ کے آخری حصہ میں سنبھل گاؤں میں وشنویش برہمن کے گھر میں کلکی اوتار ہوگا۔ جو پاپیوں کا ناش کرے گا۔ پاپ اور پُن انسان کی زیادہ سے زیادہ عمر ایک صد سال، ساڑھے تین ہاتھ لمبے جسم۔ برتن مٹی کے۔ دولت تانبہ۔ گنگا تیرتھ۔ اناج میں پران رہیں گے۔ برہمن بے وید تپ سے چھوٹ جائیں گے۔ کھشتری اپنے دھرم کو چھوڑ دیں گے۔ ویش جھوٹ بولیں گے اور شودر یا کھشتری ہو جائیں گے۔ لوگ بھوتوں پریتوں کی پوجا کریں گے۔ گائیں دودھ نہ دیں گی۔ دریا خشک ہو جائیں گے۔ عورتیں بہت تھوڑی پتی ورتا رہیں گی۔ بددعا کا اثر جاتا رہے گا۔ ابھی کلی یگ کے پہلے چوتھائی حصے کی سندھی گذر رہی ہے۔ کلپ سے ۰۶۸ ۹۴ ۷۵ ۱۹۷ برس آغاز سرشٹی ہے۔

شری کرشن اوتار سے ۵۲۰۳ برس راجہ یدھشٹر کے راج سے ۵۰۶۸ برس راجہ بکرماجیت کے راج سنگھاسن پر بیٹھنے کی تاریخ ۲۰۲۴ برس۔ راجہ شالباہن کے راج سے ۱۸۸۹ برس۔ مہا بیر جین نروان سے ۲۴۹۳/۹۴ برس حضرت عیسیٰ سے ۱۹۶۷ء برس۔ مسلمانوں کے ۱۳۸۶ ہجری فصلی ۱۳۷۴ بانگلہ ۱۳۷۴ ۹۸۹۹

# نوروز عالم افروز!

نوروز عالم افروز کا مطلب ہے دنیا کا نیا سال جس کو دنیا کے مختلف مذہب نے اپنی اپنی مذہبی روایات اور قوانین کے مطابق ایک خاص دن قرار دیا ہے۔

**اہل ہنود:-** ان کا خیال ہے کہ چیت شدی ایکم کو برہما جی نے دنیا کو پیدا کیا تھا۔ اس لئے یہ مبارک تاریخ سال کا نیا دن یا سال نوروز ہے۔

**علمائے جیوتش:-** اپنے جیوتش کے حساب سے بتلاتے ہیں کہ جب روز آفتاب اپنے محور پر سیدھی گردش کرتا ہوا بارہ راشیوں میں سے گذر کر میکھ راشی یا برج حمل پر پہنچتا ہے یہ دن سال کا نیا دن ہوتا ہے جس کو اہل ہنود بیساکھی بھی کہتے ہیں۔

**اہل فرنگ:-** یکم جنوری کو نوروز یا نیو ایر ڈے مناتے ہیں۔

**جینی اور بیوپاری لوگ:-** کارتک شدی ایکم کو نوروز کے نام سے اپنی اپنی روایات کے مطابق اپنے نوروز کی خوشی مناتے اور منگل گاتے ہیں۔

## ایک سال کیلئے تندرستی کا بیمہ

چیت شدی ایکم کو نیم کی کونپلیں اور نیم کے پھول لیکر ان میں کالی مرچ۔ سیندھا نمک۔ اجوائن۔ زیرہ سفید برابر الوزن کوٹ کر چھوٹی گولیاں بنا دیں۔ اس میں تھوڑا سا املی کا پانی بھی آمیز کر لیں۔ خوراک ۲ سے ۳ ماشہ تک ہمراہ تازہ پانی ہر صبح استعمال کریں یہ عمل چیت شدی ایکم سے ۱۵ روز تک کرنے سے سال بھر بخار۔ خون خرابی بخار وغیرہ امراض کبھی نہیں ہو پائینگے۔ یہ رشیوں کا تحفہ ہے تجربہ کریں اور فائدہ اٹھائیں۔

## اس سال کے چار ستونوں کا پھل

اس سال پانی کا ستون روپیہ میں ۵ آنے ہے گھاس کا ستون روپیہ میں ۲ آنے ہے۔ ہوا کا ستون روپیہ میں ۱۱ آنے ہے۔ اناج کا ستون روپیہ میں ۱۲ آنے ہے اس لئے امسال کے ستونوں کو دیکھتے ہوئے یہ سال اچھا معلوم ہوتا ہے۔


## سال کے چار قلعوں کا وچار

اکھیہ تیج روہنی نہیں ہوئی۔ نیز پوہ اماوس مول نہ ہوئی۔ راکھی شرونوں نہیں نہ چاردوں کاتک بیٹھو کرتکا ٹالو۔ جیٹھ ماہ کھیلی پر کا تیہ کے بعد ملس را کہ دو نا شے۔ (نوٹ) اس کا وچار سال گذشتہ کے پوہ اماوس سے لیکر سال رواں کے ماہ کاتک تک دیکھنا چاہیئے۔ اس سال اکھیہ تیج کو روہنی یار ہے ابہ پوہ بدی اماوس کو مول نہیں ہے ساون شدی پورنماشی کے دن شرون نکھشترا ہوا ہے۔ کاتک شدی پورنماشی کو کرتکا ہو ہوا ہے اس وچار سے یہ سال اچھا ہے۔

## برشا جاننے کا ناڑی چکر

| شنی | سورج | منگل | برہسپتی | شکر | بدھ | چندرما | گرہ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کرتکا | روہنی | مرگشرا | آردرا | پنروسو | پکھ | اشلیشا | |
| وشاکھا | سواتی | چترا | ہست | اترا پھالگنی | پوروا پھالگنی | مگھا | |
| انورادھا | جیشٹھا | مولا | پوروا کھاڑا | اترا کھاڑا | ابھجت | شرون | |
| بھرنی | اشونی | ریوتی | اترا بھادرپد | پوروا بھادرپد | ست بھکھا | دھنشٹھا | |

| زائچہ داخلہ آفتاب در۔ آردرا نکھشتر | زائچہ جگت یا برتنتیش لگن | زائچہ برش لگن |
|---|---|---|



**داخلہ آفتاب آردرا نکھشتر:-** سمت ۲۰۳۳ میں جیٹھ شدی پورنماشی دیوار کو ۹ گھنٹہ ۳۳ منٹ پر سورج آردرا میں داخل ہوگا۔

**پھل:-** اس وقت کی کنڈلی میں سیاروں کی پوزیشن کو دیکھنے سے پتہ چلتا ہے کہ امسال کھیتی اچھی ہو۔ منصوبوں میں کامیابی ہو۔ لیکن بیماریوں سے نقصان کا خطرہ ہے۔



**جگت لگن:-** سمت ۲۰۳۳ میں چیت شدی تیج دیوار کو ۲۹ گھنٹہ ۳۰ منٹ (۱۲ اپریل ۵ گھنٹہ ۳۰ منٹ ۸۔ ۱۹ء) سورج میکھ راشی میں داخل ہوگا۔

**پھل:-** اوپر کی کنڈلی سے معلوم ہوتا ہے کہ ہاڑ سے بھادوں تک کا وقت رعایا کے لئے اور بارش کے خیال سے اچھا رہے گا۔



**برش کنڈلی:-** سمت ۲۰۳۳ میں چیت بدی ۱۱ دن اتوار دار کو ۲ گھنٹہ ۵ منٹ پر ۱۰ اپریل ۲ گھنٹہ ۵۰ منٹ ۱۹ء کو کمبھ لگن کے ساتویں انش کے وقت نیا سال شروع ہوگا۔

**پھل:-** مشرق کے علاقوں میں سکھ شانتی رہے۔ شمالی علاقوں میں قحط پڑے۔ مغرب کے علاقوں میں دھان کی مہنگائی سے رعایا میں بے چینی رہے۔ جنوبی علاقوں میں لڑائی جھگڑوں کا خطرہ رہے۔

**شنی چکر وچار:-** جس نکھشتر پر شنی ہو اس نکھشتر کو آکار کے منہ پر دیکھ کر منہ سے شمار کرکے نام نکھشتر جس عضو پر پڑے اس سے شبھ یا اشبھ وچار کر لینا چاہیئے۔

| شنی چکر | 1 | 4 | 2 | 4 | 4 | 2 | 3 | 5 | 2 | 1 |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نام عضو | منہ پر | دائیں ہاتھ پر | بائیں بازو پر | دائیں ہاتھ پیر پر | بائیں ہاتھ پیر پر | مستک پر | آنکھ پر | دل پر | گردا پر | دونوں پیر پر |
| پھل | نقصان | فائدہ | بھرمن | بھرمن | بھرمن | روگ | راج سمان | سکھ | ابھلاشا | دکھ |

(نوٹ) اگر کسی جنم کو برے ستھان میں بڑا پھل رہتا ہو تو اس کے لئے جپ دان پوجا کروا دینا چاہیئے۔ اس سے برا پھل کم ہو جاتا ہے۔

**بارش کا وچار:-** اگر دو سے زائد شبھ اشبھ گرہ ایک ناڑی میں ہوں تو اس ناڑی کا شبھ اشبھ پھل دیتے ہیں۔ چند ناڑی میں نہ ورکی ہوا۔ وات میں معمولی ہوا۔ اگنی میں گرمی۔ سوم میں زمیانہ موسم۔ قبریں بادل۔ جل میں بارش اور امرت ناڑی میں بہت بارش ہوگی۔ اگر ایک ہی گرہ کسی ناڑی میں ہو تو اس کا بود پھل ملتا ہے۔ لوگ جہینہ کو دیکھ گئے ہیں۔ لیکن ان میں بارش جاننے کے لئے چندرما کا ٹیک خرور دیکھنا چاہیئے۔ [illegible]

# یگ ویستھا

## ۱۔ ست یگ

کارتک شدی نومی کے پہلے پہر میں شروَن نچھتر بردھی یوگ میں ست یگ کا آغاز ہوا۔ کل ۱۷۲۸۰۰۰ برس رہا۔ اس میں [illegible] یہ چار اوتار ہوئے۔ انہوں نے دیدوں کا اُدھار کیا۔ پانی میں ڈوبی ہوئی زمین کو نکالا اور [illegible] سے زیادہ عمر صد ہزار برس جسم ۲۱ ہاتھ لمبا۔ برتن سونے کے اور دولت رتن تیرتھ پشکر دان پران [illegible] [illegible] بہ چار بید کا درس [illegible] تھی۔ تینوں لوکوں میں جانے کی طاقت تھی۔ برہمن چاروں وید پڑھتے تھے۔ [illegible] [illegible] تھے۔ دھرم کو غیر نہیں جانا تھا۔ بددعا دینے کی طاقت رکھتے تھے۔ پدمنی عورتیں پتی ورتا ہوتی تھیں [illegible] دریا پانی سے بھرے رہتے تھے۔ ہر جانب درختوں سے زمین لہلہاتی تھی۔ اس یگ میں تعداد سورج گرہن ۱۶۰۰ [illegible]

## ۲۔ ترتیا یگ

بیساکھ شدی تیج سوموار روہنی نچھتر شوبھن یوگ دوسرے پہر میں شروع ہوا۔ ۱۲۹۶۰۰۰ برس رہا۔ اس میں وامن پرسرام رام چندر تین اوتار ہوئے۔ پاپیوں تھا اگھشٹوں کو مارنا ان کے کرم تھے۔ انسان کی زیادہ سے زیادہ عمر دس ہزار برس ہوتی [illegible] [illegible] چاندی کے برتن دولت سونا تھا۔ تیرتھ نیمشارنیہ تیرتھ تھا۔ ہڈیوں میں پران تھے۔ ہر [illegible] [illegible] دلیپ وغیرہ سورج بنسی راجہ [illegible] [illegible] تھے۔ برہمن تین وید پڑھتے تھے۔ تپ اور سچائی ست یگ سے کم ہو گئی تھی۔ لوگ شوبھگت تھے اور دوسرے کی عورت و دولت کی طرف [illegible] [illegible] تھے۔ بددعا اثر رکھتی تھی۔ چترنی عورتیں پتی ورتا تھیں۔ گائیں تین بار دودھ دیتی تھیں۔ دریاؤں میں پانی کچھ کم۔ سب اجناس [illegible] [illegible] اس یگ میں تعداد سورج گرہن ۱۸۰۰ اور چاند گرہن ۱۰۰۰

## ۳۔ دواپر یگ

[illegible] دوسرے پہر دھنشٹا نچھتر [illegible] یوگ میں شروع ہوا۔ ۸۶۴۰۰۰ برس رہا۔ کرشن اور بلدیو اوتار ہوئے۔ کنس وغیرہ دشٹوں کو مارنا اور سناتن دھرم کا پرچار کرنا ان کے کام تھے۔ اس زمانہ میں پاپ تھا۔ انسان کی زیادہ سے زیادہ عمر [illegible] برس [illegible] تانبے کے برتن دولت چاندی تھی۔ کورکشیتر تیرتھ تھا۔ جسم کی کھال میں پران تھے۔ [illegible] [illegible] چندر بنسی راجہ راج کرتے تھے [illegible] [illegible] تپ آدھا رہ گیا تھا۔ بددعا اثر رکھتی تھی۔ [illegible] کا بھجن کرتے تھے۔ شنکھنی عورتیں تھیں۔ گائیں دو بار دودھ دیتی [illegible] دریاؤں میں آدھا پانی تھا۔ سب اناج [illegible] زمین پر بہت تھی۔ اس یگ میں تعداد سورج گرہن ۳۶۰۰ اور چاند گرہن ۲۰۰۰

## ۴۔ کلی یگ

بھادوں بدی تیرودشی اتوار [illegible] نچھتر [illegible] یوگ میں آدھی رات کے وقت شروع ہوا۔ کل ۴۳۲۰۰۰ برس رہے گا۔ اس کے آخری حصہ میں سنبھل گاؤں میں وشنو یش برہمن کے گھر میں کلکی اوتار ہوگا۔ جو پاپیوں کا ناش کرے گا۔ پاپ اور پن انسان کی زیادہ سے زیادہ عمر ایک سو سال۔ ساڑھے تین ہاتھ لمبا جسم۔ برتن مٹی کے۔ دولت تانبہ۔ گنگا تیرتھ۔ اناج میں پران رہیں گے۔ برہمن بے وید ہو جائیں گے۔ کھشتری اپنے دھرم کو چھوڑ دیں گے۔ ویش جھوٹ بولیں گے اور شودر پاکھنڈی ہو جائیں گے۔ لوگ بھوتوں پریتوں کی پوجا کریں گے۔ گائیں دودھ نہ دیں گی۔ دریا خشک ہو جائیں گے۔ عورتیں بہت تھوڑی پتی ورتا رہیں گی۔ بددعا کا اثر جاتا رہے گا۔ ابھی کلی یگ کے پہلے چرن کی سندھی گزر رہی ہے۔ کلپ سے ۱۹۷۲۹۴۹۰۶۸ برس آغاز سرشٹی ہے۔

[illegible] ۳۰۰۲ برس راجہ یدھشٹر کے راج سے ۵۰۶۸ برس راجہ بکرماجیت کے راج سنگھاسن پر بیٹھنے کی تاریخ [illegible] برس۔ راجہ [illegible] [illegible] ۱۸۹۹ برس۔ مہاویر جین کے نروان سے ۲۴۹۳/۹۴ برس حضرت عیسیٰ سے ۱۹۶۷ برس۔ مسلمانوں کے [illegible] ہجری ۱۳۸۷ [illegible]

# نوروز عالم افروز!

نوروز عالم افروز کا مطلب ہے دنیا کا نیا سال جس کو دنیا کے مختلف مذاہب نے اپنی اپنی مذہبی روایات اور قوانین کے مطابق ایک خاص دن قرار دیا ہے۔

اہل ہنود:- ان کا خیال ہے کہ چیت شدی ایکم کو برہما جی نے دنیا کو پیدا کیا تھا۔ اس لئے یہ مبارک تاریخ سال کا پہلا دن یا سال نوروز ہے۔

علمائے جیوتش:- اپنے جیوتش کے حساب سے بتلاتے ہیں کہ جس روز آفتاب اپنے محور پر سیدھی گردش کرتا ہوا بارہ راشیوں میں سے گذر کر میکھ راشی یا برج حمل پر پہنچتا ہے یہ دن سال کا پہلا دن ہوتا ہے جس کو اہل ہنود بیساکھی بھی کہتے ہیں۔

اہل فرنگ:- یکم جنوری کو نوروز یا نیو ایرڈے مناتے ہیں۔

چینی اور بھوٹانی لوگ:- کارتک شدی ایکم کو نوروز کے نام سے اپنی اپنی روایات کے مطابق اپنے نوروز کی خوشی منایا کرتے ہیں۔

## ایک سال کیلئے تندرستی کا بیمہ

چیت شدی ایکم کو نیم کی کونپلیں اور نیم کے پھول لیکر ان میں کالی مرچ، سینتی، ہینگ، سیندھا نمک، اجوائن، زیرہ سفید برابر الوزن کوٹ کر مجموعہ کا ۱/۲ حصہ چورن بنا دیں اس میں تھوڑا سا املی کا پانی ملا کر گولیاں بنا لیں ۲ سے ۶ ماشہ تک ہمراہ تازہ پانی ہر روز استعمال کریں یہ عمل چیت شدی ایکم سے ۱۵ روز تک کرنے سے سال بھر میں بیماری خون خرابی بخار وغیرہ اس کے نزدیک نہیں آئیں گے۔ یہ رشیوں کی تحقیق ہے تجربہ کر دیکھا گیا ہے۔


## اس سال کے چار ستونوں کا پھل

اس سال پانی کا ستون روپیہ میں ۵ آنے ہے گھاس کا ستون روپیہ میں ۲ آنے ہے۔ ہوا کا ستون روپیہ میں ۱۳ آنے ہے۔ اناج کا ستون روپیہ میں ۱۲ آنے ہے اس لئے اس سال کے ستونوں کو دیکھتے ہوئے یہ سال اچھا معلوم ہوتا ہے۔

## سال کے چار قلعوں کا وچار

اکھیہ تیج روہنی نہیں ہوئی۔ نیم لد اماوس مُول نہ ہوئی۔ راکھی شرونوں میں نہ چار دن کا تک پیٹھو کرتکا ہار لو۔ ہی ماہ کھیلی پر کا تیہ کے پھل سا کو دیا تھے۔
(نوٹ) اس کا وچار سال گذشتہ کے پوہ اماوس سے لیکر سال رواں کے ماہ کارتک تک دیکھنا چاہئیے اس سال اکھیہ تیج کو روہنی چار ہیں ایسے پوہ بدی اماوس کو مول نہیں ہے سادن شدی پورنماشی کے دن شرون نکھشتر ہوا ہے۔ کارتک شدی پورنماشی کو کرتکا ہوا ہے اس وچار سے یہ سال اچھا ہے۔

### زائچہ داخلہ آفتاب در آردرا نچھتر



داخلہ آفتاب آردرا نچھتر:- سمت ۲۰۲۳ میں جیٹھ شدی پورنماشی دیروار کو ۵ گھنٹہ ۳۳ منٹ پر سورج آردرا میں داخل ہوگا
پھل:- اس وقت کی کنڈلی میں سیارگان کی پوزیشن کو دیکھنے سے پتہ چلتا ہے کہ اس سال کھیتی اچھی ہو۔ منصوبوں میں کامیابی ہو۔ لیکن بیماریوں سے نقصان کا خطرہ ہے۔

### زائچہ جگت یا برشیش لگن



جگت لگن:- سمت ۲۰۲۳ میں چیت شدی تیج دیروار کو ۲۹ گھنٹہ ۳۵ منٹ (۱۳ اپریل ۵ گھنٹہ ۳ منٹ A.M.) سورج میکھ راشی میں داخل ہوگا۔
پھل:- اوپر کی کنڈلی سے معلوم ہوتا ہے کہ ہاڑ سے بھادوں تک کا وقت رعایا کے لئے اور بارش کے خیال سے اچھا رہے گا۔

### زائچہ برش لگن



| ۱ | دلی مراد چند یوم تک پوری ہوگی | لوگ قسمت کا عروج دیکھ کر جل اُٹھیں گے تم | فائدہ ہوگا | دوسرے ملک سے اچھی دولت ملیگی | مسافر جلد واپس نہ آئے گا | کوشش کرو چیز مل جائے گی | یہ دوست نیک ہے | سفر کیلئے تیار رہو | اس محبت کا انجام درست نہ ہوگا | تکلیف کے بعد آرام و آسائش | تمہاری شادی خوبصورت شخص سے ہوگی | اسکے لڑکا پیدا ہوگا اور خطاب ملے گا | بیمار کو صحت | قیدی خوشی کیساتھ رہا ہوگا | آج کا روز تمہارے لئے خراب ہے | دوستوں کے درمیان بڑی خوشی ہوگی |
| ۲ | تکلیف اور افسوس ہوگا | اسوقت تم اپنے ارادہ کو تبدیل کردو تم | یقیناً بدقسمت ہو | بے خوف چلے جاؤ فائدہ ہوگا | دوستوں سے فائدہ ہوگا | وہ واپس آنے کی ہمت نہیں رکھتا | نقصان ہوگا | تمہارا دوست کینہ ور ہے | سفر فائدہ مند ہے | صادق دل کی پاک محبت ہوگی | اس شادی میں کئی آفتوں کا سامنا کرنا پڑیگا | لگاتار کوشش سے کامیابی ہوگی | اس کے لڑکی پیدا ہوگی | بیماری کی صحت میں شک ہے | اپنے دوستوں کی مدد سے قیدی بچ جائے گا | آج کا دن خراب ہے |
| ۳ | جو کام آج کے دن کرو ہوش سے کرو | کسی شخص کی مہربانی ظاہر ہوتی ہے | قسمت پر شاکر رہو | تمہارے اب نیک دن آنے والے ہیں | جس کی تلاش ہے مل جائے گا | سفر میں فائدہ ہوگا | مسافر واپس آجائے گا | دولت کی اُمید مت رکھو | حسب الحال دوست ہوگا | تمہارا مقصد کامیاب ہوگا | یہ محبت تبدیل ہونے والی ہے | یہ شادی کامیاب ہوگی | تمہاری [illegible] اچھے خاندان میں ہوگی | اس کے لڑکا پیدا ہوگا عمر دراز ہوگی | بیمار کو صحت ہوگی اور دیر تک جیتا رہیگا | باوجود تکلیف برداشت کے عزت حاصل ہوگی |
| ۴ | قیدی مرتا ہے اور اس کے دوستوں کو رنج ہوگا | ایسے دشمن ہیں جو تم کو دغا دینگے۔ پریشانی ہوگی | اس کے درمیان دوستی ہوگی | ارادہ تبدیل کرو۔ ورنہ تکلیف پاؤگے | تمہاری قسمت اچھی نہیں ہے | تیری قسمت میں دولت ہے | گھر میں رہنے سے فائدہ ہوگا | مسافر جلد واپس نہ آئے گا | چوری شدہ مال دوست کے ذریعے ملے گا | اس شخص کی دوستی پر بھروسہ نہ ہوگا | تم کو سفر مفید نہ ہوگا | وہ بھی تمہارا ہونا چاہتا ہے | اس شادی سے تمہیں آرام نہ ملے گا | تمہیں اچھا خاوند ملے گا | اس کے دو لڑکے پیدا ہوں گے | صحت نہ ہوگی |
| ۵ | اب بیماری رفع ہوگی مگر عمر کم ہے | بڑی مشکل سے اُسے معافی ملیگی اور چھوٹیگا | تکلیف اٹھانے کے لئے تیار رہو | مراد دیر سے برآئے گی | دوست کے ذریعہ مراد برآئے گی | اس کام میں دیری ہے | اس کام میں فائدہ نہ ہوگا | پردیس میں دولت پاؤگے | مسافر صحیح سلامت ہوگا | مال مسروقہ دستیاب ہوگا۔ چور سزایاب ہوگا | اس شخص کی محبت سچی ہے | سفر میں فائدہ ہوگا | وقت کا انتظار کرو محبت بڑھے گی | اس شادی میں دیر نہ کرو | ایک دولتمند نوجوان تمہارا خاوند ہوگا | لڑکا پیدا ہوگا |
| ۶ | نیک اچھی خوبصورت دولت کی بھری لڑکی ہو | بیمار مرجائے گا | قیدی مشکل سے چھوٹے گا | آج اس کا خیال ترک کردو | دشمن تکلیف پہنچانے کی کوشش کریں گے | اس وقت اُمید نہ رکھو | تمہاری ترقی ہوگی | اس کوشش کو ترک کردو | سفر میں فائدہ نہ ہوگا | مسافر دیر سے آئے گا | تمہارا نقصان ہوگا مگر چور کو بڑی تکلیف پہنچے گی | اس شخص پر زیادہ اعتقاد نہ رکھو | گھر کے خطرے میں مت پڑو | اس دنیا میں تمہیں کوئی اچھی محبت نہیں کرتا | شادی جلد کرو تمہیں آرام ہوگا | دولتمند خاوند یا عورت ملیگی۔ مرد بدمزاج ہوگا |
| ۷ | تم کو نیک روح عورت یا مرد ملے گا | اس کے ایک صاحب علم لڑکا پیدا ہوگا | بیمار کو آرام ہوگا | قیدی چھوٹ جائے گا | خبردار ہو تمہارا دشمن تم کو نقصان پہنچانے کو ہے | تکلیف آنیوالی ہے | کام بن جائے گا | تمہارا ارادہ فضول ہے | پرماتما پر بھروسہ رکھو | تمہیں پردیس میں آرام ملے گا | مسافر جلد معہ مال کے واپس ہوگا | کسی وقت تمہاری جائیداد مل جائیگی | یہ سچا احباب ہے | سفر کرنا مفید ہے | یہ صادق احباب ہے | اس سے شادی کرنا مبارک ہو |
| ۸ | اگر تم اس شادی کرو تو اسکے ذریعہ فائدہ ہوگا | ایک دولتمند آدمی تمہارے لئے مقرر کیا ہے | لڑکی پیدا ہوگی | بیمار کی صحت میں شک ہے | قیدی مصیبت میں ہے آزادی مشکل ہے | آجکا دن اچھا ہے | دشمن کے ہاتھوں تنگ ہوگا | مراد برآئے گی | بھلائی برائی سے تبدیل ہوگی | تمہیں کوئی کامیابی نہ ہوگی | تمہیں گھر میں رہنا فائدہ مند ہوگا | مسافر کے واپس آنے میں شک ہے | تمہیں مال مسروقہ نہیں ملے گا | دوست نہیں بلکہ پوشیدہ دشمن ہے | گھر سے تم کامیاب ہوگے | اس کی تم سے محبت ہے |
| ۹ | بہتر ہے تم اس محبت کو توڑ دو | اس شادی سے آرام ہوگا | یہ متوسط الحال ہے | خوبصورت لڑکا پیدا ہوگا | بیمار صحتیاب ہوگا | قیدی آزاد ہوگا | دن خراب آنے والے ہیں | خوش قسمتی نزدیک ہے | مراد برآئیگی | جس کام میں تم لگے ہو کامیاب ہوگے | تمہیں کم فائدہ ہوگا | پردیس میں حسب خواہش کامیابی ہوگی | مسافر کچھ عرصہ کے بعد واپس ہوگا | مال مسروقہ تمہیں جلد دستیاب ہوگا | یہ دوست بڑا نیک ہے | اپنے گھر میں فائدہ ہوگا |
| ۱۰ | سفری ارادہ توڑ دو فائدہ کی صورت نہیں | یہ سچی محبت ہے | اس شادی سے ابھی ہوجاؤ ورنہ نقصان ہوگا | وہ دل کا صاف ہے لیکن غریب | لڑکا پیدا ہوگا۔ اور خوش نصیب ہوگا | بیمار کی صحت میں شک ہے | قیدی مرجائے گا | آج کا دن اچھا ہے | دن اچھے آئیں گے | اپنے ارادہ کو تبدیل کرو اس میں تم کو فائدہ ہوگا | تمہیں رنج و تکلیف ہوگی | تمہیں کچھ فائدہ نہ ہوگا | پردیس میں غیر عورت سے نقصان ہونیکا اندیشہ ہے | مسافر واپس نہ ہوگا | تم کو مال کبھی نہیں ملے گا | وہ دغاباز ہے بھروسہ نہ کرو |
| ۱۱ | تمہارے ساتھ سچی دوستی ہے | پرماتما تمہیں نیک مشورہ دے گا | اس محبت کو چھوڑ دو | اس شادی سے آرام ملے گا | تمہارا دوست پاگل ہوکر نقصان پہنچائیگا | اچھا لڑکا پیدا ہوگا | بیمار آرام پائے گا | قیدی کوئی دن کے بعد رہا ہوگا | دشمن سے خبردار ہوجاؤ | نہیں گھبرائیے | تم خاطر خواہ کامیاب ہوگے | توقع سے زیادہ فائدہ ہوگا | جسکی تم اُمید کرتے ہو جلدی مل جائے گا | کوئی غیر ملک کی عورت دولت بڑھائے گی | وہ شخص بیمار ہے ابھی واپس نہیں آسکتا | تمہاری جائیداد تم کو ملے گی۔ |
| ۱۲ | تم کو چوری کا مال نہیں ملے گا | تم کو چوری کا مال نہیں ملے گا | تمہارا سفر کرنا فضول ہے | تم ایسے آدمی سے پریم مت کرو وہ تمہارا بدخواہ ہے | اس شادی سے تکلیف ہوگی | ایک لائق شخص اور دولت ملے گی | کمزور لڑکی پیدا ہوگی | صحت ہوگی | قیدی آزاد ہوگا | صبر کرو چند روز میں تمہاری حالت درست ہوجائے گی | تمہیں روپے ملیں گے | مراد جلد برآئے گی | بڑی کامیابی ہوگی | فائدہ میں دغا ہوگا | اپنی محنت پر بھروسہ رکھو۔ گھر میں رہو | مسافر جلد واپس آجائے گا |
| ۱۳ | مسافر بخوشی جلد واپس آئے گا | اچانک تمہاری جائیداد تمہیں مل جائے گا | سچی اور پاک محبت ہے یقین رکھیں | خوش رہو۔ سفر میں فائدہ ہوگا | یہ محبت تم پر جھوٹی ہے | تمہارے کاموں کو ناش کرے گا | تمہیں اچھا نیک دوست ملے گا | لڑکا پیدا ہوگا | بیمار صحتیاب ہوگا | قیدی رہا ہوگا | باوجود دشمنی کے تم اچھا کروگے | شادی میں مدعی کئے جاؤگے | اتنے پر ہی صبر کرو | مصیبتیں رفع ہوں گی | خوش ہو تمہارے اچھے دن آنیوالے ہیں | پردیس میں تم خوش رہوگے |
| ۱۴ | تم اپنی جگہ قائم رہوگے | اس وقت وہ مہلت کے سبب گھر نہیں آسکتا | نہیں وہ نہیں ملے گا | وہ جھوٹ کہتا ہے | اس وقت کا سفر نقصان دہ ہے | یہ محبت سچی ہے اور قائم ہی رہے گی | اس شادی سے تکلیف ہوگی | شادی جلد ہوگی | خوبصورت لڑکی ہوگی | بیمار مرجائے گا | قیدی دیر تک جیل کی ہوا کھائے گا | بدبختی کی شکایت کا موقعہ نہیں ملے گا | رنج رفع ہوگا اور خوش نصیبی ہوگی | امید کہ فائدہ ہے | اپنی نیک بختی پر بھروسہ نہ کر | کامیابی کی امید ہے |
| ۱۵ | تم کو اس مقدمہ میں حاکم سے مدد اور امداد ملے گی | تمہیں دوسری جگہ جانا پڑے گا | بیماری کی وجہ سے وہ تمہیں کچھ نہیں سکتا | کوشش سے تمہاری دولت ملیگی | اسوقت صاف ہے اور عزت کا خواہاں ہے | سفر میں نقصان نہ ہوگا | اس محبت کو چھوڑ دو | اس سے شادی مت کرو | اس شادی سے آرام ملے گا | اس کے لڑکا پیدا ہوگا | بیمار کو صحت ہوگی | قیدی رہا ہوگا | قسمت کا ستارہ چمکنے والا ہے | جلدی خوش خبری سُنوگے | تمہاری خواہش پوری ہوگی | تم اب بھی شان و شوکت کیساتھ رہوگے |
| ۱۶ | تمہاری قسمت اچھی ہے پرماتما سے دعا کرو | کچھ فائدہ نہ ہوگا | تمہاری قسمت میں ٹھہرنا ہے | تمہیں پردیس جانا ہوگا | چوری گیا مال نہیں ملے گا | اس دولت پر بھروسہ مت رکھو | تمہیں سفر کرنا پڑے گا | یہ محبت تازیست رہے گی | اس شادی سے فائدہ نہ ہوگا | تمہیں مشکل سے تمہارا شریک ملیگا | اس کے لڑکی پیدا ہوگی | بیمار کو صحت کی کم اُمید ہے | قیدی مرجائے گا | تم پر مصیبت آنے والی ہے | آج کا دن تمہارے لئے اچھا ہے۔ | جو کچھ تمہارے پاس ہے اس پر صبر کرو |

# پرشن یعنی سوالوں کے جوابات دینے کا طریقہ!

۱۔ لگن میں ذات جسم کا حلیہ۔ کلیش وغیرہ۔ عادت وخصلت۔ ۲۔ دوسرے گھر سے دھات علم متعلقہ راست۔ روپیہ نفع یا نقصان۔ ۳۔ گھر میں بھائی۔ بہن۔ نوکر۔ بیوپار۔ کوشش عزیز دوست۔ ۴۔ زراعت۔ دوائی۔ دفینہ۔ جائیداد۔ غار۔ سرنگ کا حال۔ والدہ۔ دوست۔ رنج وراحت۔ گھر پہنچنا۔ ۵۔ حمل۔ منتر کے علم کا حاصل کرنا۔ عقل۔ ۶۔ دشمن۔ ماموں۔ روگ۔ مویشی۔ چور کا خوف۔ ۷۔ تجارت۔ جھگڑا۔ عورت۔ پردیسی کی واپسی۔ بیمار کی موت۔ مصیبت سے رہائی۔ سفر بیوپار۔ حالات چور۔ ۸۔ قلعہ۔ جائیداد۔ عمر۔ مقابلہ دشمن۔ بیماری۔ ۹۔ باولی۔ کنواں۔ مندر۔ سفر۔ دھرم کا کام۔ بلندی قسمت۔ ۱۰۔ پُن جائے رہائش۔ والد۔ گورو۔ بارش۔ نوکری۔ روزگار۔ پردیس جانا۔ عزت۔ بلندی مراتب۔ ۱۱۔ ہاتھی۔ گھوڑا۔ پالکی وغیرہ کی سواری۔ روپیہ کا لابھ۔ عمر۔ اولاد۔ ۱۲۔ تیاگ۔ بھوک جھگڑا۔ بُری چیز۔ خرچ۔ قرضہ۔ کھیتی کا کام دیکھا جاتا ہے۔

## مُٹھی پرشن!

۱۔ مٹھی میں کوئی چیز رکھ کر اگر کوئی پوچھے۔ تو لگن کے مطابق اس کا جواب دو۔ میکھ لگن ہو۔ تو لال رنگ کی چیز ہو۔ برکھ لگن ہو۔ تو سفید رنگ کی۔ متھن ہو۔ تو سبز رنگ کی۔ کرک ہو۔ تو سفید رنگ کی۔ سنگھ ہو۔ تو دھوئیں رنگ کی۔ برسچک ہو۔ تو تانبے رنگ کی۔ دھن لگن ہو۔ تو زرد۔ مکر اور کنبھ ہو۔ تو کالی۔ اور مین لگن ہو۔ تو زرد رنگ کی چیز مٹھی میں کہہ دینا۔

۲۔ عام طور پر پرشن کی تین قسمیں ہیں۔ اول دھاتو۔ سونا۔ چاندی۔ پیتل۔ تانبہ وغیرہ۔ بلکہ مٹی کو بھی دھاتو کہتے ہیں۔ دوئم مول۔ جس کی جڑ زمین میں ہو۔ مثلاً درخت۔ جھاڑی۔ بیل۔ بوٹے۔ سوئم جیو۔ جاندار کو کہتے ہیں۔ جو ہل پھر اور سانس لے سکتا ہو۔

۳۔ پرشن لگن میکھ۔ سنگھ۔ برسچک میں سورج ومنگل ہوں یا لگن کو دیکھتے ہوں۔ تو دھات کا سوال ہوگا۔ اگر متھن کنیا۔ مکر۔ کنبھ لگن ہو۔ بدھ و سنیچر پڑے ہوں یا دیکھتے ہوں۔ تو مول کا سوال۔ اور کرک۔ برکھ۔ تلا۔ دھن۔ مین لگن میں چندرماں۔ برہسپتی و شکر پڑے ہوں یا دیکھتے ہوں۔ تو جیو کا سوال سمجھیں۔

۴۔ کیندر یعنی ۱-۴-۷-۱۰ میں سورج منگل طاقتور ہو کر بیٹھے ہوں تو دھات کا سوال ہوگا۔ بدھ و سنیچر ہوں۔ تو مول کا سوال ہوگا۔ چندرماں۔ برہسپت۔ شکر ہوں۔ تو جیو کا سوال جانو۔ کونسا جیو۔ مثلاً انسان یا حیوان درند یا پرند اس کی ذات ورنگ معلوم کرنے کے لئے نقشہ کو ملاحظہ فرمائیں۔ کونسی دھات ہے۔ یہ معلوم کرنے کے لئے گرہ یا لگن کی راشی کی جو مقررہ دھاتو ہے۔ جو کہ نقشہ میں خلاصہ طور پر درج ہے۔ دیکھ لی جائے۔ ایسے ہی اگلے صفحہ میں درج نقشہ کی مدد و ماہی قابلیت سے تنکے سے لے کر پہاڑ تک کی مول اشیا کو جانچ کر بتا سکتے ہیں۔

۵۔ لگن کا مالک اور گیارہویں خانہ کے مالک میں سے جو زیادہ طاقتور ہو۔ اس سے جتنے گھر میں چندرماں بیٹھا ہو۔ اس گھر کا سوال خیال کرو۔ نیز جہاں چندرما بلوان ہو۔ اس سے لگن کا سوامی جہاں بیٹھا ہو۔ اسی بھاؤ کو سمجھ کر سوال کرنے والے کے خیالات سمجھنے چاہئیں۔

## سوالات وجوابات

جس خانہ میں مالک خانہ یا شبھ گرہ بیٹھے ہوں۔ یا دیکھتے ہوں۔ اس خانہ کی ترقی ہوتی ہے۔ اگر پاپی گرہ بیٹھے دیکھتے ہوں۔ تو اس گھر کا نقصان کرتے ہیں۔ جس گھر کا مالک ۶-۸-۱۲ خانہ میں بیٹھا ہو۔ یا ۶-۸-۱۲ خانہ کا مالک جس گھر میں بیٹھا ہو۔ اس گھر کو نقصان پہنچاتے ہیں۔ جنم کنڈلی پرشن کنڈلی و پرشن کنڈلی میں سب جگہ اس کا وچار کرنا چاہیئے۔

## کارج سِدھی

۱۔ پرشن لگن کا مالک پرشن لگن کو اور خانہ سوال کا مالک خانہ سوال کو دیکھے یا لگن کا مالک اور خانہ سوال کا مالک ایک دوسرے کو دیکھتے ہوں۔ یا لگن کا مالک خانہ سوال کو دیکھے اور خانہ سوال کا مالک لگن کو دیکھے۔ یا ان گھروں میں بیٹھے ہوں۔ چندرماں کی پوری نظر بھی ہو۔ تو کام میں پوری پوری کامیابی ہوگی

۲۔ میکھ۔ متھن۔ سنگھ۔ کنیا۔ تلا۔ برسچک اور کنبھ میں سے کوئی لگن ہو۔ نیک ستارہ اس میں بیٹھا ہو۔ یا دیکھے تو کامیابی حاصل ہوتی ہے۔ برعکس ہونے سے ناکامیابی۔

## سفر و پردیسی

سوال۔ ۱۔ میں سفر کروں گا یا نہیں۔ ۲۔ پردیسی راضی خوشی ہے یا بیمار ہے۔

(جواب) اگر (ستھرا) لگن۔ برکھ۔ سنگھ۔ برسچک کنبھ ہوں تو کہو۔ ۱۔ تم سفر نہیں کرو گے۔ گھر ہی رہو گے۔ ۲۔ پردیسی وہیں ہے۔ اور راضی خوشی ہے۔ فکر نہ کریں۔ اگر اس وقت (چر لگن) میکھ۔ کرک۔ تلا یا مکر لگن ہو۔ تو کہو کہ تم سفر ضرور کرو گے۔ ۲۔ پردیسی شخص بیمار ہے۔ اور ضرور مر جائے گا۔ ۳۔ گم شدہ چیز نہیں ملے گی۔ اگر اس وقت مین میتھن۔ کنیا۔ دھن لگن ہو۔ تو اوسط درجہ کا یعنے درمیانہ پھل ملتا ہے اگر ان لگنوں کا پہلا نصف حصہ ہو تو چر لگنوں کا پھل ہوگا۔ اور اگر پچھلا نصف حصہ ہو۔ تو ستھر لگنوں کا پھل ہوتا ہے۔

اگر چوتھے یا دسویں خانہ میں نیک سیارگان ہوں۔ تو سفر نہیں ہوگا۔ بد سیارے ہوں۔ تو ضرور ہوگا۔ پرشن کے وقت اگر پنجم استھانوں میں کوئی گرہ پڑا ہو۔ تو مسافر جلد واپس آئے گا۔ اگر کیندر استھان میں گرہ ہوں اور وہ جلد تبدیل ہونے والے ہوں۔ یعنے جتنے دنوں میں تبدیل ہوں گے۔ اُتنے ہی دنوں میں مسافر واپس آئے گا۔

اگر ۲-۵-۱۱ میں چندرما ہو۔ تو مسافر ضرور واپس آئے گا۔ اگر نویں بھاؤ کا سوامی کسی بھی راشی کے پندرہ انشوں کو بھوگ چکا ہو۔ اور چندرماں پرشن لگن سے ساتویں استھان پر ہو۔ تو مسافر راستہ میں آرہا ہے۔ پرشن کے وقت لگن چر ہو۔ نوانشا بھی چر ہو اور لگن سے چوتھے استھان پر چندرماں ہو۔ تو مسافر گھر۔ یعنے منزلِ مقصود پر پہنچ گیا ہے۔

**شادی؟** اگر پرشن لگن سے ۲-۳-۶-۷-۱۰-۱۱ خانہ میں چندرماں ہو۔ اور برہسپت دیکھے۔ تو عورت ملے۔ اگر چندرماں پاپی گرہوں کے ساتھ ہو۔ یا پاپی گرہ دیکھتے ہوں۔ تو بیاہ نہ ہو۔ اگر لگن سے ۳-۵-۶-۷-۱۱ خانہ میں چندرماں ہو۔ اور اس کو سورج۔ بدھ۔ برہسپت دیکھے۔ تو بیاہ ہو۔ اگر کیندر اور ترکون میں شبھ گرہ ہوں۔ پاپی نہ ہوں۔ تو بیاہ ہوگا۔ اگر لگنیش ساتویں گھر میں اور ساتویں گھر کا مالک لگن میں ہو۔ یا ہر دو آپس میں دیکھیں تو بیاہ ہوگا۔

**حمل و اولاد؟** لگنیش اور چندرماں کیندر یعنی ۱-۴-۷-۱۰ گھروں میں آپس میں اتصال کریں تو عورت کو حمل ہے۔ اگر ۳-۶-۹-۱۲ گھروں میں اتصال کریں یا لگنیش اور مالک خانہ پنجم آپس میں نہ دیکھیں تو عورت کو حمل نہیں ہے۔ اگر سوال کنندہ پوچھے کہ عورت کو کتنے مہینے کا حمل ہے۔ تو لگن سے جتنے گھر میں شکر بیٹھا ہو۔ اُتنے مہینوں کا حمل ہوگا۔ اگر شکر نویں گھر کے اوپر ۱۰-۱۱-۱۲ خانہ میں ہو۔ پھر پانچویں گھر سے شکر کا شمار کر کے حمل کے مہینے جانو۔

**حمل میں کیا ہے؟** اگر لگنیش اور پنجیش یعنے مالک خانہ پنجم ۱-۳-۵-۷-۹-۱۱ راس میں بیٹھے تو حمل میں لڑکا ہوگا۔ اور ۲-۴-۶-۸-۱۰-۱۲ راس میں ہوں۔ تو حمل میں لڑکی ہوگی۔ اگر لگنیش سورج۔ منگل۔ برہسپت میں سے کوئی ہو۔ اور وہ ۱-۳-۵-۷-۹-۱۱ راس ہو یا پانچویں گھر میں سورج۔ منگل برہسپت ہوں۔ تو لڑکا ہوگا۔ اگر پانچویں گھر چندرماں۔ بدھ۔ شکر ہوں۔ تو لڑکی پیدا ہوگی۔ بوقت سوال تتھ۔ نچھتر۔ یوم اور نام کے ہندی حروف ان سب کو جمع کر کے ۷ پر تقسیم کرو۔ اگر باقی ۱-۳-۵ بچیں تو لڑکا پیدا ہو۔ اگر صفر ۲-۴-۶ بچیں۔ تو لڑکی پیدا ہوگی۔

**بیماری؟** لگن حکیم۔ خانہ ہفتم بیماری۔ چہارم۔ دوائی اور دہم بیمار سمجھیں۔ اگر لگن میں شبھ گرہ ہوں۔ تو حکیم مریض کو تندرست کر دے گا۔ اگر پاپی گرہ ہوں۔ تو حکیم سے بیماری زیادہ ہوگی۔ اس لئے حکیم تبدیل کر لو۔ اگر چندرماں ۴-۸ خانہ میں ہو۔ اور پاپی گرہوں کے درمیان میں ہو۔ تو مریض مر جائے گا۔ اگر چندرماں کو طاقتور شبھ گرہ دیکھتے ہوں تو جلد آرام آجاوے گا۔ اگر لگن میں چندرماں اور ساتویں گھر میں سنیچر ہو۔ تو مریض مر جاوے گا۔ اگر چھٹے گھر کا مالک پاپی گرہ ہو کر لگن میں بیٹھے اور جنم راس کو دیکھے تو مر جائے۔ اگر لگن اور دسویں گھر کے مالک ۴-۷ گھر کے مالک آپس میں دوست یعنے ایک دوسرے سے ۳-۱۱-۵-۹ گھر میں ہوں تو مریض تندرست ہو جاوے۔ مگر ان گھروں کے مالک ایک دوسرے سے ۱-۴-۷-۱۰ گھر میں واقع ہوں۔ تو بیماری بڑھے گی اگر لگنیش طاقتور ہو اور کیندر میں کوئی شبھ گرہ اوچ راس کا ہو کر بیٹھا ہو یا ترکون یعنے ۵-۹ خانہ میں شبھ گرہ اوچ کا ہو۔ تو مریض کو جلد آرام ہوگا۔ اگر لگن چر ہو۔ تو بیماری کبھی ہٹ جاتی ہے۔ کبھی پھر ہو جاتی ہے۔ ستھر ہو۔ تو بیماری متواتر ایک ہی لگی رہتی ہے۔ دبھاؤ ہو۔ تو ایک بیماری چھوڑ دوسری ہوتی ہے۔ ایسے کہنا۔


**بلندیٔ مراتب؟** اگر گیارہویں گھر کے مالک سے لگنیش ۳-۵-۹-۱۱ گھر میں ہو۔ اور آپس میں اتصال کریں۔ تو جلد مرتبہ ملے گا۔ اگر ۱-۴-۷-۱۰ گھر میں اتصال ہو۔ تو دیر سے ملیگا۔ اگر ہر دو گرہ کیندر میں ہو کر اتصال کریں اور گیارہویں گھر میں کرک یا برکھ راس کا چندرماں ہو تو امید پوری ہوگی۔ اگر گیارہویں گھر کا مالک غروب و پاپی گرہ کے ساتھ ہو۔ تو نا امیدی ہو جاوے۔ اگر گیارہویں گھر کا مالک شبھ گرہ کے ساتھ ہو یا شبھ گرہ دیکھے تو مرتبہ ملے۔ تو امید پوری ہو کر بھرنا


**خرید و فروخت؟** خرید کرنے والا لگنیش یعنے لگن کا مالک اور فروخت کرنے والا لابھیش یعنی گیارہویں گھر کا مالک ہوتا ہے۔ ان دونوں کی طاقت دیکھ کر سوال کا جواب دینا چاہیئے۔ اگر لگنیش طاقتور ہو تو چیز خرید کرنے سے فائدہ ہوگا۔ اگر لابھیش طاقتور ہو تو چیز کو فروخت کر دینا چاہیئے۔ کیونکہ آئندہ ارزاں نرخ ہو جاوے گا۔ اگر کمزور ہو۔ فروخت کرنے سے نقصان ہوگا۔

**زمین؟** لگنیش اور چندرماں اور مالک خانہ چہارم آپس میں اتصال کریں۔ یا ایک ہی گھر میں تینوں بیٹھے ہوں تو زمین ضرور ملیگی اگر ساتھ ہی پاپی گرہ بھی بیٹھے ہوں یا دیکھتے ہوں۔ تو زمین نہیں ملیگی

**زراعت؟** اگر پرشن لگن میں پاپی گرہ ہوں تو زراعت کو چوروں کا خطرہ ہو۔ اگر یہ پاپی وکری یا زیادہ تیز رفتار ہوں تو تھوڑا سا نفع ہو۔ اگر لگن میں شبھ گرہ ہوں تو زراعت سے اچھا نفع ہو۔ اگر چوتھے گھر میں پاپی گرہ ہوں۔ تو کسان زراعت کو چھوڑ کر بھاگ جاویگا۔ اگر ساتویں گھر میں شبھ گرہ ہوں تو زراعت اچھی ہوگی۔ اگر پاپی گرہ ہوں زراعت کم ہو کر دسویں گھر کا مالک دسویں خانہ میں ہو اور ساتھ [illegible] ہو [illegible] بھی اچھی ہو۔

# عِلم قیافہ ——— یعنی ——— عِلم سامدرک




## ہاتھ میں کچھ دیگر نشان

ہاتھ کے دونو نقشے اوپر دیئے گئے ہیں۔ لیکن ہاتھ میں کئی قسم کے اور دوسرے نشان بھی دیکھے جاتے ہیں۔ ان میں سے آٹھ مشہور نشان یہ ہیں۔ (۱) داغ (۲) پچھتر (۳) ٹاپو (۴) سم کون (۵) کون (۶) تر بھج (۷) گنگ (۸) جال

ان نشانوں کی تصویریں نقشہ میں دی ہوئی ہیں۔ اس کی مدد سے عالم لوگ ان نشانوں کی شکلیں سمجھ سکتے ہیں۔ ان نشانوں میں سے پچھتر۔ ٹاپو، سم کون کون اور تر بھج یہ پانچ شُبھ ہیں، داغ، گنگ، اور جال یہ تین اشُبھ ہیں۔ جو نشان جس ریکھا کے نزدیک ہو، یا درمیان ہو، وہ اسی ریکھا کے پھل کو نیک و بد بنائیگا۔ اشُبھ نشان جس ریکھا کے نزدیک ہوں گے۔ اسی پھل میں بُرائی پیدا کریں گے۔

اسی طرح شُبھ نشان بھی اپنا پھل دکھائیں گے۔ اگر مندرجۂ بالا نشانوں میں سے کوئی نشان کسی گریہ کے مقام پر ہو، تو اُس گریہ کے پھل پر بھی اس نشان کا اثر پڑیگا۔ مثلاً بد نشان اُس گریہ کے پھل اپنی بُرائی کو ظاہر کریگا۔ اسی طرح شُبھ نشان اس گریہ کے اشُبھ پھل میں سُدھار اور شُبھ پھل میں ترقی کریگا۔

پرماتما نے جو کچھ نصیبوں میں لکھا ہے، وہی عملی طور پر انسان کی زندگی میں واقع ہوتا ہے اس کے برخلاف کچھ نہیں ہو سکتا۔ پرماتما نے انسان کے جسم کی شکل و شباہت اور اس کی ساخت و بناوٹ کے ایسے نشانات ڈھالے ہیں جس سے اس کی خاصیت اور ماہیت بخوبی معلوم ہو سکتی ہے۔ یہ قدرتی نقش و نگار جن کو پرماتما نے ہر ایک انسان کے جسم پر اس کی تقدیر کے موافق کھینچے ہیں تاکہ عقلمند ان کی خاصیت اس کے نقش و نگار سے واقف ہو جاوے۔ ہاتھ اور انگلیوں کی سیدھی و ٹیڑھی لکیریں ہتھیلی کی بناوٹ، ناخنوں کے رنگ اور بناوٹ کے دیکھنے سے تقدیر معلوم ہو سکتی ہے۔

**کلائی کی بناوٹ:**۔ کلائی پر لائن یعنی ریکھا کا ہونا خوش قسمتی کی علامت ہے۔ اگر تعداد میں فقط ایک ہی ریکھا ہو تو وہ اُس انسان کی عمر صرف ۳۰ سال ظاہر کرتی ہے۔ اور اگر دو لائن ہو جاویں تو اُس سے دوگنی عمر ظاہر ہوگی۔ اسی طرح سے جتنی ریکھائیں کلائی پر ہو جاویں اُسے دوگنا کرتے جاویں یعنی اگر چار ریکھائیں پڑ جائیں تو وہ ایکسو بیس۱۲۰ سال کی عمر ظاہر کریں گی۔

**ہاتھ سے پہچان:**۔ سخت ہاتھ والا حکومت کرنے میں یا در ہوگا۔ نرم ہاتھ والا آرام طلب ہوگا۔ نرم اور پھیلے ہوئے ہاتھ سست طبیعت اور مند بھاگ ہونے کی علامت ہے۔ سخت اور مضبوط ہاتھ والا صبر اور پھرتی والا ہوگا۔ چھوٹا ہاتھ زندگی غلامی میں گذارنے کی علامت ہے۔ لمبے ہاتھ والا چھان بین کی لیاقت سے زندگی عمدہ بنانے والا ہوگا۔ لمبا۔ بدنما اور سخت ہاتھ جلاد۔ بے رحم اور بُری قسمت والا ہوگا۔ ہاتھ پاؤں چھوٹے مطلب پرست اور منحوس مانا گیا ہے۔ صاف اور عمدہ ہاتھ عقل شرافت کو ظاہر کرتا ہے۔

**ہاتھ کے چھ درجے:**۔ رُوحانی ہاتھ۔ سپاٹ ہاتھ۔ متفرقہ ہاتھ۔ مثلثی ہاتھ۔ مربع ہاتھ۔ منطقی ہاتھ۔

روحانی ہاتھ:۔ جس کی انگلیوں کے جوڑ معلوم ہی نہ ہوں۔ اور ناخن کی پوری گولائی ہو۔ تو ایسا انسان [illegible] جس کی انگلیوں کے درمیانی جوڑ موٹے [illegible]

B

اور سرے اُن کے گول ہوں تو ایسا انسان محنتی ارادہ کا پکا جس بات پر اڑے پیچھے نہ ہٹے۔ متفرقہ ہاتھ :۔ جس کا انگوٹھا چھوٹا انگلیاں تراشی ہوئی سی ہوں ایسا شخص قدرتی عقل والا۔ شرمناک اور ڈرپوک ہوگا۔ شاشی ہاتھ :۔ جس کی انگلیوں نوکیلا اور جوڑ ان کے موٹے ہوں حُسن پرستی پر مرمٹنے والا ہوگا۔ مربع ہاتھ :۔ جس کی انگلیوں کے سرے چوڑے ہوں۔ حکومت کا خواہشمند ارادے کا پکا منطقی ہاتھ :۔ جس کا انگوٹھا لمبا انگلیوں کے جوڑ باہر کو یا موٹے ہوں، تو ایسا شخص معاملات کی جڑ تک پہنچنے والا ہوگا۔

**ہاتھ دیکھنے کا طریقہ اور وقت** :۔ مرد کا دایاں اور عورت کا بایاں ہاتھ دیکھنے کے علاوہ دونوں ہاتھوں کا بغور مطالعہ کرنا چاہیئے۔ غذا کھانے کے بعد رات کے وقت نیز کم روشنی میں ہاتھ دیکھنا اور نا ہی دکھانا چاہیئے۔ بعد ورزش یا کسی بوجھ اُٹھانے کے اور نہ ہی کسی منشی اشیا استعمال کے بعد ہاتھ نہیں دکھانا چاہیئے۔ ہاتھ دیکھنے کے وقت سب سے پہلے عمر ریکھا کو دونوں ہاتھوں میں غور سے دیکھنا چاہیئے۔ ہاتھ کو غور سے دیکھو اور خیال رکھو کہ بعض لوگوں کے ہاتھوں میں بباعث محنت و مشقت زائد ریکھا بھی بڑھ جاتی ہیں۔ ایسے لوگوں کے ہاتھ دیکھنے میں زیادہ احتیاط رکھی جاوے۔

**پشت ہاتھ دیکھنے کا طریقہ** :۔ جس مرد کے ہاتھ کی پشت پر بال معلوم نہ ہوں، کوئی بھی نس اُبھری ہوئی نظر نہ آوے۔ اور پشت کی اونچائی زیادہ ہو تو وہ انسان خوش قسمت ہوتا ہے اور اگر کسی عورت کے ہاتھ کی پشت پر بال ہوں اور نسیں بھی نظر آویں اور اونچائی نہ ہو تو وہ بدنصیب عورت ہے۔ یا جلدی بیوہ ہوگی۔ زیادہ بالوں اور نسیں اُبھری ہوئی والا ہاتھ غریبی کی علامت ہے۔ پشت پر زیادہ بال دھوکہ باز اور چالاک ہونے کی نشانی ہے۔ بالکل بال نہ ہونے سے بے وقوف ہونے کی علامت ہے۔ چھوٹے چھوٹے بال یا نہ معلوم بال ہونے سے عقلمندی اور بات کی تہ تک پہونچنے اور آرام پسند ہونے کی علامت ہے۔ عورت کے ہاتھ کی پشت پر بالوں کا ہونا اس کی بے رحمی کو ظاہر کرتا ہے۔ انگوٹھے پر بالوں کا ہونا عقلمندی کا نشان ہے۔ انگلیوں کی گانٹھ یعنی جوڑوں پر بالوں کا ہونا دل کی سختی کی علامت ہے۔ انگلیوں کی پشت پر بالوں کا ہونا ظالم اور بدکار ہونے کا نشان ہے۔

## ہتھیلی کی پہچان

جس کی ہتھیلی بھاری یا موٹی ہو۔ لالچی معمولی درجہ کی زندگی کی نشانی ہے۔ لاغر یا کمزور ہتھیلی غریبانہ حالت و غریبانہ روزگار ہونے کی علامت ہے لمبی ہتھیلی فقط ظاہر کرنے کی طاقت ہی ظاہر کرتی ہے دیگر لمبی یا گول ہتھیلی حکمران و خوش گذران ہونے کی دلیل ہے۔ کوئی آدمی ایسا نہ ہوگا جس کے ہاتھ میں سیدھے یا ٹیڑھے خط نہ ہوں اگر بر تقدیر کوئی ایسا آدمی جس کے ہاتھ میں بالکل کوئی ریکھا نہ ہو، تو اول اس کی زندگی محال ہوتی ہے۔ اگر کسی اور علامت سے وہ زندہ رہ ہی جاوے تو بڑا قزاق اور سفاک ظالم ہو۔ اور اگر کسی کے ہاتھ میں قدرتاً ریکھا بکثرت ہوں تو وہ شخص مفلس اور تنگ دست ہو۔ اور اگر ریکھا گہری اور چکنی اور دراز ہوں تو ہر ایک کام میں کامیابی حاصل ہو۔ پس ہاتھ کو غور سے دیکھو۔

**ہاتھ کی ہتھیلی کی رنگت سے پہچان** :۔ سفید رنگ کی ہتھیلی والا سوارتھی یعنی خود غرض و خود پسند ہو، دوسروں کے کام نہ آئے۔ سُرخ رنگ کی ہتھیلی والا دولت مند اور صاحب جائداد ہو۔ زرد رنگ طبیعت میں گرم مزاجی۔ غیر عورتوں سے ناجائز تعلق پیدا کرے۔ سیاہ رنگ طبیعت کا کف بلغمی۔ بزدل و دُکھی رہے۔ منشی اشیا کا استعمال کرے۔ بھوسلا رنگ غریبی کی علامت ہے بست و کائر ہو۔ گلابی رنگ قسمت آور ہے۔ اقبال مند انصاف پسند دانا و عاقل ہو۔

**ناخنوں سے پہچان** :۔ ناخون ۹ مہینے میں پورا ہو جاتا ہے۔ اس لئے چھٹے ہوئے ناخنوں سے بیماری کے وقت کا پتہ لگ جاتا ہے۔ ناخون گول ہونا علم و ہنر والا اور شرمسار ہونے کی علامت ہے۔ چوڑے ناخون پھیپھڑوں کی بیماری کو ظاہر کرتے ہیں۔ چھوٹے ناخون تنگ دل لالچی اور جلد باز ہونے کی نشانی ہے۔ اور بہت ہی چھوٹے ناخون کم عقلی کو ظاہر کرتے ہیں۔ لمبے ناخنوں سے پھیپھڑے کی بیماری یعنی تپ دق۔ دمہ چھاتی کی بیماری کا پتہ چلتا ہے۔ اگر لمبے ناخون میں نیلے پن کی جھلک دکھائی دے، تو جسم میں خون کی کمی و دل کی کمزوری ظاہر کرتے ہیں۔ پتلے جھکے ہوئے اور ٹیڑھے ناخنوں سے نازک حالت۔ خراب معنوں میں ہونے کی نشانی ہے۔

**ناخنوں کی رنگت سے پہچان** :۔ سبز رنگ سے شریر فسادی۔ نیلا یا سفید رنگ سے خون کی کمی بیمار۔ زرد رنگ سے دل کی بیماری۔ سیاہ رنگ سے عمر بھر کم دولت اور غرضیکہ سونے یا سکہ کا رنگ سے پریشانی کی علامت ہے۔

## انگلیوں کی پوریوں سے پہچان

انگوٹھے کی دو اور باقی کی تین تین پوریاں ہوتی ہیں۔ انگلیوں کی پوریوں پر سیدھی اور کھڑی باریک لکیریں اوپر کی طرف اُٹھی ہوئی خوش قسمتی کی علامت ہے۔ اور اسی سے انسان کا بچپن۔ جوانی اور بڑھاپا کا اندازہ لگایا جا سکتا ہے۔ کہ مالی حالت کیا ہوگی۔

**انگلیوں کی پوریوں سے تین باتوں کے حالات معلوم کرسکتے ہیں** :۔ پہلی پوری ناخون والی سے عقل اور فہم اور علم روحانی یعنی بدھی و عادات۔ دوسری پوری سے دماغی اور جسمانی حالات۔ تیسری سے بیوپار روزانہ یعنی بیوپار تجارت اور روزگار کی پہچان کی جاسکتی ہے۔ پوری اول لمبی مضبوط اور موٹی ہو تو اُس کا دماغ اعلیٰ پایہ کا ہوگا۔ اور قانون قدرت کا قائل ہوگا۔ پوری نمبر ۲ لمبی اور مضبوط اور موٹی ہو تو اُس کی خواہشات وسیع ہوں گی۔ ہر ایک کام سوچ سمجھ کر کریگا۔ پوری نمبر ۳ مذکورہ بالا پوریوں کی نسبت لمبی زیادہ اور موٹی ہوں تو دُنیاوی آرام کا خواہشمند اور عیش پسند ہوگا۔

**انگلیوں کی راشیاں** :۔ انگلی نمبر اول جو کہ انگوٹھے کے ساتھ والی ہے۔ اس انگلی کی پہلی پوری کی راس میکھ۔ پوری نمبر ۲ پر برکھ پوری نمبر ۳ متھن۔ انگلی نمبر ۲ کی پہلی پوری کی راس مکر دوسری کنبھ اور تیسری پوری کی مین راس ہے۔ انگلی نمبر ۳ کی پہلی پوری کی کرک اور دوسری کی سنگھ تیسری کی کنیا راس ہے۔ انگلی نمبر ۴ کی پہلی پوری کی تُلا دوسری کی برسچک اور تیسری کی دھن راس ہے۔



## ہاتھ کے انگوٹھے سے علامات دریافت کرنے کا طریقہ

انگوٹھے کے ناخن والا حصہ اگر چوڑا ہو تو بہادری و جوانمردی کی علامت ہے۔ گول ہو تو ایسا شخص متکبر و خود غرض ہوتا ہے۔ تجربہ بتلاتا ہے کہ اگر ...

کہ آپ کی پیدائش چاندنی حصہ کی ہے۔ اگر یہ جوڑ پورا خوبصورت ہو تو وہ دولت مند خوش گذران ہو۔ اور اگر جو کسی جگہ سے ٹوٹا پھوٹا ہو تو ہمیشہ سفر میں رنج و تکلیف اُٹھائے۔ دیگر اگر اس پورے میں ایک خط مانند (۱) کے سیدھا ہو تو وہ بڑا پرہیزگار، عابد، راست گو اور صاحب کمال ہو۔ انگوٹھے کا درمیانی پوروے کا حصہ متعلق دانائی اور عقلمندی کے ہے۔ اور اگر بہ نسبت دوسرے حصوں کے یہ حصہ بڑا ہو تو جان لو کہ یہ شخص بڑا دانا عقلمند بلکہ عالم فاضل اور لکچرار ہے۔ انگوٹھے کا سب سے نیچے کا حصہ نفس سے متعلق ہے۔ اگر یہ حصہ نسبت دیگر حصوں کے بڑا ہو تو جان لو کہ یہ شخص عورتوں سے زیادہ الفت رکھے۔

**ہاتھ کی انگلیوں سے پہچان:** عموماً ہاتھ کی پانچ انگلیاں ہوتی ہیں۔ اور اگر تعداد میں چھ ہو جائیں تو کم عمر اور مند بھاگ ہوگا۔ ورنہ لمبی عمر اور خوشحال ہوگا۔ اول انگلی کا نام ترجنی۔ دوسری کا نام مدھما۔ تیسری کا نام انامکا۔ اور چوتھی انگلی کا نام کنشٹکا ہے۔ ہاتھ کی انگلیاں بالکل صاف اور بالکل ہی سیدھی ہوں تو خوش قسمتی کی علامت ہے۔ ترجنی حکومت کی انگلی ہے۔ اس سے ارادہ کی پختگی کا پتہ چلتا ہے۔ مدھما سنیاس علیحدگی گوشہ پسندی ظاہر کرتی ہے۔ انامکا خود وتی محنت کی عادت۔ ہنرمندی کی نشانی ہے۔ اور کنشٹکا بولنے کی طاقت۔ دماغی قابلیت ہونے کی علامت ہے۔ بشرطیکہ یہ سب بالکل سیدھی ہوں۔

## ہاتھ کی ریکھاؤں کے بناوٹ کے حالات

ہاتھ کی ریکھائیں یوں تو بہت سی ہیں مگر اس وقت صرف آٹھ ریکھاؤں کے متعلق ذکر کرتے ہیں:-

(۱) آیو (۲) مستک (۳) اینتہ کرن (۴) بھاگیہ (۵) ودّیا (۶) اروگیہ یعنی تندرستی (۷) چندرماں (۸) معاون ریکھا۔ آیو ریکھا انگوٹھے اور اس کے ساتھ والی انگلی کے درمیان سے نکل کر کلائی کی طرف انگوٹھے کے نچلے حصے کی اونچائی کو گھیر کر کلائی تک آگئی ہے۔ اس سے آئندہ لاحق ہونے والی بیماریوں کی پہچان ہوتی ہے۔ یہ ریکھا لمبی اور کل کلائی تک ہو نہ گہری اور نہ ہی زیادہ فراخ ہو۔ دیکھنے میں خوبصورت رنگت میں گلابی ہو کہیں بھی کسی قسم کا داغ نہ ہو۔ اور دوسری ریکھاؤں سے جگہ بجگہ کٹی ہوئی نہ ہو۔ ایسی ریکھا رکھنے والے کی عمر دراز۔ تندرستی یکسی مضبوط ہونے کی علامت ہے بشرطیکہ بائیں ہاتھ میں بھی یہ ریکھا ایسی ہی ہو۔ اگر کم و بیش ہو جاوے تو اُسے ناپ لینا چاہئے۔ ایک ہاتھ میں اس ریکھا کا راستہ میں ہی ٹوٹ جانا طبیعت کے پریشان [illegible] رہنے کی علامت ہے۔ اور دونوں ہاتھوں میں اس ریکھا کا ٹوٹ جانا لازمی اور یقینی موت کی دلیل ہے۔ (۲) مستک ریکھا کا تعلق دماغی قوتوں عقل وغیرہ سے ہے۔ اس سے آدمی کی سمجھ بوجھ اور ذہانت کا حال معلوم ہوگا۔ یہ ریکھا انگوٹھا اور ساتھ والی انگلی کے درمیان اور آیو ریکھا سے اوپر کی ریکھا ہے۔ عمدہ خط و مارغ سیدھا۔ بے عیب۔ نہ زیادہ لمبا اور نہ چھوٹا جو خط زندگی کے آغاز سے شروع ہو کر ہتھیلی کے دوسرے سرے سے ذرا ادھر ہی ختم ہو جاوے صحیح الدماغ۔ کامیاب اور ہمہ صفت موصوف ہوتا ہے۔ اور ہتھیلی کے دوسرے کنارے تک پہنچا ہوا خط خود غرض ہونے کی دلیل ہے۔ (۳) اینتہ کرن ریکھا اس ریکھا کا تعلق کیفیت نفس اور طبعی رجحان کے ساتھ ہے۔ اس سے انسان کے جذبات معلوم ہوتے ہیں۔ یہ چوتھی یعنی چھوٹی انگلی جس کا نام کنشٹکا ہے جیسا کہ شکل سے ظاہر ہے۔ کی جڑ کے پاس بدھ کے استھان کے نیچے سے شروع ہو کر برہسپت کے استھان یعنی ترجنی کے نیچے پہنچتی ہے۔ اس ریکھا کے ذریعہ دل کی محبت کا پتہ چلتا ہے۔ یہ ریکھا لمبی اور صاف و باریک ہونی اچھی ہے۔ شاخوں والی ہونے سے دل کی کمزوری ظاہر کرتی ہے۔ دل کی ریکھا کا خاتمہ پر دو شاخی ہونا بینائی میں فرق آنا کی دلیل ہے۔ نمبر۴۔ بھاگیہ ریکھا۔ یہ ریکھا بڑی اُتم ہے۔ یہ ریکھا چار مقاموں سے شروع ہوتی ہے۔ اول کلائی سے شروع ہو کر ہتھیلی کے درمیان سے گزر کر سیدھی درمیانی انگلی کی جڑ کے پاس یعنی سنیچر کے استھان پر ختم ہوتی ہے۔ دوئم آیو ریکھا کے پاس سے بھی شروع ہوتی ہے۔ سوئم چندرماں کے استھان سے بھی نکلتی ہے۔ چہارم منگل کے میدان سے بھی شروع ہوتی ہے۔ بعض ہاتھوں پر یہ ریکھا بالکل نہیں ہوتی۔ اس سے یہ مطلب نہیں سمجھنا چاہئے کہ ایسے آدمی کا بھاگیہ ہی خراب ہے۔ اُس کے لئے سورج کی لائین کا اچھی طرح سے ملاحظہ فرماویں۔ نمبر۵۔ سورج ریکھا جسے ودّیا ریکھا اور بھاگیہ ریکھا کے نام سے بھی پکارا جاتا ہے۔ یہ ریکھا بھاگیہ کے اُودھے ہونے میں بھی مدد دیتا ہے۔ یہ اور انامکا کے نیچے ہوتی ہے۔ یہ ریکھا باریک سیدھی اور صاف ہونی چاہیے۔ ٹوٹی ہوئی لکیر یا مدھم لکیر بھاگیہ اور ودّیا کی کمی ہونے کی نشانی ہے۔ صاف ریکھا سے پورا ودوان عالم فاضل مشہور و معروف ہوتا ہے۔ نمبر۶۔ اروگیہ ریکھا۔ اس ریکھا سے جیسا کہ اس کے نام سے ظاہر ہے انسان کی جسمانی صحت کا پتہ بتلاتی ہے۔ یہ ریکھا کلائی سے نکل کر سب سے چھوٹی انگلی کے نیچے بدھ کے استھان تک پہنچتی ہے۔ اس سے تندرستی ظاہر ہوتی ہے۔ اور اگر آدمی تندرست رہیگا، تو وہ کبھی بیکار نہیں رہیگا۔ بلکہ ہر وقت کسی نہ کسی کام میں لگا رہے گا۔ اس لئے شاستروں میں آیا ہے کہ ایسا انسان ہر وقت خوش و خرم ہی نظر آئے گا۔ نمبر۷۔ چندرماں کی ریکھا۔ ریکھا نمبر۶ کے پاس مشرق کی جانب انگلی نمبر۴ کے نیچے ریکھا نمبر۳ سے نکل کر منگل اور چندرماں کے استھان کو گھیر کر نصف چاند کی مانند ریکھا والا جوتشی وئید باکمالی۔ انجنیر۔ ڈاکٹر۔ یوگی راج ہونے کی دلیل پیش کرتا ہے۔ نمبر۸۔ معاون ریکھا عمر۔ یہ ریکھا جیسا کہ اس کے نام سے ظاہر ہے عمر ریکھا کی مددگار ہے۔ عمر ریکھا کی ہی مددگار نہیں، بلکہ انسان کی تمام عمر یا زندگی کی مدد ظاہر کرتی ہے۔ یہ ریکھا آیو کے ساتھ ساتھ ہی چکر کاٹتی ہوئی کلائی کے پاس جا کر ختم ہو جاتی ہے۔ غرضیکہ ایسا آدمی ہر طرح سے سُکھ پاتا ہے۔

## ہاتھ کی چھوٹی چھوٹی ریکھاؤں کی پہچان

بدھ کے استھان پر کنشٹکا یعنی سب سے چھوٹی انگلی کے نیچے کے کنارے پر شادیوں کے متعلق ریکھاؤں کی پہچان ہے۔ اس کے کنارے پر جس قدر بڑی اور صاف ریکھائیں ہوں گی اتنی ہی شادیاں ہونگی۔ دو لکیروں سے زیادہ تعدادکی حالت میں عورتوں کی تعداد شادی کی تعداد لکیروں کی کل تعداد سے ایک کم یعنی تین لکیروں سے دو دفعہ شادی اور چار کیلئے تین دفعہ شادی ہونے کی دلیل ہے۔ شادی کی ریکھا کے اوپر نہایت باریک باریک سیدھے خط لڑکے اور دو شاخی لکیریں لڑکیاں اوّل نر مادہ اولاد دیکھنے کیلئے ہوگا۔ صاف و درست اور صحیح خط قائم اولاد۔ مدھم اور کٹے ہوئے خط مر جانے والی اولاد ظاہر کرتے ہیں۔ برہسپت کے سیدھے کھڑے بدھ کے استھان پر شادی ریکھا کے اوپر اولاد کی کل تعداد ظاہر کرتے ہیں۔ یہی خط دائیں ہاتھ کے انگوٹھے کی جڑ میں مرد کے تعلق سے اولاد اور بائیں ہاتھ سے عورت کی اولاد مثل بدھ کے برج کے کنارہ پر مددگار اولاد چندر کے برج کے کنارہ پر عمر والی اولاد جو دریا زندہ رہے ظاہر کرتی ہیں۔ بھائیوں کی ریکھا۔ ہاتھ کی کلائی سے اوپر اور انگوٹھے کے درمیان ہتھیلی کے کنارے پر یہ ریکھا ہوتی ہیں۔ جو ریکھا موٹی اور گہری ہوں۔ اس قدر بھائی ہوں جس قدر باریک اور مدھم ہوں گی اس قدر ہمشیرہ ہوں گی ٹوٹی چھوٹی ریکھا دل سے بیماری لمبی اور نمایاں ہوں، تو بھائی بہن ز[illegible] مرے ہوئے جاننے چاہئیں۔ اور اگر ٹیڑھے ہوں۔ تو بھائیوں سے موافقت نہ رہے۔

## ہاتھ کی انگلیوں پر کے نشانات کے حالات

یوں تو ہاتھ کے کسی حصہ پر ستارہ کا نشان ہونے سے نحوست اور پریشانی کی علامت ہوتی ہے۔ مگر انگوٹھے کے زیرین ستارہ کا نشان ہو تو زن منکوحہ سے رنج۔ اور اگر ترجنی انگلی یعنی برہسپت کے استھان پر ستارہ ہو تو عورتوں کی طرف رغبت رکھے۔ اور اگر مدھما انگلی یعنی سنیچر کے استھان پر ستارہ ہو تو نحوست و پریشانی سے بسر اوقات کے علاوہ تنگ دست ہو۔ اَنامکا یعنی سورج کے استھان پر ستارہ ہو تو دولتمندی ظاہر کرتا ہے۔ کنشٹکا یعنی بدھ کے استھان پر ستارہ ہو تو جنگ و جدل میں مارا جاوے۔ اسکے علاوہ بھی انگلیوں پر طرح طرح کے نشانات مثلاً سنکھ چکر سیپ۔ جو وغیرہ کے نشانات ملتے ہیں

## ریکھاؤں کے ذریعہ سے حالات معلوم کرنے کا طریقہ

جو ریکھا مکمل طور پر مطابق نقشہ کے ہوں شاستر کے فرمان سے ان کا سو سال کی عمر کا اندازہ لگا کر ان کے ناپ سے ۲۰، یا ۱۴ حصہ بنالیں۔ مگر خیال رہے کہ اِس زمانہ میں سو سال کی عمر تو کوئی ہی گذارتا ہے۔ اس لئے اندازہ کے لئے تقریباً ۷۰، سال کی عمر کا اندازہ لگائیں۔ ان حصوں میں ریکھا پر کوئی حصہ ٹوٹا ہوا یا زنجیر وغیرہ یا کراس کا نشان پایا جاوے۔ تو اُس حصہ عمر میں ضرور جسمانی اور مالی تکلیف ہوگی۔ آپ اپنی عقل اور تجربہ سے ان حصوں کے حصہ بنالیں بلکہ ہر ایک ریکھا کے ۷۰ حصہ بنالیں جس حصہ پر مذکورہ بالا نشان پاؤ گے۔ عمر کے ۷۰ سال بنا کر اس حصہ کے سال کا پتہ لگ جاوے گا۔ اسی طریقہ سے ہر ایک لائین کو ناپا اور بُرے واچھے وقت کا پتہ آپ دریافت کرسکتے ہیں۔

## اچھا یا بُرا سال دریافت کرنے کا طریقہ

اپنے جنم کے سال کو اپنے داہنے ہاتھ کی انگلی نمبر ۵ یعنی کنشٹکا کی پوری اول یعنی ناخن والی پوری سے شمار کریں۔ انگلی کی تین پوریاں ہوتیں ہیں۔ پانچوں انگلیوں کی پندرہ۔ داہنے ہاتھ کی انگلی سے شمار کرکے جب پندرہ ہو جائیں، تو بائیں ہاتھ سے اسی طریقہ سے شمار کریں۔ جب وہاں سے بھی ختم ہو جاویں، تو پھر داہنے ہاتھ پر آجاویں جس سال کا حال دریافت کرنا ہو وہ سال جس انگلی کی پوری پر ختم ہو اسی پوری پر جو تین کونہ اور چکر کا نشان ہو تو وہ سال اچھا گذرے گا۔ اگر وہاں کوئی ٹوٹی ہوئی ریکھا ہو یا خراب نشان ہو، تو سال کا نتیجہ منحوس ہوگا۔ مثلاً آپ کا جنم ۱۸۹۲ء کا ہے۔ آپ داہنے ہاتھ کی پوریوں سے شمار کریں۔ آپ نے یہ ۱۹۳۱ء کا پھل دیکھنا ہے۔ تو یہ سال داہنے ہاتھ کی انگلی نمبر ۲ کی دوسری پوری پر آئیگا۔ اس پوری کے نشان دیکھ کر اچھے اور بُرے پھل کو دیکھ سکتے ہیں۔


## ہتھیلی پر خاص نشان جو مرد کی صرف دائیں ہاتھ کی ہتھیلی پر نیک اثر دینگے

۱۔ اگر ہاتھ میں مچھلی کا نشان ہو تو دولت مند چراغ خاندان ہوتا ہے۔
۲۔ شیر کا نشان ہو تو بہادر۔ بے دھڑک۔ بے رحم کی علامت ہے۔
۳۔ سانپ کا نشان ہونے سے خزانہ کا مالک بنتا ہے۔
۴۔ ہاتھی کا نشان ہونے سے راجہ کی مانند ہوتا ہے۔
۵۔ کوا کا نشان ہونے سے فریبی ہوتا ہے۔
۶۔ گائے، بیل کا نشان ہونے سے زراعت میں فائدہ اٹھاتا ہے۔
۷۔ چولہا کا نشان ہونے سے چور۔ تنگ دست ہوتا ہے۔
۸۔ کمان کا نشان ہونے سے بہادر۔ دلاور ہوتا ہے۔
۹۔ پھول کا نشان ہو جانے سے دولت مند۔ عمدہ زندگی والا ہوتا ہے۔
۱۰۔ جھنڈا کا نشان ہونے سے مذہبی علم میں مشہور یعنی کتھاواچک ہوتا ہے۔
۱۱۔ چھتر ہونے سے دولت مند ہوتا ہے۔
۱۲۔ پہاڑ کا نشان ہونے سے مانند وزیر ہوتا ہے۔
۱۳۔ گاؤں کا نشان ہونے سے رئیس ہوتا ہے۔
۱۴۔ پالکی کا نشان ہونے سے بہت ہی آرام کی زندگی بسر کرتا ہے
۱۵۔ آنکھ کا نشان ہونے سے دولت مند مگر فریب سے دھن کماتا ہے۔
۱۶۔ ناک کا نشان ہونے سے معمولی بیوپاری ہوتا ہے۔
۱۷۔ ترسول کا نشان ہونے سے زندگی اچھی عمدہ گزارتا ہے
۱۸۔ ڈھال کا نشان ہونے سے بزدل ہوتا ہے۔
۱۹۔ تلوار کا نشان ہونے سے دشمن پر غالب ہوگا۔
۲۰۔ گھوڑا کا نشان ہونے سے دولت مند اور صاحب جائداد ہوگا۔
۲۱۔ مندر ہونے سے پرہیزگار ہوتا ہے۔
۲۲۔ چوپٹ کا نشان ہونے سے صاحب اقبال ہوتا ہے۔
۲۳۔ قلم کا نشان ہونے سے میر منشی ہوتا ہے۔
۲۴۔ دائرہ کا نشان یا کنڈل کا نشان ہونے سے بہت امیر ہوگا۔
۲۵۔ موسل کا نشان ہونے سے کنجوس ہوتا ہے۔
۲۶۔ اُکھل کا نشان ہونے سے روٹی سے بھی تنگ ہوتا ہے۔
۲۷۔ درخت کا نشان ہونے سے جائداد کا مالک ہوتا ہے۔
۲۸۔ چوکی کا نشان ہونے سے تخت کا مالک ہوتا ہے۔
۲۹۔ رتھ گاڑی کا نشان ہونے سے راجہ مہاراجہ ہوتا ہے۔
۳۰۔ ترازو کا نشان ہونے سے بیوپاری یا آڑھتی ہوتا ہے۔

## گریہ وچار

ہاتھ میں سات گرہوں کے مقام قائم ہیں۔ ان میں سے چھ گرہوں کے مقام تو متواتر ایک ہی ایک ہے۔ لیکن منگل کے دو مقام ہیں۔ ان مقررہ مقاموں میں سے جو مقام اونچا لو بھا ہوا ہو۔ کچھ بڑھا ہوا، اور سخت سا معلوم ہو۔ تو سمجھنا چاہیے کہ وہ اسی گرہ کی پربھاتا کی طاقت [illegible] کے بعد کے اثر ہی ہوتا ہے۔

## ہاتھ کی ریکھاؤں کا نقشہ



| | |
|---|---|
| (۱) چاند | (۵) شکر |
| (۲) منگل | (۶) سنیچر |
| (۳) بدھ | (۷) سورج |
| (۴) برہسپت | |

نقشہ میں جو گرہوں کے مقام بتائے گئے ہیں، اُن کا کچھ بیان نیچے لکھا جاتا ہے :-

**سورج** انامکا انگلی کی جڑ میں نیچے کی طرف کا مقام ہوتا ہے۔ اس کے اُونچا ہونے سے مندرجہ ذیل باتیں مانی جا سکتی ہیں۔ ترقی بڑھنے کی خواہش۔ ڈرائنگ کا کام۔ شاعری۔ خوبصورتی کی محبت، پرتاپ تیرتھ یاترا۔ دھرم۔ رچی۔ علم۔ عزت۔ طاقت۔ خوبصورتی۔ دولت۔ والدین کا سُکھ۔ روح کا مقام بھی سورج کے مقام کو ہی دیکھ کر کیا جاتا ہے۔

**چاند** کلائی کے نزدیک چندرماں کا مقام ہے۔ اسے دیکھکر ماتا کا سُکھ۔ دِلی خیالات۔ عورت کا سُکھ۔ دولت۔ قدرت سے پریم۔ شبھ وچار میں لگا رہنا اور راجہ کی خوشی کا وچار کیا جاتا ہے۔

**منگل** منگل کے دو مقام نقشہ میں دیئے گئے ہیں۔ ان مقاموں کو دیکھ کر۔ بل۔ پراکرم۔ پیٹ کے روگ۔ خون خرابی۔ تندرستی۔ ماتا کا سُکھ۔ زمین۔ فرزند اور کنبہ کی بابت دیکھا جاتا ہے۔

**بُدھ** کنشٹکا انگلی کی جڑ میں بُدھ کا مقام ہے۔ اس مقام سے علم۔ عقل۔ بیوپار بسھاؤ۔ شاعری۔ مصافری وچاروں کی اوتھل پتھل۔ زبان سے بولے ہوئے الفاظ کی طاقت۔ بدھی اور دوستوں کی بابت بھی وچار کیا جاتا ہے۔

**برہسپتی** ترجنی انگلی کی جڑ میں برہسپتی کا مقام ہے۔ اسے دیکھکر۔ عزت۔ دھرم۔ مالک کی عزت۔ حوصلہ انصاف کا درد۔ جاع کی بابت دیکھنا۔ بڑا آدمی بننے کی خواہش۔ عقل۔ علم۔ وچار۔ گیان اور شانتی وغیرہ کی بابت دیکھا جاتا ہے۔

**شکر** شکر کا مقام انگوٹھے کی جڑ سے لیکر کلائی تک ہے۔ اس سے عورت کا سُکھ۔ شادی محبت۔ دل خوش رکھنا۔ سواری۔ کام باشنا۔ اور گہنے کی بابت دیکھا جاتا ہے۔

**سنیچر** مدھما انگلی کی جڑ میں سنیچر کا مقام ہے۔ اسے دیکھ کر۔ کلیش۔ دُکھ۔ درد۔ عیب۔ جُوا۔ ناکامیابی۔ چُپ چاپ تنہائی میں رہنا۔ اوداسی۔ نراشپن اور بُرے وچاروں کو ظاہر کرتا ہے۔ بیراگ۔ سنیاس۔ کیا کروں کیا نہ کروں۔ اس مقام کو دیکھ کر یہ بھی پتہ لگایا جا سکتا ہے۔ جب مقررہ مقام اچھی طرح اُبھرے ہوئے ہوں، تو گرہ کا مقررہ پھل ٹھیک اچھی شکل میں سمجھنا چاہیئے۔ اگر کسی گرہ کا کوئی اٹھاؤ نہ ہو، تو پھل کا پرشن ہی نہیں اُٹھتا۔ اگر اس مقام پر گڑھا۔ بہت اونچا اوٹھاؤ۔ ٹیڑھا میڑھا پن گانٹھ۔ یا اسی طرح کی کوئی بیڈول نشان مقررہ قائم مقام پر ہو، تو جو باتیں گرہ سے جانی جاتی ہیں، وہ تمام باتیں اُلٹا اور بُرا اثر دکھانے والی ہوتیں ہیں۔ ایسا سمجھنا چاہیئے۔

## سنکھ - چکر

ہاتھ کی انگلیوں کے آخری سرے میں ناخنوں سے نیچے والے حصہ میں سنکھ اور چکر کی نشانیاں دیکھی جاتی ہیں۔ اگر دونوں ہاتھوں کی درمیان کی انگلی میں سنکھ اور دوسری انگلی اور انگوٹھے میں چکر ہو، تو نہایت ہی شبھ ہے۔ ایسے نشانات والے راج گدی حاصل کرتے ہیں۔ اس کے پیچھے سنکھ جتنے زیادہ ہوں اور چکر جتنے کم ہوں، تو اس شخص کو قسمت میں کمزور سمجھنا چاہیئے۔ ان کے علاوہ ہتھیلی کے دوسرے حصوں میں اور انگلیوں کی دوسری پوریوں میں بھی سنکھ۔ چکر پائے جاتے ہیں۔ ان کی تعداد کے مطابق پھل کا حساب لگایا جاتا ہے۔

**سنکھ کی تعداد کا پھل** :- اگر ایک ہو۔ تو عالم و فاضل۔ دو ہوں تو دارِدری۔ تین ہوں تو بذریعہ عورت دُکھی۔ چار ہوں تو راجہ کے برابر سکھی۔ پانچ ہوں تو غیر ملکمیں فائدہ حاصل کرے۔ چھ ہوں تو عالم فاضل۔ سات ہوں تو دارِدری۔ آٹھ ہوں تو جیون سکھی ہو۔ نو ہوں تو ہیجڑا۔ اگر دس ہوں تو راجہ یا یوگی ہووے۔


**چکر کی تعداد کا پھل** :- اگر ایک ہو، تو چتر۔ دو ہوں، تو خوبصورت۔ تین ہوں، تو بلاسی۔ چار، دارِدری۔ پانچ، گیانی۔ چھ، چتر۔ سات، باغ باغیچوں میں شوق رکھنے والا۔ آٹھ، دارِدری۔ نو حکمران۔ اگر دس ہوں، تو خدمتگار۔

## تِل

بَرنگ سیاہ و سُرخ۔ دو قسم کے تِل انسانوں کے جسم میں دیکھے جاتے ہیں۔ لال (سُرخ) تلوں کا ہونا نہایت فائدہ مند اور بھاگوان ہونے کا نشان سمجھا جاتا ہے۔ لیکن سیاہ رنگ کے تِل میں یہ خاصیت نہیں ہے۔ سیاہ رنگ کے تِل مقام بھید سے شبھ اور اشبھ دونوں قسم کے ہو سکتے ہیں۔ یہ بھی دیکھا جاتا ہے، کہ تِل جوڑا سے ہوتا ہے۔ اس کی تعداد ایسی ہوتی ہے، کہ جسے دو پر تقسیم کیا جا سکے۔ اگر کسی ایک مقام پر تِل ہوگا، تو اس کے جوڑ کا دوسرا تِل بھی کسی عضو پر ضرور دکھائی دے گا۔ خاص کر جوڑے کا مقام مقرر بھی ہوتا ہے۔ مثلاً اگر ایک تِل ماتھے پر دائیں طرف ہو، تو اس کا جوڑا پیٹ یا بازو پر ہوگا۔ یہ زن و مرد دونوں کے لئے خوشحال رہنے کے نشان ہیں۔ اگر ماتھے پر بائیں طرف ہو، تو بھی دوسرا تِل پیٹ یا بازو پر ہوگا۔ یہ زن و مرد دونوں کے لئے آپس میں ان بن کے نشان ہیں۔ جن کی بائیں آنکھ کی بھوں پر تِل ہوگا، تو ان کی چھاتی پر بھی بائیں طرف تِل دیکھا جائے گا۔ ایسے انسانوں کو بہت سے سفر کرنے پڑتے ہیں۔ اگر دونوں بھوؤں کے درمیان میں تِل ہو اس کا جوڑا [illegible] ایسے انسان بکبادی اور گھمنڈی دیکھے جاتے ہیں۔ ناک کے تِل کا جوڑا نابھ کے نزدیک ہوتا ہے۔ یہ نشان محبت و

خوش مزاجی اور یار باش ہونے کا سبب ہے۔ کنپٹی کے تل کا جوڑا پستان پر ملتا ہے۔ اگر یہ نشان دائیں طرف ہو تو شبھ۔ اگر بائیں طرف ہو تو اشبھ مانا جاتا ہے۔ کان کی جڑ کے آس پاس کے تل کا جوڑا پیٹ پر ہوتا ہے۔ یہ جگر اور انتڑیوں کی خرابی ظاہر کرتا ہے۔ ناک کی نوک کا جوڑا مقعد (گدا) پر ہوگا۔ یہ عمر کی کمی ظاہر کرتا ہے۔ گال یعنی رخسار کا جوڑا کلیجے پر ملتا ہے۔ یہ نشان دائیں اور بائیں دونوں طرف شبھ ہے۔ اوپر کے ہونٹ کے تل کا جوڑا جنگھاؤں میں دیکھا جاتا ہے۔ یہ نشان کنجوسی کا سائین بورڈ مانا گیا ہے۔ اگر نیچے کے ہونٹ پر تل ہو، تو اس کا جوڑا گھٹنے پر ہوگا۔ ایسے آدمیوں کو بواہ شادیوں کے معاملہ میں نہایت دلچسپی ہوتی ہے۔ ترجنی اونگلی کا تل دھنوان ہونے کا۔ دشمن کی زیادتی اور جھگڑا فساد رہنے کا سبب ہوتا ہے۔ مدھما کل یکھ شانتی دینے والا ہوتا ہے۔ جن کی اناملگا میں ہوگا وہ عزت والے پراکرمی۔ دھنوان اور گیان وان ملیں گے کنشٹکا کا تل ا/۲ بات کا ثبوت ظاہر کرتا ہے، کہ وہ شخص دولت اور مکانات ہوتے ہوئے بھی سکھی نہ رہ سکے گا۔ انگوٹھے کا تل چترائی اور لوک بیوہار میں سمجھداری ظاہر کرتا ہے۔ دائیں آنکھ میں تل ہونا تیز عقلی کا نشان ہے۔ یہ جتنی بھی زیادہ گنتی میں ہوں اُتنے ہی اچھے ہیں۔ بائیں آنکھ میں تل ہونا یہ بتلاتا ہے کہ اس آدمی کو اپنا جیون مشکلات کا سامنا کرتے ہوئے گذارنا پڑیگا۔ اگرچہ کسی چیز کی کمی نہ رہے گی، تو بھی سکھ آرام سے زندگی بسر نہ کر سکے گا۔ گردن کا تل۔ شردھالو۔ ایشور بھگت اور پریم سے بولنے والا ظاہر ہوتا ہے۔ ٹھوڑی کا تل۔ کمزوری۔ ڈرپوک اور زنانہ پن کا نشان ہے۔ پاؤں کے تل انسان کو ایک جگہ بیٹھنے نہیں دیتے۔ اس شخص کو یہاں سے وہاں، وہاں سے یہاں دوڑنا پڑتا ہے۔ عورتوں کی ناک پر تل ہونا ان کے سہاگیہ کا نشان ہوتا ہے۔ ایسی عورتیں پتی کی طرف سے خوش۔ جن کی دائیں طرف تل زیادہ ہوں، تو کرزندگی تعداد اور جن کی بائیں طرف تل زیادہ ہوں، تو دختر کی تعداد زیادہ پیدا ہوتی ہے۔ گال پر تل ہونے سے عورت کی خواہش اور پریم سکھ کی ابھلاشہ خاص طور سے پائی جاتی ہے۔ بازوؤں پر تل والے بہادر۔ پیٹ پر تل والے چٹورے۔ چھاتی پر تل والے پراکرمی۔ پیٹھ پر تل والے پراشرمی۔ ترقی حاصل کردہ۔ چہرہ پر تل والے بغیر حوصلہ۔ دوسرے کا سہارا تکنے والے ہوتے ہیں۔ خفیہ مقاموں پر تل ہونا کام چیشٹا کی زیادتی ظاہر کرتے ہیں۔ بارہ سے کم تعداد میں تل ہونا شبھ ہے۔ اگر اس تعداد سے زیادہ ہوں، تو جسمانی اور روحانی مرض کے نشان سمجھنے چاہئیں۔ عام طور پر دائیں طرف کے تل بنسبت بائیں طرف کے زیادہ شبھ اور لابھ دینے والے ہوتے ہیں۔

## پاؤں اور اُسکی ریکھاؤں سے پھل وچار




(۱) سر پر کو دیکھتے ہوئے، اگر پاؤں کا آکار موٹا اور لمبا ہو، تو وہ شخص مزدوری جیسا کام کرے۔ بدھی مانی کا کام نہیں کر سکتا۔ (۲) پاؤں کا آکار اگر چھوٹا ہو تو اس شخص کو چور یا لچا سمجھو۔ اگر کوئی اس پر بھروسہ رکھ کر کام کرے، تو وہ پھنس جاتا ہے۔ اور اس کا سُبھاؤ بھی گرم ہوتا ہے۔ (۳) پاؤں کا آکار اگر درمیانہ درجہ کا لمبا ہو، تو وہ شخص ہوشیار چالاک اور بھاگوان ہوتا ہے۔ اور اچھے مزاج والا ہوتا ہے۔ (۴) اگر پاؤں کا آکار مدھم ہو۔ اور جسم کو دیکھتے ہوئے رنگ کچھ سیاہ ہو، تو وہ شخص والدین کا ناش کرتا ہے۔ (۵) اگر پاؤں چھوٹا ہو اور رنگ بھی سیاہ ہو، تو چور یا ڈاکو ہووے۔ (۶) اگر پاؤں کا آکار درمیانہ لمبا ہو اور رنگ سُرخی پر ہو، تو وہ شخص دھنوان ہوتا ہے۔ (۷) اگر پاؤں کے نیچے ایک طرف گہری چیرے جیسی باریک ریکھائیں پڑی ہوئی ہوں، تو وہ شخص تکلیف حاصل کرنے والا ہوتا ہے۔ (۸) اگر پاؤں میں چھ اونگلیاں ہوں، تو وہ شخص چالیس برس کی عمر تک اچھی حالت میں رہتا ہے۔ اس کے بعد غریبی اپنا سایہ ڈالتی ہے۔ ایسا سمجھنا چاہیے۔

## پاؤں کے انگوٹھے سے پھل

اگر پاؤں کا انگوٹھا لمبا ہووے، تو وہ شخص بیوپاری بنے۔ (۲) اگر یہ انگوٹھا گول ہووے تو وہ شخص بدھی مان یا وکیل ہوتا ہے۔ (۳) اگر انگوٹھا کا آکار چھوٹا ہووے، تو وہ شخص دشواش گھاتی ہوتا ہے۔ (۴) اگر انگوٹھا مدھم درجہ کا ہووے، تو وہ شخص دھرماتما، اور دیالو ہوتا ہے۔ (۵) انگوٹھے کے ناخن کی طرف اگر دو عدد ریکھائیں ٹیڑھی ہوں، تو وہ شخص دھنوان ہوتا ہے۔ اور غریبوں سے محبت بھی رکھتا ہے۔ (۶) اگر انگوٹھے کے ناخن کی طرف ایک عدد ٹیڑھی ریکھا ہووے، تو وہ شخص مدھم حالت میں رہتا ہے۔ اور تنگدستی کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ (۷) اگر پاؤں کے انگوٹھے کے عین ناخن کے نزدیک ٹیڑھی ریکھا ہو، تو وہ شخص ایش والا، اپنی زبان کا سچا، اور مانی پرش ہوتا ہے۔ (۸) اگر انگوٹھے کے نزدیک کی اونگلی خاص موٹی ہووے، تو وہ شخص عرصہ بیس برس کے بعد دھنوان ہوتا ہے۔ (۹) اگر انگوٹھے کے نزدیک کی اونگلی چھوٹی ہو، تو سمجھو کہ وہ شخص کسی کارخانہ میں کام کرتا ہے۔ اور اُس کے گھر پیسہ وصیلائی حالات مدھم رہتی ہے۔ (۱۰) اگر انگوٹھے کے ساتھ والی اونگلی پر چکر کا نشان ہو، تو وہ شخص ہوشیار ہوتا ہے۔ (۱۱) اگر یہاں دھنش جیسا نشان ہووے تو بڑا حکمران ہوتا ہے (۱۲) اگر یہاں دُھجہ کا نشان ہووے، تو سادھو یا مہاتما پرش بنتا ہے۔

**پاؤں کے اوپر اچھے و بُرے نشان :-** اگر پاؤں کے نیچے، دُھجہ۔ بان۔ تلوار۔ سوستھک۔ کمل کا پھول۔ پربت۔ مچھ۔ پھل۔ پالکی یا دھنش کا نشان ہو، تو وہ شخص بھاگوان جاتا ہے۔ اگر پاؤں کے نیچے ریکھاؤں کے نشانات ٹوٹے پھوٹے ہوئے ہوں، تو یہ بُرے ہوتے ہیں

**پاؤں کے نیچے گرہوں کے پربتوں کا گیان :-** انگوٹھا اور اس کی جڑ میں شکر کا پربت ہے۔ انگوٹھے کی ساتھ والی اُونگلی اور اس کی جڑ میں برہسپتی کا پربت ہے۔ اسی طرح اور گرہوں کے پربتوں کا بیان مندرجہ بالا نقشہ کی مدد سے جان لیویں۔ اس میں خاص بات یہ ہے۔ کہ منگل کا پربت دو جگہ ہے۔ ایک تو شکر کے پربت کے نیچے دوسرا انیتہ کرن کی ریکھا کے نیچے۔ بدھ کے پربت کی سیدھ میں نیچے کی طرف ہے۔ اس لئے پاؤں میں منگل کے دو پربت ہیں۔ جس گرہ کا پربت اُٹھاؤ دار اور اونچا ہوتا ہے۔ اس گرہ کا پھل اچھا ملتا ہے۔ جوکہ ہاتھ میں گرہوں کے مقام کا پھل لکھا ہوا ہے۔ پاٹھک کو چاہیئے۔ کہ ہاتھ کا ڈھانچہ انگلی۔ انگوٹھا۔ ناخن۔ بناوٹ۔ ہتھیلی۔ مقام گرہ ہاتھ کی ریکھائیں تل بسنگھ۔ چکر۔ اور کلائی وغیرہ نشانات پر غور سے وچار کریں۔ اسی طرح وچار کرنے سے پاؤں کی بھی ... وہ بالکل ٹھیک ہوگا۔

# عِلم ہیئت و نجوم

**سورجگت (شمسی دُنیا)** ہمارے سورج کی روشنی برہم لوک تک ہی پہنچ سکتی ہے۔ برہم لوک سے نیچے۔ ا۔ ستیہ لوک۔ اس سے نیچے۔ ۲۔ تپ لوک۔ اس سے نیچے۔ ۳۔ جن لوک۔ اس سے نیچے۔ ۴۔ راشی لوک یا مہر لوک ہے۔ راشی لوک (مہر لوک) سے نیچے نچھتر لگشا ہے جو ہماری زمین سے چار عرب تیرہ کروڑ باسٹھ لاکھ باسٹھ ہزار چھ صد اٹھاون یوجن اوپر ہے۔ اس نچھتر لگشا سے نیچے سیارگان ہیں۔ سورجگت میں سورج وغیرہ۔ ستارے اور دھوم کیتو یعنی پونچھ والے ستارے شامل ہیں جن کا مرکز سورج ہے۔ سیارگان اسی کے گرد گردش کرتے اور باہمی کشش کی وجہ سے اپنی اپنی جگہوں پر قائم آسمان میں چمکتے دکھائی دیتے ہیں۔ برہمانڈ ایک سنکھ ۸۷ پدم ۱۲ نیل ۸۰ کھرب ۸۰ عرب ۴۴ کروڑ میل ہے یعنی ہمارا سورج اتنے فاصلہ تک دکھائی دیتا ہے۔

**سُورج** سورج چوتھے آسمان کا مالک ہے۔ کائنات کو روشنی بخشتا ہے۔ یہ زمین سے ۱۰ کروڑ میل کے فاصلہ پر ہے۔ اور زمین سے تین ہزار گنا بڑا ہے۔ اس کا قطر ۸۵۲۵۸۴ میل اور محیط ۲۶۲۱۸۸۲ میل ہے۔ یہ اپنی دُھری پر ۲۵½ ایام میں دَور پورا کرتا ہے۔

**چاند** اس کا فلک اوّل ہے۔ اور زمین سے فاصلہ ۲۳۷۰۰۰ میل ہے۔ قطر ۲۱۵۳۔ ۱۰ اور محیط ۶۷۹۵ میل ہے۔ اور اپنی دُھری پر ۲۷ دن، ۷ گھنٹے ۴۳ منٹ ۱۱ سیکنڈ میں اپنا دَور پورا کرتا ہے۔ زمین کے گرد اس کا دَور ۲۹ دن ۳۱ گھڑی ۵۰ پل میں پورا ہوتا ہے۔ یہی چاند کا مہینہ ہے۔ چاند کا ایک یوم ۲۴ گھنٹے ۵۰ منٹ کا ہوتا ہے۔ اس کی گردش سے بنھ دیکھتہ کا قیام ہوتا ہے چونکہ دیگر سیارگان کی نسبت یہ زمین سے بالکل قریب ہے۔ اس لئے خلقت پر اس کا زیادہ اثر پڑتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ ہر نیک و بدکام میں چاند کی طاقت کو مدِّنظر رکھتے ہوئے کام شروع کرتے ہیں۔ یہی پتر لوک ہے۔ پورنما کو پتروں کی آدھی رات اور اماوس کو دوپہر ہوتی ہے یعنی ایک چاند ماہ پتروں کا ایک دن ہوتا ہے۔ بدی ساڑھے سپتمی کو اُن کا آفتاب طلوع اور شدی ساڑھے سپتمی کو غروب ہوتا ہے۔

**منگل** اس کا فلک پانچواں ہے۔ اس کا سورج سے فاصلہ ۱۵۲۲۷۰۰۰۰ میل ہے۔ اور زمین سے کم از کم فاصلہ ۳۸۶۸۵۰۰۰ میل اور زیادہ سے زیادہ فاصلہ ۲۳۴۶۱۵۰۰۰ میل ہے۔ اس کا قطر ۴۲۰۰ میل ہے۔ محیط اس کا ۱۲۸۸۰ میل ہے۔ یہ اپنے محور پر چوبیس گھنٹے ۳۷ منٹ اور ۲۲ سیکنڈ میں ایک دور لگاتا ہے۔ ۶۸۷ دن میں سورج کے گرد ایک چکر کاٹتا ہے۔ بعض اوقات گردش کرتا ہوا زمین کے قریب پانچ کروڑ میل کے فاصلہ پر آجاتا ہے۔ مدت سے امریکہ وغیرہ کے جیوتشی مریخ تک پہنچنے اور ان لوگوں سے بات چیت کرنے کی کوشش میں ہیں۔ وہاں پر بھی یہاں کی مانند دریا، سمندر، درخت و پہاڑ وغیرہ موجود ہیں۔ اسی لئے مریخ کو شاستروں میں بھُومی پتر کہا گیا ہے۔ ڈیمس اور فوبس دو سٹ لائٹ اس کے گرد گردش کرتے بذریعہ دوربین دکھائی دیتے ہیں۔ ڈیمس تیس گھنٹے ۱۷ منٹ پچپن سیکنڈ میں اور فوبس سات گھنٹے انتالیس منٹ چودہ سیکنڈ میں اس کے گرد گھوم جاتا ہے۔

**بدھ** یہ دوسرے فلک کا مالک ہے اس کا سورج سے ۳۸۷۱۰۰۰۰ میل کا فاصلہ اور زمین سے کم از کم ۵۶۹۷۸۰۰۰ میل زیادہ سے زیادہ فاصلہ ۱۲۸۹۵۲۰۰۰ میل ہے۔ قطر اس کا ۲۹۶۲ میل ہے اور محیط ۹۳۷۴ میل ہے۔ یہ اپنی دُھری ۲۴ گھنٹے ۶ منٹ پر اپنا دور ختم کرتا ہے۔ سورج کے گرد اسے دور لگانے میں ۸۸ ایام خرچ ہوتے ہیں۔ یہ تمام سیارگان سے چھوٹا ہے۔

**برہسپت** یہ چھٹے آسمان کا مالک ہے۔ سورج سے یہ ۵۲۰۲۶۰۰۰ میل کے فاصلہ پر واقع ہے۔ اس کا قطر ۸۸۳۹۰ میل ہے۔ اور زمین سے کم از کم فاصلہ ۳۹۰۷۱۳۰۰۰ میل ہے اور زیادہ سے زیادہ فاصلہ ۵۷۶۶۴۳۰۰۰ میل ہے اور اس کا قطر ۲۷۴۵۳ میل ہے یہ اپنی دُھری پر ۱۰ گھنٹے میں ایک دَور ختم کرتا ہے۔ سورج کے گرد ۴۳۳۲½ ایام میں چکر کاٹتا ہے۔ تمام سیارگان سے بڑا ہے۔ اس کی چمک سوائے شکر کے تمام سیارگان سے تیز ہے۔ اس کے گرد آٹھ چاند (سٹ لائٹ) گھومتے ہیں۔ پہلا ایک دن اٹھارہ گھنٹے اٹھائیس منٹ چھتیس سیکنڈ۔ دوسرا تین دن تیرہ گھنٹے سترہ منٹ چوپن سیکنڈ میں۔ تیسرا سات دن تین گھنٹے اُناٹھ منٹ چھتیس سیکنڈ۔ چوتھا سولہ دن اٹھارہ گھنٹے پانچ منٹ سات سیکنڈ میں۔ پانچواں گیارہ گھنٹے ستاون منٹ اٹھائیس سیکنڈ۔ چھٹا دو سو چھیاسٹھ دن میں۔ ساتواں ۲۷۶½ دن میں چوگرد گھومتا ہے۔

**شکر** یہ تیسرے فلک کا مالک ہے۔ سورج سے اس کا فاصلہ ۲۳۳۰۰۰۰۰ میل ہے۔ اور زمین سے فاصلہ کم از کم ۲۴۷۲۰۰۰۰ میل اور زیادہ سے زیادہ فاصلہ ۱۶۰۲۱۰۰۰۰ میل ہے۔ قطر ۷۵۱۰ میل اور محیط ۲۴۰۳۱ میل ہے۔ یہ اپنی دُھری پر ۲۳½ گھنٹہ میں ایک دَور ختم کرتا ہے۔ اس کو سورج کے گرد چکر لگانے میں ۲۲۵ ایام خرچ کرنے پڑتے ہیں۔ یہ کبھی کبھی دن کے وقت دکھائی دیتا ہے۔

**نیپچیر** یہ ساتویں فلک کا مالک ہے۔ اس کا سورج سے فاصلہ ۲۷۴۵۵۹۰۰۰۰ میل ہے۔ اور زمین سے فاصلہ کم از کم ۲۶۹۳۸۱۴۰۰۰ میل اور زیادہ سے زیادہ فاصلہ ۲۸۴۴۹۷۹۰۰۰ میل ہے۔ قطر ۷۱۹۵۴ میل اور محیط ۲۲۵۴۰۶ میل ہے۔ یہ اپنی دُھری پر ۱۰½ گھنٹہ میں اور سورج کے گرد ۱۰۷۵۹½ ایام میں ایک چکر کاٹتا ہے۔ اس کے گرد چوڑی گول انگوٹھیاں جیسی اور نو چاند (سٹ لائٹ) ہیں۔ ۱۔ مِمس بائیس گھنٹے چھتیس منٹ میں۔ ۲۔ اینلیڈس ایک دن آٹھ گھنٹے چوبن منٹ میں۔ ۳۔ تھرنز ایک دن اکیس گھنٹے اٹھارہ منٹ۔ ۴۔ ڈیونو۔ دو دن سترہ گھنٹے بیالیس منٹ۔ ۵۔ رہیا۔ چار دن بارہ گھنٹے تیس منٹ۔ ۶۔ ٹیٹن پندرہ دن تیئس منٹ اٹھارہ سیکنڈ۔ ۷۔ ہیپرین۔ اکیس دن سات گھنٹے چھتیس منٹ۔ ۸۔ ایپٹس۔ اُناسی دن بائیس منٹ میں۔ ۹۔ فوبے پانچ صد تیئس دن پندرہ گھنٹے اور چھتیس سیکنڈ میں اس کے چوگرد گردش کر جاتا ہے۔

**زمین** قطر (ایکوٹر خطِ استوا) پر ۷۹۱۲ میل ہے. محیط ۲۴۹۰۰ میل ہے. یہ اپنی دُھری پر ۲۳ گھنٹہ ۵۶ منٹ میں دور پورا کرتی ہے. اسے سورج کے گرد چکر لگانے میں ۳۶۵ ایام ۶ گھنٹہ ۹ منٹ ۹ سیکنڈ خرچ ہوتے ہیں. اس کو ایک سال کہتے ہیں. سورج کی روشنی زمین تک پہنچنے میں ۸ منٹ لگتے ہیں. بوجہ ان گنتی سورج اس کے شمالی (سمیرو) وجنوبی (کمیرو) قطبوں کے علاقہ جات میں چھ ماہ دن اور چھ ماہ رات ہوتی ہے. اسی بنا پر خطِ استوا (لنکا. یم کوٹی. سِدھ پور اور روبک میں سے ہو کر جانیوالا خط) کے شمالی وجنوبی حصہ جات میں دن رات کی کمی بیشی پیدا ہوتی ہے. بارہ یوجن (دوری) تک کے ہوا کے غلاف میں لپٹی ہوئی ہے. بارہ یوجن سے اوپر پرواہ وائو ہے جس میں سیارگان مسافرت کر رہے ہیں. پرواہ وائو میں پہنچ گئی کوئی بھی چیز ہماری زمین پر واپس نہیں آسکتی کیونکہ بارہ یوجن کے ہوا کے دائرہ تک ہی زمین کی قوت کشش کمزور ہو جاتی ہے. قوت "یوگ" کے سوا اور کوئی طاقت ان فلکی طبقات سے آمدرفت کا رشتہ قائم نہیں کر سکتی. کھاری سمندر سے بجانب شمال جمبو لوگ (جمبو دویپ. بر اعظم ایشیا) پہاڑوں سمیت نو حصوں (۱. بھارت. ۲. کِنر. ۳. ہری. ۴. کورو. ۵. ہرنیہ. ۶. رمیک. ۷. بھدر ترگ. ۸. کیتومال. ۹. الاورت) میں منقسم ہے زمین کے حل میں پاتال لوک ہے. جنوب کی جانب آدھی زمین میں سات سمندر اور چھ جزیرے ہیں. ۱. کھاری اور کھیر سمندر کے درمیان شاک دویپ (جزیرہ) کھیر اور دودھی سمندروں کے درمیان شالمل ۳. دہی اور گھرت سمندروں کے درمیان کوش. ۴. گھیرت اور اکشورس سمندروں میں کرونچ. ۵. اکشورس اور مدیہ سمندروں میں گومیدک. ۶. مدیہ اور سوادودک سمندروں میں پشکر نام کے جزیرے ہیں. زمین کے اندر عین درمیان میں وڑوانل یعنی آگ ہے. ہمارے بھارت ورش کے ۹ حصے ۱. ایندر. ۲. کشیرو. ۳. تامرپرن. ۴. گبستیمت. ۵. کماری. ۶. ناگ. ۷. سومیہ. ۸. وارن. ۹. گاندھرو نام کے ہیں.

**راہو و کیتو** یہ سیارگان دیکھنے میں نہیں آتے. جب سورج یا چاند کو گرہن ہوتا ہے. اس وقت یہ سیارگان زمین کے سایہ میں سے ہو کر سورج اور چاند پر چھاپہ مارتے ہیں. یہی ان کے دیکھنے کا ایک خاص موقعہ ہوتا ہے. ان کا سورج کے گرد دورہ لگانے میں قریباً ۱۸ سال خرچ ہوتے ہیں. انکی رفتار باقی سیارگان کے برعکس ہے.

**اندر پنچون** آٹھویں فلک کا مالک ہے. یہ سورج سے ۱۹۲۱۸۱۰۰۰۰ میل ہے. اور زمین سے کم از کم فاصلہ ۱۶۹۰۴۱۸۰۰۰ اور زیادہ سے زیادہ فاصلہ ۱۸۶۳۴۸۰۰۰۰ میل ہے. اس کا قطر ۳۶۹۲۰ اور محیط ۱۰۰۰۵۲۱ میل ہے. اپنے محور پر دس گھنٹوں میں اور سورج کے گرد ۳۰۶۸۷ ایام میں یعنی ۸۳ ½ سال کے قریب اپنا دور پورا کرتا ہے. ۱۳ مارچ ۱۷۸۱ء کو پہلے پہل اس کا پتہ بذریعہ دوربین ہرشل نے لگایا.

**وَرن یورنس** نویں فلک کا مالک ہے. سورج سے ۲۰۱۰۹۶۰۰۰۰ میل اور زمین سے کم از کم فاصلہ ۲۷۰۱۷۳۵۰۰۰ میل اور زیادہ سے زیادہ فاصلہ ۲۸۸۶۹۶۵۰۰۰ میل ہے. قطر ۳۲۰۲۴ میل ہے. سورج کا ایک چکر لگانے کے لئے اسکو ۶۰۱۸۶ ایام یعنی ۱۶۴ سال ۸ ماہ خرچ ہوتے ہیں. ورن کے بعد ۲۳ دسمبر ۱۸۴۶ء کو لیو تیریر نامی جیوتشی نے بذریعہ دوربین اس کا پتہ چلایا.

**دُھوم کیتو** اپنے پنچ یعنی زمین کے نزدیک پہنچنے پر یہ دُم دار ستارے کی شکل میں ظاہر ہوتا ہے. باقی سیارے سورج کے گرد مغرب سے مشرق کو گردش کرتے ہیں. لیکن یہ مشرق سے مغرب کو ۲۷۸۹۶ دن یعنی ۷۶ برس ۱۱ دن میں سورج کے گرد ایک چکر پورا کرتا ہے. ہیلی نامی اجہ تشی نے سمت ۱۸۱۵ میں اس کی گنت کو درست ظاہر کیا. سمت ۱۹۶۷ میں اسی گنت کے مطابق پھر دیکھا گیا. سمت ۲۰۴۳ میں پھر اس کے ظاہر ہونے کی امید ہے.

نوٹ:۔ منگل اور برہسپتی کے درمیانی راستے میں چار چھوٹے گرہ ہیں. ۱. ویسٹو. ۲. جونو. ۳. سیریس. ۴. پیلاس کا پتہ چلا ہے. بغیر دوربین دکھائی نہیں دیتے.

| نقشہ اسمائے کواکب متحیرہ | | | | قیام در برج و وقت ثمرہ نیک و بد | | | | نام ایام ہفتہ | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نمبر شمار | نام گرہ ہندی | نام فارسی | نام انگریزی | قیام وقت فی راس | وقت آغاز ثمرہ | وقت اثر کل | اشیائے برائے تاثیر اثر بد | نام ہندی | نام فارسی | نام انگریزی |
| ۱ | سورج | آفتاب و شمس | سن | ایک ماہ | پہلے پانچ دن | شروع | ودرم | اتوار | یک شنبہ | سنڈے |
| ۲ | چاند | مہتاب و قمر | مون | سوا دو دن | تین گھڑی | آخیر | چاندی | سوموار | دوشنبہ | منڈے |
| ۳ | منگل | مریخ | مارس | ۱½ ماہ | آٹھ دن | شروع | ودرم | منگلوار | سہ شنبہ | ٹیوزڈے |
| ۴ | بدھ | عطارد | مرکری | ۲۱ دن | سات دن | ہمیشہ | سونا | بدھوار | چہار شنبہ | ویڈنسڈے |
| ۵ | گورو | مشتری | جوپیٹر | بارہ ماہ | دو ماہ | وسط میں | موتی | ویروار | پنجشنبہ | تھرسڈے |
| ۶ | شکر | زہرہ | وینس | ۲۷ دن | سات دن | وسط میں | چاندی | شکروار | جمعہ | فرائیڈے |
| ۷ | شنی | زحل | سیٹرن | ۳۰ ماہ | چھ ماہ | آخیر | لوہا | سنیچروار | ہفتہ ۔ شنبہ | سیٹرڈے |
| ۸ | راہو | راس | ڈریگن | ۱۸ ماہ | تین ماہ | آخیر | لاج ورت | چاند کی پوزیشن (چندرپات) سورج گرہن کے وقت نظر آتی ہے. | | |
| ۹ | کیتو | زینب | ایضاً | ۱۸ ماہ | تین ماہ | آخیر | لاج ورت | راہو کی پونچھ یا زمین کا سایہ ہے. چاند گرہن لگاتا ہے. | | |



M i

# جنم لگن کے مطابق گرہوں کا چمتکاری پھل

## جنم لگن میں سورج کا پھل

پڑے آلگن میں دِوانا تھ جو    بدن اُس کا کرودھی کھو
بگانوں سے وہ اپنے ناخوش رہے    نہ ناری سے بھی اپنے وہ من کی کہے
رہے وات پت سے دکھی وہ سجان    سفر سے اُسے لابھ ہووے نہ ہان

۱ یعنی سورج

## سورج کا دوسرے دھن ستھان میں ہونے سے پھل

پڑے دوسرے گھر دِوانا تھ آ    تو اُس شخص کو بھاگیہ شالی بنا
سواری، مویشی، رہے اُس کے گھر    رہے کلیش کنبے سے ہو کر وہ دور
کمانے کی تدبیر سو سو کرے    نہ ہو کامیابی کٹمب سے لڑے

## سورج کا تیسرے سہج (بھراتری ستھان) میں پھل

جو خورشید ہو خانہ سوئم مقام    برادر بڑے کی کرے اُس کی ہان
ہو زر خاص اُس کا کمایا ہوا    پراکرم سے اپنے ہی لایا ہوا
رہے کلیش بھائیوں سے اُسکا مدام    پھرے غیر وطنوں میں کرتا مقام
وہ دشمن کو جیتے صدا جنگ میں    کرے عیش راجاؤں کے سنگ میں

## سورج کا چوتھے سکھ ستھان میں پھل

پڑے چوتھے خانہ میں جو آفتاب    تو ہو خوب رُوح مثل وہ جناب
رہے بھائیوں سے تنازعہ مدام    کرے نہ عیش پردیس ہووے مقام
لڑائی میں دشمن سے ہارے مدام    کبھی وقت اس کو نہ ہو اطمینان

## سورج کا پنجم پُتر ستھان میں پھل

جو پنجم میں خورشید آوے سجان    تو تعویز منتروں میں ہو اُس کو دھیان
مہارت کسی علم میں اُس کو ہو    عقل تیز اُس کی نہایت کہو
کمانے میں دھن کے لگے اُس کا من    کمائے اِسی کام میں خوب دھن
دیوانہ رہے درد ہو کوکھ میں    ختم زندگی ہو اِسی روگ میں

## سورج کا چھٹے خانۂ دشمن میں پھل

جو خورشید خانہ چھٹے میں پڑے    ہو مغلوب، دشمن جو اُس سے لڑے
کہیں راہ میں جب کرے وہ سفر    تو دل پر رہے اُس کے چوروں کا ڈر
عدالت و منتروں میں ہو دھن خرچ    مویشی دواموں کو ہو کب امن

## سورج کا ساتویں خانۂ عورت میں پھل

جب ہو شمس خانۂ ہفتم سجان    تو ناری کو اس کو صدا کشٹ مان
رہے فکر دل پر ہو آمد خفیف    دوکانداری اس کی کرے کچھ ضعیف

نوٹ :۔ اگر کسی لڑکی کے لگن سے ساتویں سورج ہو تو اُس کا پتی اس کو تیاگ دیتا ہے۔

## سورج کا آٹھویں موت خانہ میں پھل

پڑے خانۂ ہشتم جو خورشید آ    کرے کام اپنے وہ سب چھپا
رکھے دیشیاسے وہ اُلفت ضرور    غذا اُس کو ممنون ہو پُر سرور
کرے کام ناقص ٹھنے دل میں جو    کہ مستقدی چوری سے دھن کو کھو

## سورج کا خانۂ نہم (بھاگیہ) میں پھل

پڑے نویں خانہ میں جو آفتاب    تو اُس شخص کو فکر ہے ہو بیتاب
جپ و نیم کرنے میں اُوج پد ملے    وکرتے ہی جس کے فکر سب مٹے
سگے بھائی بندوں سے تکلیف جان    دشا سورج کی اُس پر ہو جب سجان

## سورج کا دسویں گھر میں پھل (خانۂ راج دربار)

دشم گھر میں سورج جو آوے سجان    تو ماتا کو تکلیف کا ہو گمان
کرے وہ صدا شاہ کی ہمسری    رہے عیش سے اُس کی طبیعت بھری
ہر ایک قسم کی شے رہے اُس کے گھر    مگر بھائی بندوں سے ہو اُس کو ڈر

## سورج کا گیارہویں خانۂ لابھ میں پھل

جو پڑے سورج خانۂ یازدہم آ    رہے راج درباروں میں وہ جابجا
ہر اک شے ملے اس کو سرکار سے    بڑے سکھ و عزت بھی نرپ دوار سے
وہ ہو رعب دار و اقبال ور    کہ دشمن جلے اس کے دو پُشت پر
ولیکن ہے اولاد کو یہ خراب    کرے اس کی تدبیر کچھ وہ شتاب

## سورج کا بارہویں خانۂ خرچ میں پھل

پڑے لگن سے بارہویں شمس جو    درد چشم میں یا نظر کم کہو
لڑائی میں دشمن کو جیتے سجان    خریدے زمین اور بنادے مکان
و چوری سے نقصان ہو بے شمار    ہمیشہ رہے جسم میں کچھ بیکار

## چندرماں کا پہلے یعنی خانۂ تن میں پھل

پڑے چندرماں خانۂ اوّل میں جو    نظر کم ہو، بہرہ، یا کم عقل ہو
ٹپے چندرماں جو بیکھ، برکھ، کرک جان    تو ہو خوش نصیب اور جہاں بھاگوان
کرے سونا چاندی و موتی کی کار    یا ہووے خزانہ میں راجہ کے دوار
و بیماریوں سے رہے جسم دُور    ہو عاشق اسے دیکھ کر نیز حُور

## چندرماں کا خانۂ دھن میں پھل

پڑے چندر جو خانہ دو میں سجان    رہے اس پہ ناری از حد مہربان
کرے عیش و عشرت و زردار ہو    مگر کنبے اس کے میں کم پیار ہو
وہ ہو خوبصورت بھی ایسا مرد    کہ عاشق اُسے دیکھ کر ہوئے حُور

## چندرماں کا خانۂ سوئم (سہج) میں پھل

پڑے چندر خانہ جو سوئم سجان    رہیں اُس کے بھائی بہن مہربان
وہ دھن اپنی طاقت سے پیدا کرے    وہ شادی بھی کر یوگ میں پگ دھرے
جو عورت بھی اس کو لبھائے اجان    نہ مانے کسی کی لگائے وہ دھیان

## چندرماں کا خانۂ چہارم (سُکھ) میں پھل

پڑے چندر اگر خانۂ چہار ر    تو سرکار سے دھن ملے بے شمار
پسر اور زوجہ بھی پاویں آرام    اطاعت کریں اس کی دل سے مدام
وہ راجہ کا ہووے وزیر ایک بار    ہو رُتبہ بڑا اور اقبال دار

## چندرماں کا خانۂ پنجم (پتر) میں پھل

خانۂ پسر جو پڑے ماہتاب    تو فہمید گی اس کو بخشے شتاب
و اولاد سے بھی بھرے اُس کا گھر    ہو وے پسر اُس کا اقبال ور
زمین اور رتنوں کی آمد کرے    و ہر قسم کی شے سے گھر کو بھرے

## چندرماں کا خانۂ ششم میں پھل (خانۂ روگ)

جو خانہ چھٹے چندر، ہو جنم کال    تو حاکم سے دشمن بھی ہو پائمال
وہ ہو جلوہ گر اور بڑا بھاگوان    مگر مار سیوا کرے کم نادان

## چندرماں کا خانۂ ہفتم (خانۂ عورت) میں پھل

پڑے ساتویں گھر میں جو آن چند    تو بھوجن اُسے شیرنی ہو پسند
وہ اپنی ہی طاقت سے پائے آرام    وطن غیر میں وہ کرے جا مقام
دلیں اُس کے دل خواہ ہو روزگار    بذریعہ اُسی کے وہ ہو مالدار
و خوش دل و خوش رُوح ملے اس کو نار    رہے اپنے سوامی کی خدمت گذار
رہے غیر عورت سے اُس کا پیار    مگر قوت باہ کم ہو دوچار

## چندرماں کا خانۂ ہشتم (خانۂ موت) میں پھل

اگر چندرماں آٹھویں گھر پڑے    تو نت اس کے گھر چوشاندے کرے
پکا مونگ کا جل پلا وے اُسے    گرم پانی کرکے نہلا دے اُسے

J

ہمیشہ ہے آب سے پُرخطر — وتکلیف کا بھی رہے دل پُرڈر
حکیموں کی مجلس مکاں پر ہے — کرے خرچ زر جو وہ اُس کے
نوٹ:- اگر چندرماں نیچ یا کھیشن ہو کر پڑے تو یہ برا پھل ہوتا ہے

## چندرماں کا خانۂ نہم (بھاگیہ خانہ) میں پھل

جو چندر نہم گھر پڑے آسمان — تو ہو خوبصورت بڑا بھاگ وان
دھرم پُن سے اُس کا دل شاد ہو — فکر غم و غصہ سے آزاد ہو
برہمن و بندی سب عزت کریں — و دل میں ہمیشہ نصیحت بھریں
جوانی میں اقبال ہو بیشتر — گھٹے اور بڑھے مال مثل قمر

## چندرماں کا خانۂ دہم میں پھل (خانۂ راجدربار)

اگر چندرماں دہم خانہ پڑے — تو بھائی بند سے ہو محبت کرے
ملاقات ہو اس کی حکام سے — کرے نیک کاموں کو آرام سے
و خیرات بھی اس کی ہووے مدام — اور اول پسر سے وہ پاوے آرام
کرے کام اپنے وہ احتیاط سے — رہے لطف کم سنی عورات سے

## چندرماں کا خانۂ یازدہم (لابھ خانہ) میں پھل

اگر گیارہویں گھر پڑے چاندیاں — کمی عیش میں اُس پُرش کے کہاں
بڑے دل کا ہے اُس کی عزت و مان — ملیں بستر دھن عیش کا سب سامان
ہے عیش و عشرت سے زوجہ بھی گھر — ملے اس کو بیوپار سے خوب زر
دکھیا بھی اولاد ہووے کثیر — کرکم پتروں کا سکھ وہ پاوے امیر

## چندرماں کا خانۂ دوازدہم (خانۂ خرچ) میں پھل

اگر بارہویں گھر میں ہو ماہتاب — غم و فکر دشمن سے ہووے خراب
و شاچاند میں آنکھ میں درد ہو — و زوجہ بھی تکلیف سے زرد ہو
خرچ جو ہووے دھن اسکا شبھ کام میں — یا شادی و خیرات آرام میں
فنا اس کا کنبہ سے جاری ہے — وہ آنکھوں میں اکثر بیماری ہے
نہیں خوش رہے اس سے درخاندان — رہے نار سے کم محبت سجان

## منگل کا خانۂ اول (خانۂ تن) میں پھل

پڑے خانہ اول میں منگل جہاں — تو پھر اس کو عورت کا سکھ ہو کہاں
اگر نیک تارا بھی ہو ہاتھ میں — تو ناری کا دل وہ رکھے ہاتھ میں
ہو آتش و آہن سے دہشت زدہ — سُرخ چشم غصہ سے ہو کب ادا
دلاور اُسے شیر کے تُل جان — یہ سب پھل شاہ بھوم کی ہیں پہچان

## منگل کا خانۂ دوئم (خانۂ دھن) میں پھل

خانہ دوئم میں منگل جو ہو — نہ کماوے نہ خرچے وہ زر ماں کو
اگر ہووے دشمن مقابل کھڑے — ختم پاوے ان سے دلاور لڑے

رکھے مال کو جیسے بند رکھا ہار — نہ کنبے کے لوگوں کو بھی دے اُدھار

## منگل کا خانۂ سوئم (خانۂ سہج) میں پھل

اگر خانہ سوئم میں منگل پڑے — کہاں باہو بل اور کہاں دھن بڑے
کبھی خورد بھائی کا ہوئے نہ یوگ — نٹ پُردان کرتے ہنسیں اس سے لوگ

## منگل کا خانۂ چہارم (سکھ) میں پھل

جب خانہ چہارم میں منگل پڑے — تو عمدہ گریہ اس کو کیا پھل کرے
و بھائی برادر کا سکھ ہو کہاں — پڑے سکھ کے خانہ میں منگل جہاں
دربار شاہ میں قدر گذران ہو — نگر اور کل عیش کی ہان ہو

## منگل کا خانۂ پنجم (خانۂ پتر) میں پھل

جب منگل پڑے خانہ پتر میں آ — بڑھا دے بس اُس شخص کی اشتہا
صرف ایک لڑکا بچے اُس کے گھر — تپے دودھ کی بھانت غصہ سے بھر
گناہوں میں وہ دل لگاوے سجان — ہمیشہ فکر میں ہے اُس کی جان
اگر منگل پانچویں گھر ہوتا ہوا — کسی شبھ گرہ سے نہ دیکھا گیا ہو
تو اسکی سب سنتان مر جاتی ہے — اور اچھے آدمیوں سے جھگڑا پاتا ہے

## منگل کا خانۂ ششم (خانۂ دشمن) میں پھل

چھٹے گھر میں منگل پڑے آسمان — تو اس جیو کو دشمن کی ہووے نہ ہان
نہ ہو کوئی دشمن، نہ آزار ہو — اگر کوئی ہو تو بہت خوار ہو
اگر نقصان ہو ایک دو دفعہ زر و مال — مگر بعد میں ہووے حاصل کمال
نہ ہو نام کو اُس کے آباد گھر — اگر ہووے تو بھی نہ دل شاد کر

## منگل کا خانۂ ہفتم (خانۂ عورت) میں پھل

جو ہووے خانۂ ہفتم زمیں کا پسر — تو زوجہ ضرور اُس کی کئی جائیں مر
اگر ناری کے منگل ہفتم پڑے — تو تکرار باہم یا خاوند مرے
مگر ناری اور اس کے خاوند کے گھر — پڑے ساتویں منگل ہو بے خطر
فکر میں پھرے دھن کے بے روزگار — و دشمن سے جائے وہ لڑنے میں ہار

## منگل کا خانۂ ہشتم (خانۂ موت) میں پھل

پڑے بھوم کا سُت جو ہشتم گھرے — نہیں نیک تارا کوئی شبہ کرے
نہ ہو کام پورا جو دل میں ٹھنے — جو ہمدم بھی اُس کے ہوں دشمن بنے

## منگل کا خانۂ نہم (خانۂ بھاگ) میں پھل

زمیں کا پسر جب ہو خانۂ نہم — تو اس شخص کی عقل ہووے نہ کم
بڑا خوش نصیب اور ہو زردار — ملے کم نفع اس کو در روزگار
بہادر بڑا اور رسالہ کا ہان — نہ خوشحال سے اُسکے ہوور جہاں

## منگل کا خانۂ دہم (خانۂ راجدربار) میں پھل

اگر خانہ دسویں میں ہو بھوکمار — تو منگل ہے اُس کے گھر اور دوار
و نوکر بہت اس کے ہوویں سجان — وہ ہو خوب رو اور بڑا بھاگوان
جو ہو خانۂ اونے زمیں کا پسر — تو تادم وہ ہو شیر کے تل نر
وہ اپنی ہی قوت سے پیدا کرے — زر و زیور و مال سے گھر بھرے

## منگل کا خانۂ یازدہم (خانۂ لابھ) میں پھل

پڑے گیارہویں خانہ منگل جہاں — تو دشمن پسر اُسکے سکھ میں کہاں
تجارت مویشی سے خوش حال ہو — خزانہ میں اس کے بھرا مال ہو
اسی کار میں ہووے دولت کی ہان — وہ بھونا کہے اس کو سارا جہاں
و چوری کی دہشت اُسے کم نہیں — اسی سے وہ دھن کو چھپائے کہیں

## منگل کا خانۂ دوازدہم (خانۂ خرچ) میں پھل

جو ہو خانۂ بارس میں پسر زمیں — کرے دھن و زیور میں اسکے کمی
و ہتھیار اُس کے لگے آہنی — مرے کیسا بھی ہو دلاور غنی

## بُدھ کا خانۂ اول (خانۂ تن) میں پھل

جو ہو خانۂ اول میں پسر قمر — کسی کر ڈر گریہ کا نہیں اس کو ڈر
گھرانے میں بدھی میں اعلےٰ رہے — اور تصویر بھی اُس کی بالا رہے
مہارت طبابت میں بھی اس کو جان — بدن اس کا جھلکے کندن سمان
مگر اس سے بیمار کم شاد ہو — کرانے میں طب اُس سے برباد ہو

## بُدھ کا خانۂ دوئم (خانۂ دھن) میں پھل

پڑے خانۂ دوئم میں جو بُدھ اپور — تو وہ ہووے دانا و اقبال ور
سبھا عاقلوں کی میں اعلےٰ رہے — مثل بیاس کے عقل والا رہے
ہو خیرات میں کلپ ترکے سمان — بھمر کی طرح بھوگ بھوگے سجان

## بُدھ کا خانۂ سوئم (خانۂ سہج) میں پھل

پڑے تیسرے گھر میں بدھ جو سجان — وہ بیلوں سے ہو دوستی کا گمان
عقل تیز، عالم، سکھی، ہوشیار — ہو خوش خلق، خوش رو، بڑا مالدار
چلے نیک راہ اور اقبال مند — تجارت کا ہو اس کو پیشہ پسند
برادر کے ذریعہ سے بھوگے وہ بھوگ — وقابو میں ہوں تیز فہمی سے لوگ

## بُدھ کا خانۂ چہارم (خانۂ سکھ) میں پھل

پڑے خانہ چوتھے میں گر بدھ چند — تو ہوں دوست اُسکے بڑے عقلمند
دربار شاہ میں ہووے با اختیار — کہ تحریر پر اُس کے ہو راجکار
[illegible] اقرار — کریں اپنے اپنے سبھی کاروبار

رشیوں کا اس کو صلاح کار جان — پِتا کا بھی دھن پاس اسکے ہی جان

## بُدھ کا خانۂ پنجم (خانۂ فرزند) میں پھل

پڑے پانچویں گھر میں جو بدھ آ — حمل پتر کا اس کے گھر نہ پتا
پڑھے منتر تنتر دوں انیک علم کو — دشا بدھ کی میں اُسے عیش ہو
و اولاد کنیا ہی ہوں اُسکے گھر — برس بیس کے بعد ہووے "پتر"

## بُدھ کا خانۂ ششم (خانۂ دشمنی) میں پھل

پڑے خانہ چھ میں جو قمر پسر — تو ہوں دشمن اُسکے اِدھر اور اُدھر
بنی سادھوؤں کی طرح سے رہے — کسی قدر جنتر و منتر کرے
و بیوپار جگ میں بہت سے کرے — بذریعہ اسی کے خزانہ بھرے

## بُدھ کا خانۂ ہفتم (خانۂ عورت) میں پھل

بلا است بدھ خانہ ہفتم میں ہو — بہت ناریوں سے اُسے بھوگ ہو
ہو گورا بدن مثل کندن جھلک — بڑے چشم، لب سرخ لمبے پلک
دو وقت جلد، چھوٹ جاوے شتاب — کہاں روکنے کی اُسے ہووے تاب
اگر بدھ ہو است جاوے سجان — کرے بھوگ میں کُل اسکے میں ہان

## بُدھ کا خانۂ ہشتم (خانۂ موت) میں پھل

پسر چند ہو آٹھویں میں سجان — تو ہو طول عُمر و خوشی بھاگوان
و ناری ہو خوش دیکھنے سے اُسے — وطن غیر میں جا کہیں وہ بسے
وہاں اس کو آمد ہو بیوپار سے — مگر پاوے زر نیز سرکار سے

## بدھ کا خانۂ نہم (خانۂ بھاگ) میں پھل

اگر بُدھ آ خانہ نو میں پڑے — تو دُکھ درد کُل اُسکے غارت کرے
کرے دھرم کے کرم گنگا شنان — و دکھشا بھی پاوے گورو سے سجان
وُہ ہو سورج کے تُل کُل میں پرکاش — کرے دُور جنوں اور دشٹوں کا ناش
راجاؤں سے بھی ادھک ہو پرکاش — کرے پاٹھ پوجن و منتروں کا جاپ

## بُدھ کا خانۂ دہم (خانۂ راجدربار) میں پھل

پڑے خانۂ دسویں جو پسر قمر — حکومت کرے مثل حاکم صدر
زر و مال والد کا ہو بے شمار — گھوڑے ہنہناویں چہل اسپ دوار
بد اعمال ہو اس کو دیوے سزا — دنیکوں سے نیکی چھپاوے جزا
ہو دولت میں ہو اُس کی عزت کمال — جو حاصل کرے شاہ سے خلعت و مال

## بُدھ کا خانۂ یازدہم (خانۂ لابھ) میں پھل

پڑے گیارہویں خانہ میں پتر چندر — رہیں جگمگے مال سے اس کے مندر
کرے دان وہ براہمنوں کو بُلا — رہے دوار آمد کا ہر دم کھُلا

بڑے پریم سے وہ کرے کنیا دان — ہو کنبے و گھر میں بڑا ہی سجان
دھرم کے کام جو ہو دیں در جہاں — سبھی میں سہایک بنے بھاگوان

## بُدھ کا خانۂ دوازدہم (خانۂ خرچ) میں پھل

پڑے بارہویں خانہ پسر چندر جو — نہ کیوں دھرم میں اُسکا دھن خرچ ہو
زر و مال پہلا سمایا ہوا — دھرا ہو جو گھر میں چھپایا ہوا
دشا بُدھ کی میں نکالے اُسے — دھرم پن میں خرچ ڈالے اُسے
کرے براہمنوں کی وہ عزت کمال — و دشمن پھریں اُسکے در تنگ حال

## برہسپت کا خانۂ اوّل (خانۂ تن) میں پھل

جو ہو خانۂ اوّل برہسپت سجان — بدن اُس کا نازک و کمزور جان
کرے عیش و عشرت در و ہوں بلا — بدن اُس کا ہو مثل کندن بنا
دربشاہ میں وہ وزیری کرے — طلا سیم و زر سے خزانے بھرے
وہ گلشنے میں ہر دم رہے خوش ضرور — بزرگی کا زوجہ کے دل میں غرور

## برہسپت کا خانۂ دوم (خانۂ دھن) میں پھل

پڑے خانۂ دوئم گورو جو کہ آ — پھرے فکر میں زر کے وہ جا بجا
مشقت سے زر و مال حاصل کرے — کسی قدر پا شاعری میں دھرے
نہ پاوے ذمہ اس کا یہ حال ہو — محبت میں خود ہی انزال ہو
گورو کی دشا میں پاس ٹھہرے نہ زر — کماوے اِدھر و اُدھر ہو صفر

## برہسپت کا خانۂ سوئم (خانۂ برادر) میں پھل

پڑے جو گورو آ کے خانۂ برادر — رہے پیچ بدتر تو وہ عمر بھر
بھلائی بھی کرتے برائی ملے — مصیبت میں ہمدم نہ بھائی ملے
لیکن ہو پیشانی روشن کمال — مگر ہاتھ میں اُسکے ٹھہرے نہ مال
بھلائی جو کوئی کرے اس کے ساتھ — نہ مانے بھلا اس کی پوچھے نہ بات

## برہسپت کا خانۂ چہارم (خانۂ سکھ) میں پھل

پڑے مشتری جس کے خانہ چہار — گھوڑے ہنہناویں گھوڑے اُس کے دوار
کبھی پاٹھ پوجن کبھی جاپ ہو — کھلانے میں بیپروں کے خوش آپ ہو
دربشاہ میں اس کو عزت ملے — کہ دشمن بھی تعریف میں پگ دھرے
مگر اس کے دل پر رہے کچھ فکر — کسی سے نہ اس کا کرے وہ ذکر

## برہسپت کا خانۂ پنجم (خانۂ فرزند) میں پھل

پڑے خانۂ پنجم گورو جو سجان — تو وُہ شخص ہو تیز فہمی کی خان
وکم پورک خوش خط و خوشحال ہو — مع استری کے وہ اُت حال ہو
ہو خوش دل و خوش پیش اقبالدار — وہ باعلم خوشگو بہت مالدار
اگرچہ پسر ہو نہ ہو عقل مند — وہ ہو کامیابی بھی ہر کام چند

## برہسپت کا خانۂ ششم (خانۂ دشمنی) میں پھل

چھٹے گھر میں جو اندر کا یار ہو — بدن اس کا دُبلا و بیمار ہو
نہ ماموں و ماتا کو آزار ہو — و دشمن جو ہو اس کا وہ خوار ہو
لڑائی میں لے دشمنوں کو دبا — مویشی وہ رکھے کوئی دودھ کا

## برہسپت کا خانۂ ہفتم (خانۂ عورت) میں پھل

پڑے مشتری خانۂ ہفتم میں جو — تو بالک نہایت ہی خوبصورت ہو
و زوجہ بھی ہو اُس کی شیریں کلام — رہے اس کی خدمت میں وہ صبح و شام
عقل تیز ہو اور دھن وان ہو — مع استری اور پسران ہو

## برہسپت کا خانۂ ہشتم (خانۂ موت) میں پھل

پڑے مشتری آٹھویں گھر میں جو — تو اُس شخص کی زندگی طول ہو
مگر تندرستی رہے اُس کی کم — مگر اُس کو تکلیف ہو دم بدم
پتلے کے مکاں میں نہ ہو اُس کا باس — نہ ہو وے جگہ رہنے کو اُسکے پاس
سکونت رہے جا بجا عمر بھر — ہو آخیر میں اُس کا بیکنٹھ گھر

## برہسپت کا خانۂ نہم (خانۂ بھاگ) میں پھل

اگر خانۂ نویں میں پڑ جائے گورو — رہے دھرم کے کام میں وہ شروع
و چو منزلہ اس کے ہو وے مکان — کرے مندروں پہ عبادت سجان
برادر ہوں اُس کے گنی ہوشیار — محبت رہے پنڈتوں سے اپار
دربشاہ میں وہ مصاحب رہے — ہو وُہ بات منظور جو وہ کہے

## برہسپت کا خانۂ دہم (خانۂ راجدربار) میں پھل

خانۂ دہم میں جو برہسپت پڑے — دھرم کے رہیں گھر پر جھنڈے گڑے
تصویر نقشوں سے گھر ہو بھرا — خزانہ ملے باپ کا کچھ دھرا
ترقی پر اس کی از حد استدعا — نہ ہو چاد چوب اُس کو اولاد کا

## برہسپت کا خانۂ یازدہم (خانۂ لابھ) میں پھل

پڑے مشتری خانۂ گیارہویں جو — نہ کیوں اُسکے گھر میں زر و مال ہو
مُنی دو سرے نے کیا یہ بکھان — کہ ہوں پانچ ہاتھی بر اس کے مکان
ہو جب مُنی کے وہ ہو بدھی مان — کہ ہو ایک پتر بڑا بھاگ وان
مگر دھرم کارج میں خرچے نہ زر — جب بھوگے پھل اسکا تو ہووے پسر

## برہسپت کا خانۂ دوازدہم (خانۂ خرچ) میں پھل

پڑے بارہویں گھر میں شُور گورو جہاں — تو پھر ایسے کو نیک نامی کہاں
بھلا کرتے بھی اُس کو الزام ہو — بھلے ہی کوئی دھرم کا کام ہو
بلا عوض رحم دل میں ہووے غرور — ملے اُس کو زوجہ عقل مند ضرور

ایسا شخص حسد کرنے والا ہوتا ہے۔ اور خفیہ روگ والا ہوتا ہے۔

## شکر کا خانۂ اول (خانۂ تن) میں پھل

پڑے شکر در خانۂ اول جو آ
بدن اور زو جو سب عمدہ بتا
وہ خوشوقت خوش پور خوش اخلاق ہو
سج زیوروں کے عمدہ پوشاک ہو
کل کام میں عمدگی ہو ضرور
احتیاط کا ہووے دل پر غرور
کرے عمدہ عورت کی خواہش بجان
بڑے رتبہ والوں سے محبت بجان

## شکر کا خانۂ دویم (خانۂ دھن) میں پھل

جہاں شکر آ خانے دویم پڑے
تو شیریں کلام و سکھ سے بھرے
وہ ہو خوبصورت و باعلم جان
کھلاوے دکھاوے کرے پن دان
کرے عیش و عشرت و دنیا میں بھوگ
رہیں کل و کنبہ کے خوش اس سے لوگ
و عورت کی ہووے خواہش بجان
جو ہو خوبصورت و خوش پوش جان

## شکر کا خانۂ سویم (خانۂ برادر) میں پھل

اگر شکر در خانے سویم پڑے
نہ وہ عورتوں سے محبت کرے
خوشی پتر ہونے کی دل پر بجان
ہمیشہ رہے اس کے دل پر گمان
کہیں فوج کا ہی وہ سردار ہو
مگر دان اور جنگ میں ہار ہو

## شکر کا خانۂ چہارم (خانۂ سکھ) میں پھل

اگر خانۂ چوتھے میں شکر پڑے
بھجن پاٹھ پوجن و اُتسو کرے
کنبھی۔ برادر نواسی شہر
رہیں خوش و ناخوش نہیں اسکو ڈر
معزز بڑے اس کو پوجیں سبھی
و ناکامیابی نہ ہووے کبھی
جو بچپن سے ماں باپ پالن کرے
اُسے سب طرح سے وہ سکھ سے بھرے

## شکر کا خانۂ پنجم (خانۂ فرزند) میں پھل

پڑے پانچویں گھر میں جو شکر آ
ہو فرزند بھی نیک تو اس کو کیا
وزر کے لئے کیوں کرے وہ فکر
ذرا یکتی سے آوے گھر بیٹھے زر
جو ہوشے ضرورت کی پاوے شتاب
بنا اشٹ پوجا کے شاعر ہو آپ

## شکر کا خانۂ ششم (خانۂ دشمن) میں پھل

چھٹے شکر والے کی پوچھو نہ بات
وہ کھاوے غذا مثل آب حیات
وہ دشمن کو جیتے کرے خوب خوار
کرے خرچ زر اپنا در نیک کار

## شکر کا خانۂ ہفتم (خانۂ عورت) میں پھل

پڑے شکر جو خانۂ ہفتم میں آ
تو اوّل جنم اس کے جو پتر کا
کرے غیر شہروں میں جا کر بسے
کسی کی نہ اُلفت میں واں وہ پھنسے
زر و پیشہ میں اُس کی داؤ کا جان
وہ محنت کرے کم چتر ہو جہان
زوجہ ملے خوب رُو خوش کلام
کرے اپنے شوہر کی خدمت مدام

نوٹ:۔ اگر شکر ساتویں ہو، تو عیاش و کامی ہوتا ہے۔

## شکر کا خانۂ ہشتم (خانۂ موت) میں پھل

پڑے آٹھویں خانہ میں شکر آ
تو اس شخص کی بات سیدھی کہاں
مویشی کے ذریعہ سے سکھ اسکو جان
کئی بار وہ قرض لیوے بجان
کرے عیش و عشرت نہ بیمار ہو
وہ ہو عمر زیادہ کم آزار ہو

نوٹ:۔ اگر شکر آٹھویں ہو تو چغل خور ہو اور روتا اور گورو میں شردھا نہ رکھے۔

## شکر کا خانۂ نہم (خانۂ بھاگ) میں پھل

اگر شکر خانۂ نہم میں پڑے
تو خیرات میں نام اُس کا بڑھے
مع پسر بھائی و عشرت کرے
مکان، مال و زر سے رہیں کل بھرے
قرض اُس سے لیویں بڑے نامور
جہاں جائے خاطر کرے بیش تر
جو ہوں ہم شہر اُس کے باشندگان
مدد اس سے ہر موقع پاویں بجان

نوٹ:۔ اگر نویں شکر اونچ کا ہو، تو تھوڑا پڑھا لکھا بھی اچھی ترقی پاوے، اور نامور ہووے۔

## شکر کا خانۂ دہم (خانۂ راجدربار) میں پھل

پڑے جس کے خانۂ دہم میں بھرگو
بدن میں از حد قوت باہ ہو
و کثرت سے ہوویں پسر اُسکے نیز
کہ ہو دیں نہ بعضوں کی اُن میں تمیز
نہ کھووے وہ اپنا دھن و مال زر
محبت کرے مال کو بیش تر

## شکر کا خانۂ یازدہم (خانۂ لابھ) میں پھل

جہاں شکر در خانۂ آمد پڑے
بنیں گھر میں زیور سنہری جڑے
وہ ہو خوبصورت و عالم قدیم
و ہر دل عزیز و نہایت حلیم
معزز و دنیا میں ہو دین دار
وزیری کرے یا کہ ہو شہریار
زر و مال نیکی میں ہو مال ور
کرے زندگی عیش میں کل بسر

نوٹ:۔ اگر شکر گیارہویں گھر میں ہو، تو لڑکیاں زیادہ ہوتی ہیں۔

## شکر کا خانۂ دوازدہم (خانۂ خرچ) میں پھل

پڑے شکر آ خانے بارہ میں جو
تو آمد بہت، خرچ بھی بہت ہو
کرے صرف زر اپنا در نیک کام
ولیکن نہ ہو اس کا نیکی میں نام
تنازعہ رہے اس کا سب سے مدام
نہ کنبے میں بھی ہو محبت کا نام
کبھی پت سے دھات جاری رہے
و کف کی بدن میں بیماری رہے

نوٹ:۔
اگر شکر بارہویں ہو، تو اس کے من میں دیا نہیں ہوتی۔ کھوٹا سبھاؤ ہوتا ہے۔

## سنیچر کا خانۂ اول (خانۂ تن) میں پھل

سنیچر جو آ کر لگن میں پڑے
تو دولت سے اُس کا خزانہ بھرے
طمع ہووے زیادہ و کم صبر ہو
وہ دشمن کے حق میں بڑا زبر ہو
نظر اس کی بس کی بھری ہو بجان
کہ دیکھے سے مردن ہو دشمن کا مان
شب و روز وہ کچھ نشے میں ہو چور
بصارت میں ہو کچھ تفاوت ضرور
نشے کی وجہ سے کچھ آزار ہو
عقل ہووے کم اور نہ غم خوار ہو

نوٹ:۔ اگر میکھ اور برشچک راشی کا سنیچر لگن میں پڑا ہو، تو وہ شخص غریب اور آلسی ہوتا ہے، اور دور اندیش بھی نہیں ہوتا۔

## سنیچر کا خانۂ دویم (خانۂ دھن) میں پھل

پڑے خانۂ دویم سنیچر جہاں
تو کنبے کے لوگوں سے سکھ ہو کہاں
وہ کل دوستوں سے رہے بدگماں
کوئی اُس سے بولے نہ شیریں زباں
بلا ہی مشقت کے اُس کو ملے
بنی آنکھ و دانتوں سے جو ایک شے
وہ کھانا ہمیشہ ہی کھاوے لطیف
نہ بھاوے اُسے کوئی اشیا کثیف

نوٹ:۔ اگر دوسرے گھر میں سنیچر ہو، تو اُسکی کلام کڑوی ہوتی ہے اور دشمن زیادہ ہوتے ہیں۔

## سنیچر کا خانۂ سویم (خانۂ برادر) میں پھل

پڑے خانۂ سویم جو خورشید لد
عزیزوں پہ بھی غصہ ور ہو جلد
کبھی اس کو دیکھو نہ شیریں کلام
رہے اُس سے ناخوش ہر خاص و عام
نہایت وہ پیشہ میں ہوشیار ہو
کرے اس کو پورا جو کچھ کار ہو
کسی کا نہ ہووے اُسے اعتبار
وہ ہو نیک اعمال اور نیک کار

نوٹ:۔ اگر تیسرے شنی ہووے، وہ تھوڑا بولنے والا ہوتا ہے، اور دھنوان، نروگی ہوتا ہے۔ اور اس کا چھوٹا بھائی مرتا ہے۔

## سنیچر کا خانۂ چہارم (خانۂ سکھ) میں پھل

پڑے جس کے خانۂ چہارم شنی
رہے اُس کی ماں باپ سے دشمنی
نہ پاوے وہ زر جو پتانے دھرا
مکاں سے بھی باہر کیا جا کھڑا
تنازعہ سے ہو بھائیوں سے گمان
علیحدہ بنا دے وہ اپنا مکاں
سواری کی جانب سے نقصان ہو
و سر درد بھی خطرۂ جان ہو

## سنیچر کا خانۂ پنجم (خانۂ فرزند) میں پھل

سنیچر پڑے خانۂ پنجم میں جو
تو اولاد کی اُس کو تکلیف ہو
جمع زر نہ ہو پاس کرنے کو دان
دھرم شاستروں میں وہ ہو بدگمان
کمر میں درد اور سینہ میں جان
تنازعہ رہے بھائیوں سے بجان
اُسے منتر کی سدھ میں کلیش ہو
بنا پھل نہ ہو بات بولے جو وہ

## سنیچر کا خانۂ ششم (خانۂ دشمن) میں پھل

سنیچر پڑے چھٹے خانہ جہاں — تو اُس شخص کے جگ میں دشمن کہاں
نہ چوروں کی دہشت نہ راجہ کا ڈر — نہ ماموں کا ہو اُس کے دنیا میں گھر
گئو بھینس کا سُکھ ہمیشہ رہے — مگر جان کا بھی اندیشہ رہے
نہ ہووے شریف اور عاقل بڑا — نہ ہو کوئی یودھا مقابل کھڑا

نوٹ :۔ پاؤں میں تکلیف ہوا کرتی ہے۔

## سنیچر کا خانۂ ہفتم (خانۂ عورت) میں پھل

شنی آ پڑے جس کے ہفتم سجان — ملے ناری سُندر بڑی بھاگوان
ذرد ،، ست اُسکے نہ قائم رہیں — وُہ خود اور ناری مصیبت سہیں
نہ قائم بھی اس کا رہے روزگار — نہ دیکھے کسی وقت عیش و بہار
وہ ہو لالچی سست اور ناتواں — زِناکار ہو سکے نہ ہو در جہاں

نوٹ :۔ اگر ساتویں سنیچر ہو، تو اُس کی زوجہ بگڑنے کا ڈر ہے اگر شبھ گریہ کی درشٹی نہ ہو۔

## سنیچر کا خانۂ ہشتم (خانۂ موت) میں پھل

سنیچر جہاں خانۂ ہشتم پڑے — تو سنتوں سے اُس کو علیحدہ کرے
بُرے کاموں میں ہو ذر اُسکا خراب — شب و روز دل پر رہے اضطراب
معہ زوجہ وُہ شخص بیمار ہو — مگر نکتہ چینی میں ہوشیار ہو
نہ در پھند میں وہ کسی کے پھنسے — سبھی پھل کی باتیں اُسی میں بسے

## سنیچر کا خانۂ نہم (خانۂ بھاگ) میں پھل

نویں گھر میں آکر شنی جو پڑے — تو وہ یوگ ودّیا کی باتیں کریں
نفس کو وہ مارے علیحدہ کرے — وہ ویدانت چرچا سُنے اور کہے
کرے جو وہ اپنی طرف سے بھی کام — کہ عُمدہ نصیحت میں ہو نیک نام
دہتروں کے دُکھ سے دُکھی اسکو جان — یاسنیاس دھارن کرے وہ بجان

نوٹ :۔ اگر سنیچر نویں ہو، تو رشک کرنے والا شخص ہوتا ہے۔

## سنیچر کا خانۂ دہم (خانۂ راجدربار) میں پھل

جو خانۂ دہم میں شنی آ پڑے — تو اس شخص کی والدہ دُکھ بھرے
وہ پرورش ہووے اجا شیر سے — نہیں تو کسی اور تدبیر سے
و والد کو بھی طفل ناقص یہ جان — نہ بچپن میں اُسکے بچے اُسکی جان
مگر دوسرے مُنی کہیں یہ سنا — کہ زندہ رہیں اُسکے والد و ماں
وہ حاصل کرے باپ کا زر و مال — مگر اسپ یا آگ ہووے وبال
یا ہو موت اُسکی ملازم کے ہاتھ — کہ یا ڈوبتا ہے ختم ہو حیات

نوٹ :۔ بغیر مطلب کے دوسروں سے لڑنے کیلئے تیار ہوتا ہے۔

## سنیچر کا خانۂ یازدہم (خانۂ لابھ) میں پھل

شنی پڑے گیارہویں خانہ میں جو — تو اس کی عمر مال و زر طول ہو
کوئی مرض اس کے بدن میں نہ ہو — مگر اس کو فرزند سے سُکھ کی ہان
وہ مردم ہزاروں میں چالاک ہو — وہ مستقل شخص اور پاک ہو

## سنیچر کا خانۂ دوازدہم (خانۂ خرچ) میں پھل

پڑے بارہویں جسکے شمس پسر — کرے اس کو بزدل و بے شرم تر
دنیز اس کی زوجہ نہ پاوے آرام — پھر جا بجا گھر نہ ہووے قیام
وہوں چشم چھوٹے و پیشانی کم — چھپے دشمنوں سے ہو دل پر وہم
اگر یہ اپنے ہی گھر کا پڑے — تو دولت ہو زیادہ دھرم جگیہ کرے

## راہو کا خانۂ اوّل (خانۂ تن) میں پھل

پڑے راہو در خانۂ اوّل میں آ — نہ ہو وہ کسی شخص سے بے وفا
کرے اپنے کاموں کو وہ ٹھیک ٹھیک — ہُنر میں وہ ہو سب طرح سے لئیق
کرے کام سب وہ احتیاط سے — و شادی کرے چند عورات سے
نہ آوے کبھی در کسی کے وہ پھند — کرے زیر دشمن کو اقبال مند

نوٹ :۔ اگر لگن میں راہو ہو، تو پیٹ کی تکلیف ہوا کرتی ہے۔

## راہو کا خانۂ دوئم (خانۂ دھن) میں پھل

جو خانہ خزانے میں راہو پڑے — زر و مال کی وہ حفاظت کرے
وُہ ہو لگن گو اور بے خوف تر — کبھی اُس کے دل پر نہ ہووے فکر
برادر نہ بھائی کوئی اُس کا جان — اگر ہوئے تو اُس کے رہے نہ مان
نہ غیروں کے قابو میں ہو کر رہے — وہ اختیار کو اپنے کھو کر رہے

## راہو کا خانۂ سوئم (خانۂ برادر) میں پھل

پڑے راہو در خانہ سوئم میں جو — تو وہ شخص ہووے زور اور
وُہ ہو خوش نصیب اور سادہ پسند — رکھے سب سے اُلفت دلی عقلمند
رہے مال سے اس کا بھنڈار پور — فکر بھائی کا اس کو ہووے ضرور

## راہو کا خانۂ چہارم (خانۂ سکھ) میں پھل

اگر راہو در خانۂ چہار ہو — بڑھے تن میں جو الادبیار ہو
رہے والدہ در مصیبت مدام — کبھی دل پر شعلہ کبھی ہو زکام
اگر راہو در میکھ یا کرک ہو — تو اوّل کی تحریر کل ترک ہو
وکنیا متھن میں یہی حال ہو — جو ان چار میں ہو تو پُر مال ہو

## راہو کا خانۂ پنجم (خانۂ فرزند) میں پھل

اگر خانۂ پنجم پڑے راہو آ — تو اس شخص کو جان کم یا ضمہ
و اولاد اس کے ہووے پسر — رہے اس کی زوجہ کو کلیش و فکر
کما دے وہ کم زوجہ ہوشیار ہو — کہ کچھ کو کھ میں اُس کے آزار ہو

نوٹ :۔ اولاد کی طرف سے اُس کی نالائقی کی وجہ تکلف رہے۔

## راہو کا خانۂ ششم (خانۂ دشمن) میں پھل

جب خانہ ششم میں پڑے راہو جان — تو وُہ ہو زر وار و دولت کی کان
قدیم و دلاور عقل مند ہو — کہ دیکھے سے دشمن کا دم بند ہو
کہ تکلیف دشمن سے آزار ہو — دہر آن میں اس کا دل شاد ہو

نوٹ :۔ مویشی کی ہانی اور کمر میں تکلیف رہے۔

## راہو کا خانۂ ہفتم (خانۂ عورت) میں پھل

پڑے راہو در خانۂ ہفتم جہاں — مصیبت ہے اُس کو رہائی کہاں
کہ پیشاب کے مرض سے جن مرے — کہو کون اس کی مدد پھر کرے
و سب جاہیوں سے تنازعہ رہے — نہ اس کی سُنے کچھ نہ اپنی کہے
جن ۔ زوجہ — زوجہ جھگڑالو اور روگن ہووے

## راہو کا خانۂ ہشتم (خانۂ موت) میں پھل

پڑے لگن سے جس کے ہشتم میں راہ — تو خاطر کریں اس کی براہمن و شاہ
ایک بار رتبہ بڑھے بے شمار — جو دشمن کو سن کر کے آئے بخار
مگر بعد میں اس پہ آئے زوال — کرے ترک بھائی سواری نہ مال
کرے سخت محنت و بیمار ہو — کہ سردی سے اس کو کچھ آزار ہو

نوٹ :۔ خفیہ مرض کی تکلیف و پیٹ میں وایو گولا رہے

## راہو کا خانۂ نہم (خانۂ بھاگیہ) میں پھل

اگر راہو خانۂ نہم میں پڑے — تو اس شخص کی خوب عزت بڑھے
کرے پاٹھ پوجن دھرم اور دان — و تیرتھ، برت اور گنگا اشنان
عقل و ہنر سے وہ ہو نام ور — و پاوے نفع اس کے بھائی پسر
رحم اس کے دل پر رہے روز و شب — کہ غیروں کے کاموں کو وہ ٹالے کب

نوٹ :۔ بزرگوں سے دروودھ رہے، اور دھن کی ہانی ہو۔

## راہو کا خانۂ دہم (خانۂ راجدربار) میں پھل

اگر راہو خانۂ دہم میں پڑے — تو عورت خوش رو سے محبت کرے
زر و مال ضائع ہو اس کام سے — کہ ہو فائدہ اس کو اسلام سے
وہ بھائی کی جانب سے رنجیدہ ہو — مگر آدمی دل سے سنجیدہ ہو

نوٹ :۔
فضول خرچ ہو۔ اور والد کی طرف سے سکھ نہ ہو

N

## راہو کا خانہ یازدہم (خانہ لابھ) میں پھل

اگر خانہ گیارہ میں راہو پڑے | بذریعہ سلطان عزت بڑھے
واولاد کی اس کو افراط ہو | خوشی اس کے دل پر دن ورات ہو
زر ومال سے خانہ بھر پور ہو | خوشی میں دیوانہ و مغرور ہو
پسر ہوویں زیادہ و دختر ہوں کم | و نوکر رہیں ساتھ میں دم بدم

## راہو کا خانہ دوازدہم (خانہ خرچ) میں پھل

پڑے خانہ بارہ میں راہو جہاں | تو اس شخص کو کامیابی کہاں
خوشامد سے اپنا نکالے وہ کام | بغل میں درد اس کے ہو لا کلام
شریفوں سے دل سے حسد سا ہے | بدوں سے ملے اور دل کی کہے
مگر ہووے آخیر میں کامیاب | ہو تدبیر اس کی قریب الشتاب

نوٹ:۔ کبھی آنکھوں یا پیروں میں روگ رہے۔

## کیتو کا خانہ اوّل (خانہ تن) میں پھل

اگر لگن میں کیتو آکر پڑے | ترک بھائیوں کی محبت کرے
فکر نار پتروں کا ہو دم بدم | و شا کیتو کی میں کبھی ہو نہ کم
کبھی اس کے بھائی کو کبھی اس کو بخار | کبھی ہووے کھانسی و دم کا آزار

## کیتو کا خانہ دوئم (خانہ دھن) میں پھل

اگر خانہ دوئم میں کیتو پڑے | تو کنبے کے لوگوں سے کیوں نہ لڑے
زباں سخت ہو اور منہ میں آزار | نہ ہو کوئی پیشہ، نہ ہو روزگار
اگر کیتو ہو اپنے گھر کا سجان | تو آنند بھوگے ہو عزت و مان
و دُبدھا رہے شاہ کی اور سے | کرے ناش دھن و آن کا زور سے

## کیتو کا خانہ سوئم (خانہ برادر) میں پھل

جہاں کیتو در خانہ سوئم سجان | پڑے تو کرے دشمنوں کی وہ ہان
کمر بانہہ میں وایو کا درد ہو | تکلیف سے رہا ہووے کب مرد وہ
زر و پارچے سے وہ ہووے خوشحال | برادر ہو تکلیف سے کب بحال
مگر فکر ایک اس کے دل پر رہے | کسی سے نہ کچھ اس کی نسبت کہے

## کیتو کا خانہ چہارم (خانہ سکھ) میں پھل

پڑے کیتو در خانہ چوتھے جہاں | برادر و ماں باپ کو سکھ کہاں
مکاں پر لگے دل نہ اس کا ذرا | فکر سے کمانے کی ہو دل بھرا
اگر لگن چوتھے متھن ہو یا مین | تو ہو الٹا پھل یہ کرو تم یقین
وہ ماں باپ کو سب طرح خوش کرے | کما کر وہ زر اُن کے آگے دھرے

## کیتو کا خانہ پنجم (خانہ فرزند) میں پھل

جو ہو خانہ پنجم میں کیتو سجان | تو اس شخص کی عقل کم تیز جان
جو اولاد بھی اس کے بیٹوں کی کم | اگرچہ ہو پُر زور اس کا جسم
کم عقلی سے ہووے کہیں پر زخم | رہے درد وایو کا بھی در شکم
کرے داس کے کام سے وہ گزر | نہ دیکھے کبھی عیش وہ عمر بھر

## کیتو کا خانہ ششم (خانہ دشمن) میں پھل

جس کے گھر آ کر چھٹے کیتو باس | تو ہو اُس کے ماموں و دشمن کا ناش
مگر آپ خود وہ رہے تندرست | کہ دُکھ درد اس کے ہو جائیں پست
مویشی بھی اس کے نہ ہووے سجان | اگر ہووے بھی تو مصیبت میں جان

## کیتو کا خانہ ہفتم (خانہ عورت) میں پھل

اگر کیتو در خانہ ہفتم پڑے | تو دُکھ درد ناری پسر کو کرے
ہو دہشت نہایت اسے راہ میں | گرے درندی یا کہیں چاہ میں
اگر کیتو برشچک کا ہو کر پڑے | نتیجہ بھلا جب وہ پیدا کرے

## کیتو کا خانہ ہشتم (خانہ موت) میں پھل

جو کیتو پڑے خانہ ہشتم میں آ | تو اُس شخص کے روگ ہو در گزر گیا
سواری وغیرہ سے گرنے کا ڈر | بسے اس کے دل پر نہ کام آئے زر

نوٹ:۔
اگر کیتو آٹھویں میکھ، برشچک، کنیا یا متھن کا ہو تو شبھ پھل کرے، سب خواہشیں پوری ہوں۔

## کیتو کا خانہ نہم (خانہ بھاگیہ) میں پھل

نویں گھر میں جو ہووے دُم لہو کی | بھجن دان کرنے سے ہووے ہنسی
جو ہو دل میں غم فکر کل وہ ہرے | و خواہش پسر کی وہ پیدا کرے
وسیلے سے اسلام کے زر و مال | کرے خوب حاصل، رہے شاد حال

## کیتو کا خانہ دہم (خانہ راجدربار) میں پھل

اگر کیتو، خانہ دسویں سجان | پڑے تو کرے باپ کے سکھ کی ہان
نہ ہو خوبصورت نہ دل شاد ہو | سواری و سکھ سے وہ آزاد ہو
جو کنیا، برشچک، میکھ، برکھ کا پڑے | تو قابو میں کل دشمنوں کو کرے

## کیتو کا خانہ یازدہم (خانہ لابھ) میں پھل

پڑے کیتو در خانہ گیارہ میں آ | تو تلسی بدن چہرہ ہو چاند سا
و پوشاک بھی اس کی اعلیٰ رہے | تکلف میں سب سے نرالا رہے
نصیب و عقل علم کی ہووے کان | شکل قابل دید ہووے سجان
بڑا مرتبہ دنیا میں نامور | مگر شش اس کے نہ ہووے پسر

## کیتو کا خانہ دوازدہم (خانہ خرچ) میں پھل

اگر کیتو در خانہ بارہ پڑے | ہو مغلوب دشمن جو اس سے لڑے
مثل شاہ کے اس کا ہو کاروبار | و آمد و خرچ مال ہو بے شمار
مگر جائے پوشیدہ میں روگ ہو | و جو جس کی تکلیف و دکھ بھوگ ہو
و چشموں میں بھی اسکے تکلیف جان | نہ ماموں سے سکھ اسکو ہووے سجان

**نوٹ:۔** یہ ۹ نو گرہوں کا جو پھلا دیش ۱۲۔ بارہ خانوں کا نیک و بد علیحدہ علیحدہ لکھا گیا ہے۔ وہ سب اس گرہ کی پوزیشن کے مطابق (نیچ، اُونچ، نوانش۔ میں شبھ اشبھ کی۔ وجہ سے) کم و بیش بھی ہوتا ہے، سو تمام باتیں سپشٹ دیکھنے سے باریکی طور پر وچار سے ملیں گی۔ یہ حساب لگن کے حساب سے مانا گیا ہے۔ راشیوں کے حساب سے نہیں۔ مثلاً ۔ لگن کنبھ یعنی (۱۱) ہے۔ تو اس کو ایک اسے شمار کیا جائے گا۔ کیونکہ وہ پہلا خانہ لگن کا ہوتا ہے۔

# پرشن وچار

سب سے پہلے ہر ایک سائیل کو چاہیئے کہ اپنے اِشٹ دیو جی کے پوتر چرنوں میں دھیان لگا کر اور شردھا کے موجب بھینٹ رکھ کر جو بھی دل میں اُمنگ ہو وُہ کسی علیٰحدہ کاغذ یا سلیٹ پر نوٹ کر لیوے۔ پھر ذیل میں دیئے ہوئے بیس پرشن پھلوں میں دیکھے۔ کہ کون سے پرشن نمبر کا میرا سوال ہے۔ آیا نوکری پرشن ہے۔ یا شادی کا۔ وغیرہ وغیرہ۔ پھر مندرجہ ذیل چار زائچوں میں نمبروار کسی ایک ہندسے پر انگلی رکھے۔ پہلے آبی زائچہ میں، دوسری دفعہ بادی زائچہ میں، تیسری دفعہ خاکی زائچہ میں، اور چوتھی دفعہ آتشی زائچہ میں انگلی رکھے۔ ان چاروں زائچوں میں جن جن ہندسوں پر نمبروار انگلی رکھی گئی ہو، اُن اُن ہندسوں کو جمع کر لو۔ پھر حاصل جمع کو نَو پر تقسیم کرو۔ جو ہندسہ باقی بچے اس کو نوٹ کر لو۔ پھر سائیل کے سوال کا پرشن نمبر دیکھو کہ کون سا ہے۔ اُس پرشن نمبر کے ۹ ہندسوں میں سے جہاں بھی وہ ہندسہ ملے وہی سائیل کا جواب ہوگا۔ مثلاً سائیل کا سوال شادی کا ہے۔ ہوگی، یا نہ، اگر ہوگی تو کب۔ فرض کیا کہ سائیل نے ترتیب وار پہلے آبی زائچہ میں انگلی رکھی۔ جس خانہ کا نمبر ۸ ہے۔ پھر بادی زائچہ میں انگلی رکھی۔ جس خانہ کا نمبر ۵ ہے۔ پھر خاکی زائچہ میں انگلی رکھی۔ جس خانہ کا نمبر ۶ ہے۔ چوتھی دفعہ آتشی زائچہ میں انگلی رکھی جس کا کہ نمبر ۹ ہے۔ اب قانونِ قدرت کے موجب ان چاروں ہندسوں کو جمع کر لیا۔ ۸+۵+۶+۹ تو حاصل جمع ۲۸ ہوئے۔ پھر ۹ پر تقسیم کیا۔ باقی صرف ایک بچا۔ اب ذیل میں دیکھیں۔ کہ شادی کا پرشن نمبر کون سا ہے۔ دیکھنے سے معلوم ہوا کہ شادی کا پرشن نمبر ۱ ہے۔ تو اُس گیارہویں نمبر کے جو ۹ خانوں میں علیٰحدہ علیٰحدہ پھل دیئے ہوئے ہیں اُن میں سے نمبر ۱ پر پھل دیکھا۔ وہاں لکھا ہے کہ شادی ہوگی، مگر ایک سال کے بعد ہوگی وغیرہ وغیرہ۔ نوٹ:- اگر ۹ پر تقسیم کرنے سے صفر باقی بچے تو وہی ۹ کا ہندسہ بچا ہوا سمجھنا چاہیئے۔

**زائچہ آبی**

| | | |
|---|---|---|
| ۸ | ۳ | ۴ |
| ۱ | ۵ | ۹ |
| ۶ | ۷ | ۲ |

**زائچہ بادی**

| | | |
|---|---|---|
| ۴ | ۹ | ۲ |
| ۳ | ۵ | ۷ |
| ۸ | ۱ | ۶ |

**زائچہ خاکی**

| | | |
|---|---|---|
| ۴ | ۳ | ۸ |
| ۹ | ۵ | ۱ |
| ۲ | ۷ | ۶ |

**زائچہ آتشی**

| | | |
|---|---|---|
| ۶ | ۱ | ۸ |
| ۷ | ۵ | ۳ |
| ۲ | ۹ | ۴ |

## دوست ملاپ پھل نمبر ۱

۱۔ دوست جلدی ملے گا۔
۲۔ دوست دھوکہ دینے والا ہے۔
۳۔ دوست دیر سے ملے گا۔
۴۔ دوست دھوکہ دے گا۔
۵۔ دوست جنتی ہے۔
۶۔ دوست خوف اور تکلیف میں ہے۔
۷۔ دوست اچھا ہے۔ جلدی ملے گا۔
۸۔ دوست مطلبی ہے۔
۹۔ دوست دوسرے سے میل جول رکھتا ہے۔

## سفر طے کرنے کا پھل نمبر ۳

۱۔ سفر سے فائدہ نہ ہوگا۔
۲۔ سفر میں آمد و خرچ برابر ہوگا۔
۳۔ سفر کے لئے مت جاؤ۔ نقصان ہوگا۔
۴۔ سفر کے لئے کسی اچھے دن جانے سے فائدہ ہوگا۔
۵۔ سفر عجیب شکل کا ہوگا۔
۶۔ سفر میں شگن وچار کرنے سے فائدہ ہوگا۔
۷۔ سفر آپ کے لئے تکلیف دینے والا ہے۔
۸۔ سفر آرام سے طے ہوگا۔
۹۔ سفر میں اچھی کامیابی ہوگی۔ لیکن خرچ ضرور ہوگا۔

## سودا کے نفع یا نقصان کا پھل نمبر ۵

۱۔ سودا میں اچھا نفع ملے گا۔
۲۔ سودا میں بالکل لابھ نہ ہوگا۔
۳۔ سودا میں سراسر نقصان ہوگا۔
۴۔ سودا سے چوری یا نقصان کا ڈر ہے۔
۵۔ سودا میں ساجھی یا بیوپاری دھوکا دے گا۔
۶۔ سودا سے سوایا نفع ہوگا۔
۷۔ سودا سے دیر پاکر نفع ہوگا۔
۸۔ سودا خریدنا فائدہ مند نہیں۔ بلکہ بیچو۔
۹۔ سودا کرنے سے زیادہ نفع ہے۔

## مقدمہ کا پھل نمبر ۲

۱۔ مقدمہ کا فیصلہ دیر میں ہوگا
۲۔ مقدمہ میں جیت ہوگی
۳۔ حاکم دُرست فیصلہ نہ کرے گا۔
۴۔ مقدمہ میں صلح ہو جائے گی۔
۵۔ مقدمہ میں زیادہ خرچ کرنے سے فتح ملے گی۔
۶۔ مقدمہ میں دُکھ زیادہ ہوگا۔
۷۔ مقدمہ میں ہار ہوگی۔
۸۔ مقدمہ میں صلح نہ ہوگی۔
۹۔ مقدمہ کا فیصلہ پنچایت کروا دے گی۔

## مویشی خریدنے کا پھل نمبر ۴

۱۔ مویشی خریدنا فائدہ مند ہوگا۔
۲۔ مویشی خریدنے سے نہ فائدہ نہ نقصان ہوگا۔
۳۔ مویشی خریدنا فائدہ مند نہیں ہے۔
۴۔ مویشی خریدنا ہی درست نہیں۔
۵۔ مویشی خریدنے سے ضرور فائدہ ہوگا۔
۶۔ مویشی کی خرید و فروخت آجکل درست نہیں۔
۷۔ مویشی مت خریدو۔ ورنہ پچھتاؤ گے۔
۸۔ مویشی سے دیر پاکر فائدہ ہوگا۔
۹۔ مویشی خریدنے سے فائدہ نقصان برابر۔ مت خریدو۔

## ملازمت کا پھل نمبر ۶

۱۔ آپ کو ملازمت ضرور ملے گی۔
۲۔ ملازمت دیر پاکر ملے گی۔
۳۔ ملازمت نہ ملے گی، ہوشیار رہو۔
۴۔ خرچ کرنے سے ملازمت ملے گی۔
۵۔ ملازمت کے لئے کہیں اور فکر کرو۔ یہاں کچھ نہیں ہے۔
۶۔ ملازمت میں دشمن رکاوٹ کرے گا۔ گریہ دان کرو
۷۔ ملازمت کسی دوسرے شخص کی مدد سے ملے گی۔
۸۔ ملازمت ملنے میں بہت رکاوٹیں پیدا ہوں گی۔
۹۔ ملازمت نہ ملے گی۔

## علمی امتحان کے متعلق پھل نمبر ۷

۱ - آپ کے پاس ہونے میں ابھی دیر ہے۔
۲ - آپ کو علم سے فائدہ نہ ہوگا۔
۳ - آپ کی دلی خواہشات علم کے متعلق پوری ہوں گی۔
۴ - آپ کو علم سے تھوڑا فائدہ ہوگا۔
۵ - آپ کو علم سے اچھا فائدہ ہوگا۔
۶ - آپ کو علم پاس کرنے میں تکلیف ہوگی
۷ - آپ اچھے درجہ میں پاس ہوں گے۔
۸ - آپ کو علم سے زیادہ فائدہ نہ ہوگا۔
۹ - آپ کو علم سے فائدہ نہ ہوگا۔

## مسافر کے حالات کے متعلق پھل نمبر ۸

۱ - مسافر پردیس سے جلدی آوے گا۔
۲ - مسافر بیمار ہے آنے سے مجبور ہے۔
۳ - مسافر راستہ میں آرہا ہے۔
۴ - مسافر دُور دراز سفر کرتا ہے۔
۵ - مسافر راستہ میں چوروں سے ٹھگا گیا۔
۶ - مسافر کا ارادہ ابھی آنے کا نہیں ہے۔
۷ - مسافر پردیس میں ہی خوش ہے۔
۸ - مسافر خرچ سے تنگ ہے۔ کس طرح آوے۔
۹ - مسافر کسی دوسرے کے بس میں ہے کیسے آوے

## دشمن کے متعلق پھل نمبر ۹

۱ - دشمن وحشت ہے۔ رعب میں نہ آوے گا
۲ - دشمن پر فتح ہووے گی۔
۳ - دشمن پر کسی دوست کی مدد سے فتح ہوگی۔
۴ - دشمن کمزور ہوگیا ہے، آپ ڈرو مت۔
۵ - دشمن کا ڈر ہے۔ بھروسہ مت کرو۔
۶ - دشمن کا ڈر کسی سرکاری کارروائی کے ذریعہ دور ہوگا۔
۷ - دشمن سے صلح ہوجائے گی۔
۸ - دشمن کی وجہ سے روپے پیسے کی بربادی ہوگی۔
۹ - دشمن خود صلح کرے گا۔

## اولاد کے متعلق پھل نمبر ۱۰

۱ - اولاد ہوگی۔ بشرطیکہ عورت کی مرض کا علاج کرواؤ۔
۲ - لڑکی ہوگی۔
۳ - لڑکا ہوگا، مگر کم عمر والا
۴ - اولاد پیدا ہونے میں ابھی دیر ہے۔
۵ - عقلمند لڑکا پیدا ہوگا۔
۶ - اولاد نہ ہوگی۔
۷ - اولاد ہوگی، مگر بے عقل، یا بدصورت۔
۸ - اولاد کا سکھ پچھلی عمر میں ہے۔
۹ - اولاد کے لئے اپنے اشٹ دیو کی پوجا کرو۔ ہوجائے گی۔

## شادی کے متعلق پھل نمبر ۱۱

۱ - شادی ایک سال کے بعد ہوگی۔
۲ - شادی شدہ عورت بدصورت یا جھگڑالو ہوگی۔
۳ - شادی ہونا ناممکن ہے۔
۴ - شادی ضرور ہوگی، اور جلدی ہوگی۔
۵ - شادی میں منگل گریہ رکاوٹ کرتا ہے دان کرو۔
۶ - شادی ہوگی۔ مگر گریہ کی بُری نظر گذر جانے کے بعد۔
۷ - شادی کچھ خرچ کرنے سے ہوگی۔
۸ - شادی ہونے میں کچھ دیر ہے۔
۹ - شادی شدہ عورت باشعور ہوگی۔

## گم شدہ اشیا کے متعلق پھل نمبر ۱۲

۱ - چیز جلدی ملے گی۔ چور عورت ہے۔
۲ - چیز ملے گی۔ مگر خرچ کرنے کے بعد۔
۳ - چیز کا پتہ کھل جائے گا۔ لیکن مال نہ ملے گا۔
۴ - چور پختہ ہے، پتہ نہ ملے گا۔
۵ - چیز کسی کی مدد سے ملے گی۔
۶ - چیز چور نے کسی دوسرے کے سپرد کردی ہے۔
۷ - چیز کا آدھا حصہ برباد ہوچکا ہے۔
۸ - چیز نہ ملے گی، امید نہ کرو
۹ - چیز مل جائے گی۔ کیونکہ چور نیا ہے۔

## مریض کی حالت کے متعلق پھل نمبر ۱۳

۱ - مرض دیر تک رہے گی۔
۲ - مریض کو خراب گریہ لگا ہوا ہے۔ کچھ اُپاؤ کرو۔
۳ - یہ مرض دیوتا کی ناراضگی کی وجہ سے ہوئی ہے۔
۴ - مریض کو جلدی آرام ہوگا۔
۵ - مریض کی جگہ بدل دو۔
۶ - مریض بدپرہیز ہے۔
۷ - مریض کو تھوڑے دنوں کی تکلیف ہے۔ فکر نہ کرو۔
۸ - مریض کو صحت خرچ کرنے سے ہوگی۔
۹ - مریض کو آرام ہونا ناممکن ہے۔

## دلی خواہش کے متعلق پھل نمبر ۱۴

۱ - آپ کی دلی خواہش پوری ہوگی۔
۲ - آپ کی خواہش پوری ہونے میں ابھی دیر ہے۔
۳ - آپ کی دلی خواہش کا نتیجہ بد ہوگا۔
۴ - آپ اپنی دلی خواہش پورا کرنے کیلئے دوسرے کا بھروسہ نہ کرو۔
۵ - آپ کی خواہش پوری ہوگی۔ ڈرو مت
۶ - آپکی دل کی دل ہی میں رہ جائے گی۔
۷ - آپکو کسی بڑے آدمی سے واسطہ پڑ گیا ہے۔
۸ - آپ کی خواہش دیر پاکر پوری ہوگی۔
۹ - ذرہ سچا ہے۔ انتظام کرنے سے آرام ہوجائے گا۔

## حمل کے متعلق پھل نمبر ۱۵

۱ - حمل کے پورے دن خیر و خوبی سے گذریں گے۔
۲ - حمل میں لڑکی ہوگی۔
۳ - حمل میں عقلمند لڑکا ہے۔
۴ - حمل سے مردہ لڑکی پیدا ہوگی۔
۵ - حمل گرتا ہوا نظر آتا ہے۔
۶ - حمل سے لڑکا پیدا ہوگا۔
۷ - حمل سے عمر دراز لڑکا پیدا ہوگا۔
۸ - حمل میں لڑکیوں کا جوڑا ہے۔
۹ - حمل میں ایک لڑکا اور ایک لڑکی ہے۔

## قرض لینے اور دینے کے متعلق پھل نمبر ۱۶

۱ - قرض کا لین اور دین دونوں کام اچھے ہیں۔
۲ - [illegible]
۳ - قرض لین دین کا نتیجہ اچھا نہیں۔
۴ - قرض لین دین سے آخر مشکل ہوگی۔
۵ - دیا سو کھویا، لیا سو کمایا۔
۶ - قرض لین دین میں نفع و نقصان برابر ہے۔
۷ - قرض لین دین میں کوئی حرج نہیں ہے۔
۸ - قرض لین دین کی وجہ سے آخر عدالت کا منہ دیکھنا پڑے گا۔
۹ - قرض لین دین سے نفع و نقصان برابر۔

## کھیتی کے متعلق پھل نمبر ۱۷

۱ - آپ کے لئے کھیتی میں فائدہ ہے۔
۲ - کھیتی نہ کرو۔ کال کا ڈر ہے
۳ - کھیتی سے نقصان ہوگا کیونکہ فصل کو کیڑہ لگنے کا ڈر ہے۔
۴ - کھیتی کرنے سے خواہش پوری ہوگی۔
۵ - کھیتی میں فائدہ ہوگا۔ مگر محنت سے۔
۶ - کھیتی میں فائدہ ہوگا، مگر ہوشیاری سے۔
۷ - کھیتی میں اولے پڑنے کا خطرہ ہے۔
۸ - کھیتی کو ہوا کے ذریعہ نقصان ہوگا۔
۹ - کھیتی مت کرو۔ آپ کو نقصان بہت ہوگا۔

## کشتی لڑنے کا پھل نمبر ۱۸

۱ - کشتی میں فتح ہوگی۔ بشرطیکہ اپنے اشٹ دیو کو مناؤ
۲ - خبردار دوسرا فریق طاقتور ہے۔
۳ - لڑو مت جھگڑا فساد ہونے کا خطرہ ہے۔
۴ - لڑائی جھگڑا کرنا آپ کو بُرا ہے۔
۵ - ہوشیار ہو کر لڑو جیت جاؤ گے۔
۶ - لڑنے سے کیوں گھبراتا ہے۔ فتح ہوگی۔
۷ - آپ کے کام میں دشمن رکاوٹ ڈالیگا، ہوشیار رہو
۸ - آپ کی ہار ہوگی
۹ - آپ کی جیت ہوگی۔

## فرزند کو گود میں لینے کے متعلق پھل نمبر ۱۹

۱ - گود لینے سے نام رہے گا۔
۲ - یہ لڑکا وفادار نہیں ہے۔
۳ - لڑکا خوش کروائے گا۔
۴ - لڑکا اچھا نہیں ہے۔
۵ - لڑکے کے ساتھ اچھی نبھے گی۔
۶ - ہوشیاری کے ساتھ لڑکا گود میں لینا۔
۷ - لڑکا محبت کرنے والا نہ نکلے گا۔
۸ - گھر میں ان بن رہے گی۔
۹ - لڑکا سکھ دینے والا نہیں ہے۔

## روزگار کے متعلق پھل نمبر ۲۰

۱ - آپ کے لئے جلدی ہی اچھا روزگار ملے گا۔
۲ - زیادہ محنت کرنے سے روزگار ملے گا
۳ - کسی طرح کی ٹھیکیداری کرنے سے روزگار ملے گا۔
۴ - آپکو پانی، مٹی اور کوئلہ کے ذریعہ روزی ملے گی۔
۵ - اب اس بیوپار سے روزگار نہ ہوگا۔ کیونکہ ہانی ہے۔
۶ - روزگار میں دشمن نقصان دیں گے۔ ہوشیار رہو۔
۷ - آپ کے لئے روزگار ٹھیک ہونے میں دیر ہے۔
۸ - کھوٹے گریہ کی وجہ سے روزگار میں خلل ڈالتی ہے، ابھی چپ ہو۔
۹ - روزگار کی بابت جو وچار کی گئی ہے وہ پوری نہ ہوگی۔

## اپنے اپنے علاقہ کی بارش معلوم کرنے کا طریقہ

| | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| دسمبر | ۱ | ۲ | ۳ | ۴ | ۵ | ۶ | ۷ | ۸ | ۹ | ۱۰ | ۱۱ | ۱۲ | ۱۳ | ۱۴ | ۱۵ | ۱۶ | ۱۷ | ۱۸ | ۱۹ | ۲۰ | ۲۱ | ۲۲ | ۲۳ | ۲۴ | ۲۵ | ۲۶ | ۲۷ | ۲۸ | ۲۹ | ۳۰ | ۳۱ |
| جون۔جولائی | ۱۴ جون | ۱۵ | ۱۶ | ۱۷ | ۱۸ | ۱۹ | ۲۰ | ۲۱ | ۲۲ | ۲۳ | ۲۴ | ۲۵ | ۲۶ | ۲۷ | ۲۸ | ۲۹ | ۳۰ | ۱ جولائی | ۲ | ۳ | ۴ | ۵ | ۶ | ۷ | ۸ | ۹ | ۱۰ | ۱۱ | ۱۲ | ۱۳ | ۱۴ |
| جنوری | ۱ | ۲ | ۳ | ۴ | ۵ | ۶ | ۷ | ۸ | ۹ | ۱۰ | ۱۱ | ۱۲ | ۱۳ | ۱۴ | ۱۵ | ۱۶ | ۱۷ | ۱۸ | ۱۹ | ۲۰ | ۲۱ | ۲۲ | ۲۳ | ۲۴ | ۲۵ | ۲۶ | ۲۷ | ۲۸ | ۲۹ | ۳۰ | ۳۱ |
| جولائی۔اگست | ۱۵ جولائی | ۱۶ | ۱۷ | ۱۸ | ۱۹ | ۲۰ | ۲۱ | ۲۲ | ۲۳ | ۲۴ | ۲۵ | ۲۶ | ۲۷ | ۲۸ | ۲۹ | ۳۰ | ۳۱ | ۱ اگست | ۲ | ۳ | ۴ | ۵ | ۶ | ۷ | ۸ | ۹ | ۱۰ | ۱۱ | ۱۲ | ۱۳ | ۱۴ |
| فروری | ۱ | ۲ | ۳ | ۴ | ۵ | ۶ | ۷ | ۸ | ۹ | ۱۰ | ۱۱ | ۱۲ | ۱۳ | ۱۴ | ۱۵ | ۱۶ | ۱۷ | ۱۸ | ۱۹ | ۲۰ | ۲۱ | ۲۲ | ۲۳ | ۲۴ | ۲۵ | ۲۶ | ۲۷ | ۲۸ | | | |
| اگست۔ستمبر | ۱۵ اگست | ۱۶ | ۱۷ | ۱۸ | ۱۹ | ۲۰ | ۲۱ | ۲۲ | ۲۳ | ۲۴ | ۲۵ | ۲۶ | ۲۷ | ۲۸ | ۲۹ | ۳۰ | ۳۱ | ۱ ستمبر | ۲ | ۳ | ۴ | ۵ | ۶ | ۷ | ۸ | ۹ | ۱۰ | ۱۱ | ۱۲ | ۱۳ | ۱۴ |
| مارچ | ۱ | ۲ | ۳ | ۴ | ۵ | ۶ | ۷ | ۸ | ۹ | ۱۰ | ۱۱ | ۱۲ | ۱۳ | ۱۴ | ۱۵ | ۱۶ | ۱۷ | ۱۸ | ۱۹ | ۲۰ | ۲۱ | ۲۲ | ۲۳ | ۲۴ | ۲۵ | ۲۶ | ۲۷ | ۲۸ | ۲۹ | ۳۰ | ۳۱ |
| ستمبر۔اکتوبر | ۱۲ ستمبر | ۱۳ | ۱۴ | ۱۵ | ۱۶ | ۱۷ | ۱۸ | ۱۹ | ۲۰ | ۲۱ | ۲۲ | ۲۳ | ۲۴ | ۲۵ | ۲۶ | ۲۷ | ۲۸ | ۲۹ | ۳۰ | ۱ اکتوبر | ۲ | ۳ | ۴ | ۵ | ۶ | ۷ | ۸ | ۹ | ۱۰ | ۱۱ | ۱۲ |
| اپریل | ۱ | ۲ | ۳ | ۴ | ۵ | ۶ | ۷ | ۸ | ۹ | ۱۰ | ۱۱ | ۱۲ | ۱۳ | ۱۴ | ۱۵ | ۱۶ | ۱۷ | ۱۸ | ۱۹ | ۲۰ | ۲۱ | ۲۲ | ۲۳ | ۲۴ | ۲۵ | ۲۶ | ۲۷ | ۲۸ | ۲۹ | ۳۰ | |
| اکتوبر۔نومبر | ۱۳ اکتوبر | ۱۴ | ۱۵ | ۱۶ | ۱۷ | ۱۸ | ۱۹ | ۲۰ | ۲۱ | ۲۲ | ۲۳ | ۲۴ | ۲۵ | ۲۶ | ۲۷ | ۲۸ | ۲۹ | ۳۰ | ۳۱ | ۱ نومبر | ۲ | ۳ | ۴ | ۵ | ۶ | ۷ | ۸ | ۹ | ۱۰ | ۱۱ | ۱۲ |

**نقشہ۔ بارش سے بارش معلوم کرنے کا طریقہ :۔** دسمبر، جنوری، فروری، مارچ ان چار مہینوں کی تاریخوں میں جہاں جہاں بارش ہوتی ہے اس کے حساب سے ہی موسم برسات یعنی جولائی، اگست، ستمبر، اکتوبر ان چار مہینوں میں اکثر وہاں بارش ہوا کرتی ہے۔ پراچین جیوتش کے اصول سے آج کل کے وقت کے مطابق ۱۷ دسمبر کے بعد ہی ہندوستان میں سردیوں میں بارش ہونے کا عام اصول ہے۔ فرض کرو کہ ۱۹ دسمبر میں موسم سرما میں لدھیانہ میں بارش ہوتی تو موسم برسات میں وہاں ۲ جولائی کو بارش ہوگی۔ اس طرح اگر موسم سرما میں ۱۵ جنوری کو دہلی میں بارش ہوئی تو اوپر دیے گئے نقشہ کے مطابق وہاں موسم برسات میں ۲۹ جولائی کو بارش ہوگی اس لحاظ سے اگر موسم سرما میں ۴ فروری کو کسی جگہ پر بارش ہوئی تو وہاں ۱۵ ستمبر کو بارش ہوگی۔ اس میں جیوتش شاستر کے سائنس کا اصول یہ بھی ہے کہ اوپر لکھی موسم سرما کی بارش والی جن جن تاریخوں میں ست بھکھا، سیتا، مگھر، سراتی، آردرا نکھشتر پڑ جاویں اور ان تاریخوں وہاں بارش نہیں ہو جاوے تو آگے چل کر موسم برسات میں ان کے نیچے دی گئی تاریخوں میں بارش ضرور اور زیادہ ہوگی۔ کیونکہ یہ نکھشتر بہت بارش والے مانے گئے ہیں۔ اس طرح موسم سرما میں جن جن تاریخوں میں پوروا بھادرپدا، اترا بھادرپدا، پوروا پھالگنا، اترا پھالگن اور ریوتی نکھشتر پڑ جاویں اور ان تاریخوں کو بارش بھی ہو جاوے تو آگے موسم برسات میں جن مہینوں میں جو تاریخیں نقشہ میں دی گئی ہیں ان تاریخوں کو کئی دنوں کی بارش کی جھڑی لگے گی۔ اگر اوپر دی گئی موسم سرما کی تاریخوں کو جیٹھ بل کے پوروا، اترا دونوں بارش ہو جاوے تو موسم برسات میں ان تاریخوں میں بارش کم اور بعض اوقات نہیں بھی ہوگی۔

## سود معلوم کرنے کا طریقہ

| فی سیکڑہ سالانہ | | ایک روز کا | ایک ہفتہ کا | | ایک مہینہ کا | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| روپیہ | آنہ | پائی | آنہ | پائی | آنہ | پائی |
| ۰ | ۸ | ۱/۴ | ۰ | ۱ ۳/۴ | ۰ | ۸ |
| ۱ | ۸ | ۳/۴ | ۰ | ۵ ۱/۲ | ۲ | ۰ |
| ۲ | ۰ | ۱ | ۰ | ۷ ۱/۲ | ۲ | ۸ |
| ۲ | ۸ | ۱ ۱/۴ | ۰ | ۹ ۱/۴ | ۳ | ۴ |
| ۳ | ۰ | ۱ ۱/۲ | ۰ | ۱۱ | ۴ | ۰ |
| ۳ | ۸ | ۱ ۳/۴ | ۱ | ۳/۴ | ۴ | ۸ |
| ۴ | ۰ | ۲ | ۱ | ۲ ۳/۴ | ۵ | ۴ |
| ۴ | ۸ | ۲ ۱/۲ | ۱ | ۴ ۱/۲ | ۶ | ۰ |
| ۵ | ۰ | ۲ ۱/۲ | ۱ | ۶ ۱/۲ | ۶ | ۸ |
| ۵ | ۸ | ۲ ۳/۴ | ۱ | ۸ | ۷ | ۴ |
| ۶ | ۰ | ۳ | ۱ | ۱۰ | ۸ | ۰ |
| ۶ | ۸ | ۳ ۱/۲ | ۱ | ۱۱ ۳/۴ | ۸ | ۸ |
| ۷ | ۰ | ۳ ۳/۴ | ۲ | ۱ ۳/۴ | ۹ | ۴ |
| ۷ | ۸ | ۳ ۳/۴ | ۲ | ۳ ۳/۴ | ۱۰ | ۰ |
